کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعہ 26 شوال 1446ھ 25 اپریل 2025ء صفحات 08 | شمارہ 297

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

مشترکہ مفادات کونسل میں اتفاق رائے تک نئی نہریں نہیں بنیں گی، وزیراعظم شہباز شریف کی بلاول بھٹو کے ہمراہ پریس کانفرنس

(ن) لیگ اور پی پی کے درمیان آج ہونیوالی ملاقات میں باہمی رضامندی سے فیصلے ہوئے، کالاباغ ڈیم معاشی طور پر پاکستان کے بہترین مفاد میں ہے مگر سندھ کے اعتراضات وفاق کیلئے زیادہ اہم ہیں

مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس 2 مئی کو ہوگا، پی پی ان لیگ کی جانب سے وفاقی حکومت کے فیصلوں کی تائید کی جائے گی، صوبوں کے اتفاق کے بغیر کسی بھی منصوبے کو آگے نہیں بڑھایا جائے گا، وزیراعظم

باہمی رضامندی کے بغیر کوئی نئی نہر نہیں بنے گی، ہم عوامی شکایات کو دور کرسکیں گے، کالاباغ ڈیم پر تین صوبوں نے اعتراضات اٹھائے تھے اس پر بھی متفقہ فیصلہ لیا گیا ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے نئی نہروں کی تعمیر کو باہمی اتفاق رائے سے مشروط کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک مشترکہ مفادات کونسل میں باہمی رضامندی سے فیصلہ نہیں ہوتا نئی نہریں نہیں بنائی جائے گی، کالا باغ ڈیم معاشی طور پر پاکستان کے بہترین مفاد میں ہے مگر سندھ کے اعتراضات وفاق کیلئے زیادہ اہم ہیں۔ جمعرات کو وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں کینالز مسئلے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے وفد میں راجہ پرویز اشرف، ندیم افضل چن، ہمایوں خان، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور شازیہ مری شامل تھے۔ ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ (ن) لیگ اور پی پی کے درمیان آج ہونیوالی ملاقات میں باہمی رضامندی سے فیصلے ہوئے ہیں، ہم نے نہروں کے معاملے پر سنجیدگی کیساتھ بات چیت کی ہے، میں نے اپنی ابتدائی اور معروضات کے ساتھ بتایا کہ پاکستان فیڈریشن ہے اور اس کے تقاضے ہیں، صوبوں کے معاملات باہمی مشاورت اور نیک نیتی کے ساتھ طے کریں۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس 2 مئی کو بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس میں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) کی جانب سے وفاقی حکومت کے مذکورہ فیصلوں کی تائید کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل میں باہمی رضامندی سے فیصلہ ہونے تک کوئی نئی نہر نہیں بنائی جائے گی جبکہ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

رینجرز نے پاکستان میں داخل ہونیوالے بھارتی فوجی کو گرفتار کرلیا

بی ایس ایف اہلکار بین الاقوامی سرحد عبور کرکے پاکستان کی حدود میں داخل ہوا

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان رینجرز نے بھارت کی بارڈر سیکیورٹی فورس (بی ایس ایف) کے اہلکار کو حراست میں لے لیا، فوجی پنجاب کے سرحدی علاقے میں بین الاقوامی سرحد عبور کرکے پاکستان کی حدود میں داخل ہوا، بھارتی میڈیا نے رپورٹ کیا واقعہ ضلع فیروزپور کے قریب...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف اور چیئرمین پی پی بلاول بھٹو مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت کا ایک اور خطرناک منصوبہ بے نقاب

بھارت تشدد کے ذریعے ملک میں قید 56 بیگناہ قیدیوں کو مذموم مقاصد کیلئے استعمال کرکے زبردستی پاکستان کیخلاف زہر اگلوا سکتا ہے

قیدیوں کو جعلی ان کاؤنٹر میں دہشتگرد ظاہر کرکے شہید بھی کیے جانے کا خدشہ، بالاکوٹ طرز پر نام نہاد کیمپوں کا بیانیہ بنا کر حملہ کرسکتا ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت کا ایک اور مذموم خطرناک منصوبہ بے نقاب ہوگیا، ذرائع کے مطابق پہلگام میں فالس فلیگ آپریشن بے نقاب ہونے پر بھارت نے نیا ڈرامہ رچانے کا منصوبہ بنالیا، ذرائع کے مطابق بھارت تشدد کے ذریعے ملک میں قید 56 بیگناہ پاکستانی قیدیوں کو مذموم مقاصد کیلئے استعمال کرکے زبردستی پاکستان کیخلاف زہر اگلوا سکتا ہے، قیدیوں کو...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

زکوٰۃ فنڈ مستحقین کے اکاؤنٹس میں براہ راست منتقلی کا میکنزم تشکیل دیا جائے، وزیراعلیٰ

اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکوٰۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی کی ہدایت

برسوں سے مستحق افراد زکوٰۃ سے محروم، کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم کرینگے

زکوٰۃ کی رقم کی منتقلی کے سمارٹ ڈیجیٹل میکنزم اور شفافیت سے غریب افراد کو سہولیات میسر آئیں گی، اظہار خیال

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے موثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت کیساتھ براہ راست و بالواسطہ تجارت بند، بھارتی طیاروں پر پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے پر پابندی، بھارت پاکستان میں دہشتگردی کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، ہمارے شہریوں پر حملہ ہوا تو بھارتی شہری بھی محفوظ نہیں رہیں گے، وزیر دفاع

پاکستان کے حصے کا پانی بند کیا تو اعلان جنگ تصور ہوگا

بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کرسکتا

قومی سلامتی کمیٹی کا اعلامیہ

پاکستان بھی شملہ معاہدے سمیت دیگر معاہدے ختم کرنے کا حق رکھتا ہے، پاک فوج کسی بھی مہم جوئی کا جواب دینے کے لیے تیار، پاکستان نے بھارت کی آبی جارحیت کا بھرپور جواب دیدیا

بھارتی شہریوں کو دیے گئے سارک ویزا استثنیٰ اسکیم کے ویزے معطل اور منسوخ، پاکستان میں موجود سکھ مذہبی یاتریوں کو استثنیٰ حاصل ہوگا، پانی کا بہاؤ 24 کروڑ پاکستانیوں کی لائف لائن ہے

بھارتی ہائی کمیشن کے سفارتی عملے کی تعداد 30 تک محدود کردی گئی، اطلاق 30 اپریل سے ہوگا، پاکستانی قوم اپنی خودمختاری، سلامتی، عزت اور ناقابل تنسیخ حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کرے گی

نئی دہلی میں پاکستانی ناظم الامور کو جوڈی مارش دیا گیا اس میں سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا کوئی ذکر نہیں، اسحٰق ڈار، خواجہ آصف، عطاء تارڑ اور اعظم نذیر تارڑ کی مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے پہلگام واقعے کے بعد بھارت کی آبی جارحیت اور دیگر اقدامات کا بھرپور جواب دیتے ہوئے سندھ طاس معاہدے کے اعلان کو مسترد کردیا اور کہا ہے کہ واہگہ بارڈر، فضائی حدود اور بھارت سے ہر قسم کی تجارت فوری...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر بھی موجود ہیں

بھارتی آبی دہشتگردی، دریائے چناب اور جہلم کا پانی روک لیا

مودی حکومت نے چناب پر بگلیہار ون اور ٹو پر دو پن بجلی منصوبے تعمیر کرکے

دریائے جہلم اور دریائے چناب میں گزشتہ روز سے پانی کے بہاؤ میں کمی آگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارت نے آبی دہشت گردی شروع کرتے ہوئے دریائے چناب اور جہلم کا پانی روک لیا، ذرائع کے مطابق بھارت کی جانب سے دریائے جہلم کا 5 ہزار کیوسک اور دریائے چناب کا 7 ہزار کیوسک پانی روک لیا گیا، دریائے جہلم میں گزشتہ روز پانی کا بہاؤ 49 ہزار کیوسک تھا، بہاؤ 44 ہزار کیوسک ہے، دریائے...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے حکومت پاکستان کا سوشل میڈیا اکاؤنٹ بلاک کردیا

ہندو انتہا پسند مودی حکومت نے پہلگام واقعہ کو جواز بناتے ہوئے اقدام اٹھایا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) مقبوضہ کشمیر میں ہونیوالے واقعے کے بعد بھارت نے ایک بار پھر روایتی ہٹ دھرمی اور پاکستان دشمنی کا ثبوت دیتے ہوئے بغیر کسی تحقیق کے حکومت پاکستان کا سوشل میڈیا اکاؤنٹ بلاک کردیا، پہلگام واقعہ کو جواز بناتے ہوئے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

شریف خاندان کے اقتدار میں ملکی سالمیت خطرے میں پڑ جاتی ہے، پی ٹی آئی

ملکی اکانومی ختم ہوچکی، قومی ہم آہنگی چاہیے، بھارت کیخلاف سخت ایکشن صرف بانی پی ٹی آئی لے سکتا ہے، عمر ایوب

وزیراعظم اگر سنجیدہ ہیں تو اپوزیشن لیڈرز کو فون کرکے اپیل کریں اڈیالہ جیل جاکر عمران سے فوری ملاقات کریں، علیمہ خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنماؤں نے حکومت پر تنقید کے نشتر برسادیے، اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا کہ قوم ہم آہنگی چاہیے، آپ کا قومی لیڈر جیل میں پڑا ہے، ملکی اکانومی ختم ہوچکی، شریف خاندان بھارت کیخلاف سخت ایکشن نہیں لے سکتا یہ ان کیساتھ کاروبار کرتے ہیں، سخت ایکشن صرف بانی پی ٹی آئی لے سکتا ہے، شریف خاندان جب بھی اقتدار میں آتا ہے ملکی سالمیت خطرے میں پڑ جاتی ہے، نواز شریف 1997 میں...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کی آبی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا، وزیراعلیٰ

پاکستان قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا

قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں اہم فیصلوں کا خیرمقدم کرتے ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی میڈیا کا جھوٹ بے نقاب، پہلگام حملے میں مردہ قرار دیا گیا جوڑا زندہ نکلا

زندہ بھارتی جوڑے کی پرانی تصاویر مبینہ طور پر ہلاک افراد کیساتھ منسوب کی گئیں، لڑکا لڑکی نے جھوٹ بے نقاب کردیا

معلوم نہیں تصاویر کو بھارتی میڈیا پر کیوں چلایا جارہا ہے، نیول افسر و دیگر کے طور پر دکھانا سمجھ سے بالاتر ہے، جوڑے کا بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی میڈیا کی جانب سے پہلگام حملے میں مرنے کا دعویٰ کرنیوالے جوڑے نے سوشل میڈیا پر ویڈیو جاری کرکے بھارتی میڈیا کے جھوٹ کو بے نقاب کردیا، بھارتی میڈیا کی جانب سے زندہ بھارتی جوڑے کی پرانی تصاویر مبینہ طور...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام واقعہ کے بعد بھارت سے پاکستانیوں کی واپسی شروع

تازہ صورت حال کے پیش نظر واہگہ بارڈر پر امیگریشن اور سکیورٹی حکام

لاہور (بیورو رپورٹ) پہلگام واقعہ کے بعد بھارت سے پاکستانی شہریوں کی واپسی شروع ہوگئی، بھارتی حکومت کی طرف سے عام ویزا کے حامل پاکستانیوں کو...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج کسی بھی بھارتی جارحیت کا جواب دینے کیلئے تیار ہے، شجاعت

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ق) کے قائد و سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت نے کہا ہے بھارت سندھ طاس معاہدے سے نکلنے کی کوشش کررہا ہے لیکن ایسا ممکن نہیں، پاک فوج کسی بھی بھارتی جارحیت کا جواب دینے کیلئے تیار ہے، ملکی دفاع کیلئے پوری قوم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملکی...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: آئی جی معظم جاہ انصاری سے کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد محمد ادریس خان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان نے بھارتی پروازوں کیلئے فضائی حدود بند کرنے کا نوٹم جاری کردیا

روزانہ 100 سے زائد بھارتی پروازیں روزانہ پاکستانی فضائی حدود استعمال کرتی ہیں

فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کے یومیہ اخراجات میں لاکھوں ڈالر اضافہ ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے بھارتی پروازوں کیلئے فضائی حدود بند کرنے کا نوٹم جاری کردیا، نوٹم کے مطابق پاکستان نے بھارتی پروازوں کیلئے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے پہلگام حملے کو "را" کی سازش قرار دیدیا

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) سکھ فار جسٹس کے رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے پہلگام حملے کو "را" کی سازش قرار دیدیا، بھارتی ٹی وی کے مطابق سکھ فار جسٹس کے رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا بھارتی ایجنسیوں کی جانب سے فالس فلیگ آپریشن ہے، حملہ بھارتی حکومت کی جانب سے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ نے بھارت میں موجود اپنے شہریوں کیلئے الرٹ جاری کردیا

جموں وکشمیر میں دہشتگرد حملوں، پرتشدد واقعات اور بدامنی کا خطرہ، شہری سفر نہ کریں

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت میں امریکی سفارت خانے نے اپنے شہریوں کیلئے الرٹ جاری کردیا، امریکی سفارت خانے کی جانب سے بھارت میں...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

خیبرپختونخوا کابینہ کا بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کا عزم

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا (کے پی) کی کابینہ کے اجلاس میں پہلگام واقعہ کے بعد بھارتی حکومت کے رویئے کی شدید مذمت کی گئی، ارکان نے بھارت کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے عزم کا اظہار کیا، پشاور میں وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کابینہ اجلاس سے خطاب کرتے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

نازک موقع پر پوری قوم اور حر جماعت فوج کیساتھ ہے، پیر پگاڑا

وطن کا دفاع ہر چیز پر مقدم، اختلافی سیاسی معاملات کو بعد میں دیکھ لیں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) پہلگام واقعہ پر حروں کے روحانی پیشوا پیر پگاڑا نے کہا ہے نازک موقع پر پوری قوم اور حر جماعت اپنی مسلح افواج کیساتھ ہے، اپنے بیان میں پیر پگاڑا نے کہا اختلافی سیاسی معاملات کو بعد میں دیکھ لیں گے، وقت سیاست نہیں پاکستان...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا سندھ طاس معاہدہ ختم کرنا غیر دانشمندانہ، پاکستان اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے پر عزم ہے، صوبائی وزراء

قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے پاکستان کی خودمختاری، سالمیت کے تحفظ کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوں گے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، نور محمد دمڑ

پاکستان ایک طاقتور و ایٹمی ملک جس کی افواج نے ہمیشہ مادر وطن کی حفاظت کیلئے قربانیاں دی ہیں، بخت محمد کاکڑ، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+نیوز ایجنسیاں) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کو پاکستان کی خودمختاری، سالمیت اور قومی وقار کے تحفظ کی جانب اہم سنگ میل قرار دیا ہے اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر ربابہ نے کہا کہ ملک کی قیادت نے جس تدبر اور بصیرت کے ساتھ بھارتی اشتعال انگیزیوں...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی و دیگر قائدین میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام ہر محاذ پر متحد اور پرعزم ہیں، عبدالرحمٰن کھیتران

قومی سلامتی کمیٹی نے ملکی خودمختاری، قومی وقار کیلئے اہم فیصلے کئے ہیں، صوبائی وزیر

پاکستانی زندہ قوم ہے اپنی سلامتی کے معاملے میں کبھی کمزوری نہیں دکھائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ فیصلے کو سراہتے ہوئے اسے ملکی خودمختاری، قومی وقار اور سلامتی کے تحفظ کی جانب ایک نہایت بروقت، مدبرانہ اور جرات مندانہ قدم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام واقعہ، واہگہ بارڈر پر روایتی پریڈ محدود کردی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) پہلگام واقعہ کے بعد واہگہ بارڈر پر ہونے والی روایتی پریڈ محدود کردی گئی، رپورٹ کے مطابق پریڈ کے دوران دونوں ملکوں کے گیٹ بند رہیں گے، رینجرز اور بی ایس ایف کے جوان ایک دوسرے سے روایتی مصافحہ بھی نہیں کریں گے، بھارتی حکومت نے پہلگام حملے کو جواز بنا کر واہگہ اٹاری بارڈر، گنڈا سنگھ، حسینی والا بارڈر اور ہیڈ سلیمانکی بارڈر پر ہونے والی پاکستان رینجرز پنجاب اور بی ایس ایف انڈیا کے جوانوں کی پریڈ میں نمایاں تبدیلیوں کا اعلان کیا، مشترکہ پریڈ کے دوران بھارت کی جانب سے گیٹ بند رہیگا، فورس روایتی مصافحہ نہیں کرے گی، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بی ایس ایف حکام نے پاکستان رینجرز کو بھی آگاہ کردیا۔

بھارتی ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی، احتجاجی مراسلہ تھما دیا گیا

دفتر خارجہ نے باضابطہ تحریری طور پر پاکستان کے فیصلوں سے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی جانب سے بھارتی ناظم الامور گیتکا سری واستو کو طلب کیا گیا اور پہلگام واقعہ کے بعد بھارت کے جارحانہ اور یکطرفہ اقدامات پر احتجاج کرتے ہوئے ایک ڈی مارش ان کے حوالے کیا گیا۔ سفارتی ذرائع نے کہا کہ دفتر خارجہ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کیخلاف 23 مقدمات درج

اداروں کے خلاف قابل اعتراض مواد کی تشہیر میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

ملزموں کو مضبوط چالان مرتب کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، پولیس حکام

لاہور (بیورو رپورٹ) ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت 24 گھنٹوں میں 23 مقدمات درج درج کرلیے گئے، ڈی آئی جی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے پہلگام میں آپریشن کا ڈرامہ رچایا، صدر آزاد کشمیر

بھارت کینیڈا سمیت دیگر ممالک میں دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث ہے، بیرسٹر سلطان محمود

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چودھری نے کہا ہے مودی حکومت پر جنگی جنون کا بھوت سوار ہے، بھارت نے پہلگام میں...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی سفارتکاروں کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا جائے، سپریم کورٹ بار

پاکستان پر بھارتی الزامات مضحکہ خیز جھوٹ کا پلندہ اور بے بنیاد، موثر جواب ناگزیر ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے 48 گھنٹے میں بھارتی سفارتکاروں کے ملک چھوڑنے کا حکم دینے کا مطالبہ کردیا، سپریم کورٹ بار کی جانب سے مطالبہ کیا گیا بھارتی سفارتکاروں کو ناپسندیدہ شخصیات قرار دے کر 48 گھنٹے میں...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے میں بھارتی پرچم نذر آتش کیا جارہا ہے

تحریک تحفظ آئین حکومت کو 6 نکاتی ایجنڈا پیش کریگی، محمود خان اچکزئی

مائنز اینڈ منرلز چاہے بلوچستان کی ہوں یا خیبرپختونخوا کی ان پر اختیار وہاں بسنے والے عوام کا ہے، مرکزی سربراہ

دریائے سندھ پر نئی کینالز کی تعمیر اور کارپوریٹ فارمنگ قابل قبول نہیں، غزہ میں مظالم پر امت کی بے حسی قابل افسوس

جس طرح دین میں کسی کے ساتھ زور نہیں کیا جاسکتا، اس طرح سیاسی فیصلے میں بھی ہر کوئی آزاد ہے، اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کا سربراہی اجلاس پشتونخوا میپ کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی صدارت میں مصطفیٰ نواز کھوکھر کے گھر پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

قلات میں سڑک کنارے دھماکہ، سیاسی رہنما سمیت 3 شہید، 5 زخمی

جمعیت کے کونسلر عبداللہ نیچاری خاندان کے افراد کے ہمراہ پک اپ میں جارہے تھے کہ دھماکہ ہوا

علی جان، محمد حیات، میرگل، عزت خان، محمد اسلم زخمی، ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کردیا گیا

قلات (نامہ نگار، نمائندہ مشرق) قلات کے علاقے کپوتو کے قریب روڈ کنارے آئی ای ڈی دھماکے میں جمعیت کے کونسلر سمیت تین افراد شہید اور پانچ زخمی ہوگئے ہیں شہداء میں دو خواتین بھی شامل ہیں...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سماعت مکمل، بجلی کی قیمت میں ایک روپے 9 پیسے کمی کا امکان

کراچی (بیورو رپورٹ) نیپرا نے 4 حکومتی پاور پلانٹس کی ٹیرف میں کمی کی درخواست پر سماعت مکمل کرلی، منظوری کی صورت میں بجلی ایک روپے 9 پیسے سستی ہوجائے گی، نیپرا اتھارٹی ڈیٹا کی جانچ پڑتال کرنے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدہ معطل کرنا بھارتی آبی دہشتگردی ہے، شیخ رشید

پانی روکنا جنگ کے مترادف ہے، بھارت یکطرفہ معاہدہ معطل نہیں کرسکتا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنا بھارت کی آبی دہشتگردی ہے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی تخریب کاری کا منصوبہ ناکام، 4 خودکش جیکٹس برآمد

ریڈ زون میں موٹر سائیکل میں چھپائی گئی تھیں، بم ڈسپوزل اسکواڈ نے ناکارہ بنا دیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی ریڈ زون کے قریب سے چار عدد خودکش جیکٹس برآمد کرلیں جنہیں موٹر سائیکل خورجین میں چھپایا گیا تھا بم ڈسپوزل اسکواڈ نے خودکش جیکٹس کو ناکارہ کردی۔ خودکش جیکٹس برآمدگی کے اطلاع پر ریڈ زون کے راستے بند کردیئے گئے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت پانی نہیں روک سکتا، سابق ایڈیشنل کمشنر سندھ طاس معاہدہ

بھارت، پاکستان کے درمیان سندھ طاس معاہدہ عملاً 4 سال سے رکا ہوا ہے

معاہدے کی معطلی کیخلاف ورلڈ بینک سے پاکستان کو ریلیف مل جائے گا، شیراز میمن

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق ایڈیشنل کمشنر سندھ طاس معاہدہ شیراز میمن نے کہا ہے بھارت، پاکستان کے درمیان سندھ طاس معاہدہ عملاً 4 سال سے رکا ہوا ہے، بھارت سالانہ میٹنگ کررہا ہے اور نہ ڈیٹا شیئرنگ کرتا ہے، بھارت پاکستان کا پانی نہیں روک...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر گوہر سے امریکی نائب سفیر کی ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے امریکی نائب سفیر نے ملاقات کی، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق زیکری وی ہارکن رانڈر...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایس ایل، پشاور زلمی نے لاہور قلندرز کو 7 وکٹ سے ہرادیا

لاہور قلندرز کی ٹیم پہلے کھیلتے ہوئے 20 ویں اوور میں 129 رنز بنائے

پشاور زلمی نے 130 رنز کا ہدف 17 ویں اوور میں با آسانی حاصل کرلیا

لاہور (بیورو رپورٹ) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے 14 ویں میچ میں پشاور زلمی نے لاہور قلندرز کو 7 وکٹ سے لاہور میں کھیلے گئے میچ میں پشاور زلمی نے لاہور قلندرز کے خلاف ٹاس جیت کر بولنگ کا فیصلہ لاہور قلندرز کی ٹیم پہلے کھیلتے ہوئے 20 ویں اوور میں 129 رنز بنا کر آؤٹ لاہور قلندرز کی جانب سے سکندر رضا نے 52 رنز کی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام واقعہ مودی کی ہندوتوا پالیسی کا نتیجہ ہے، کانگریس رہنما

ہندوتوا کی نفرت آمیز پالیسی سے کوئی اقلیت محفوظ نہیں، داماد سونیا گاندھی

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) پہلگام واقعہ نے جہاں مقبوضہ کشمیر میں 7 لاکھ بھارتی فوجیوں کی ناکامی کو بے نقاب کردیا وہیں مودی حکومت کی ہندوتوا پالیسی کا بھانڈا بھی پھوڑ دیا، بھارتی میڈیا کے مطابق پریانکا گاندھی کے شوہر رابرٹ وڈرا نے ہندوتوا پالیسی...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم چوتھے روز بھی جاری

مہم میں 26 لاکھ 60 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم چوتھے روز بھی جاری رہی۔ پولیو ایمرجنسی سینٹر کے مطابق مہم میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سمیت حفاظتی ٹیکے لگائے جا رہے ہیں، مہم میں 26 لاکھ 60 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پراپرٹی پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ختم کرنے کی سمری کابینہ کو ارسال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پراپرٹی پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ختم کرنے کی سمری کابینہ کو ارسال کردی، ذرائع کے مطابق کابینہ کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری کیا جائیگا، سمری...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ضابطہ فوجداری کے تحت کریک ڈاؤن کا آغاز، 107 تندور سیل، 92 نانبائی جیل منتقل

ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والے 168 نانبائیوں کو گرفتار کیا

کچلاک میں 18 تندور سیل کردیئے، روٹی کے سرکاری نرخ پر عمل یقینی بنایا جائے، افسران کو ہدایت جاری

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے شہر بھر میں روٹی کی قیمت اور وزن میں کمی کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع کرتے ہوئے ضابطہ فوجداری کے تحت بڑی کارروائی کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں تندوروں کا...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام واقعہ بھارتی ایجنسی "را" نے کرایا، مشعال ملک

جعفر ایکسپریس ہو یا گجرات کے واقعات سب میں بھارت ملوث رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے سندھ طاس معاہدے پر بھارت دہشت گردی کر رہا ہے، بھارت نے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کا خوفناک پلان تیار کیا، اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مشعال...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزراء اور افسران کی عدم دلچسپی عروج پر پہنچ گئی، سول سیکرٹریٹ میں الو بولنے لگے

سرکاری افسران صبح 9 بجے کی بجائے مرضی سے 12 بجے آکر گپ شپ لگا کر واپس نکل جاتے ہیں

سول سیکرٹریٹ میں وزراء اور بیوروکریسی کی من مانیوں سے صوبے کے دور دراز علاقوں سے انے والے عوام کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) وزراء اور افسران کی سرکاری محکموں میں عدم دلچسپی عروج پر پہنچ گئی، سول سیکرٹریٹ اور دیگر دفاتر میں آنے والے سائلین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، کوئٹہ میں وزراء اور بیوروکریسی کی عدم دلچسپی کے باعث فرض شناسی کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے، سرکاری محکموں میں افسران 11 بجے سے 12 بجے کے دوران بیٹھتے ہیں تو دوسری جانب ہفتہ اور اتوار کی چھٹی بھی انہیں مہلت دیدی گئی ہیں، اسی طرح سول سیکرٹریٹ میں وزراء اور بیوروکریسی خود وقت کے پابند تو کیاں ہفتوں ہفتوں اپنے سیٹ پر موجود ہی نہیں ہوتے ہیں جس کی وجہ سے درجنوں سائلین کے مسائل میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے بتایا ہے کہ صبح 9 بجے تمام سرکاری افسران اور اسٹاف کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے اسی طرح اگر افسران خود اپنے سیٹ پر بیٹھتے ہیں تو ان کے ماتحت عملہ خود بخود حاضر ہو جائینگے۔

بلوچستان میں چینی کی قیمت آسمانوں کو چھونے لگی، دیگر اشیاء بھی مہنگی ہونے کا خدشہ

فی کلو چینی کی 165 سے 170 روپے تک سرے عام فروخت کی جا رہی ہے، فی بوری 250 روپے مہنگی ہو گئی

کوئٹہ کے عوام کا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے ذخیرہ اندوزوں خلاف آپریشن کا مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان میں چینی سمیت کئی اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں آسمانوں کو چھونے لگی، لیکن مارکیٹ میں سب سے زیادہ چینی کی قیمت بتایا جاتا ہے، مشرق سروے ٹیم نے جمال الدین افغانی روڈ، جوائنٹ روڈ، مسجد روڈ و دیگر علاقوں کا تفصیلی سروے کیا جہاں پر دکانداروں سے چینی کی قیمت معلوم کی جو اس وقت فی کلو چینی 165 سے بڑھ کر 170 روپے تک جا پہنچا ہے، فی بوری میں 250 روپے مہنگا ہو گیا، چینی بھی غریب عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ہے، اسی طرح چاول 25 کلو کتا ساڑھے 6 ہزار سے 2700 روپے تک جا پہنچی، فی کلو چاول 260 سے لیکر 288 روپے مہنگا جبکہ فی کلو چاول کی قیمت اس وقت مارکیٹ میں 28 روپے مہنگا ہو گیا ہے، دکانداروں کا کہنا ہے کہ قیمتیں ہم نے نہیں بڑے ڈیلر مافیا نے بڑھائی ہے اگر ہمیں سستی اشیاء خورد و نوش ملے گی تو ہم عوام پر مناسب قیمت اپنا منافع حاصل کر کے فروخت کرینگے جبکہ کوئٹہ کے عوام نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے روزمرہ کی بنیاد پر قیمتوں کے تعین اور کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا ہے۔

جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن کی قیادت میں وفد مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ و دیگر عہدیداروں سے 26 اپریل کو شٹر ڈاؤن ہڑتال کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، حیات اچکزئی

سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی بھارت کی ہٹ دھرمی ہے، اختر کاکڑ

یوم تاسیس منانے کی اجازت نہ دینا جمہوری اقدار پر قدغن ہے، عالم خان

قلیتی برادری کا پاکستان کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ کردار اہم رہا ہے، عادل آکاش

دی کرٹیکل مائنڈز اسکول ترقی پسند اور جدید تعلیم کو فروغ دے رہا ہے، نذر بلوچ

شعبہ صحت میں غیر حاضری کی گنجائش نہیں ہے، ڈی سی کوئٹہ

درجہ چہارم کی پروموشن میٹرک سرٹیفکیٹ کی تصدیق سے مشروط کی جائے، عبدالرشید بزنجو

مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کی نئی کابینہ کا انتخاب مکمل ہو گیا

بلوچستان اسمبلی سے مائنز اینڈ منرل بل کی منظوری قابل مذمت ہے، رحیم کاکڑ

...اس بل کے ذریعے اپنے ذاتی مفادات کے لیے صوبے کے وسائل کو لوٹنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بل 18 ویں ترمیم کی خلاف ورزی ہے کیونکہ مائننگ کا شعبہ صوبے کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Maternal Newborn & Child Health Program (MNCH) Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items:

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 3% for each work

S. No	Tender Name	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening
1	Purchase of Mobile Service Units for Maternal Newborn child health Program (**Total Item(s) Count: 1**) **TSE- 242504690071**	12 May, 2025 12:00 PM	01:00 PM
2	Purchase of New Vehicle for Maternal Newborn child health Program (**Total Item(s) Count: 1**) **TSE- 242504690121**	12 May, 2025 01:00 PM	02:00 PM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-242504690121, TSE- 242504690071) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** 2nd Floor Provincial Health Directorate Link Sariab Road Quetta
Phone no: 0819211352 Email: mnch.balochistan@gmail.com

AB No.985/23-04-2025

Provincial Coordinator Maternal Newborn & Child Health Program (MNCH) Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

FINAL NOTICE

TO M/S UMER JAN & COMPANY GOVERNMENT CONTRACTOR FOR THE CONSTRUCTION OF ROAD MURGHA FQIRZAI – BADINI (LENGTH 76 KM) PACKAGE-I.

Refer to this office notices No.EE(Roads)/PP&H D/KSF/5538-41/2025, dated, 21st March, 2025 & No. No.EE(Roads)/PP&H D/KSF/5660-63/2025, dated, 17th April, 2025, wherein you were directed to mobilize the resources, start the work on site within (07) days but you have failed to start the work.

On 23rd April, 2025 the undersigned visited the site wherein it has been observed with great concern that you have neither mobilized any resource i.e machinery on site nor started the work on site which is very regretful.

You are hereby once again strictly directed to feel the responsibility start the work within **(03) days** positively on site under intimation to this office. In case of failure, you will be held responsible for the consequences and procedure as per contact clauses will be initiated against your firm.

PRQ No.4118/24-04-2025

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS), CW, PP&H Department, District Killa Saifullah

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL SPORTS (STADIUM & SPORTS COMPLEX) BALOCHISTAN invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242504690361 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB Tender Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Sports Items (Total Item(s) Count: 48)	998,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 45,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 45,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The Total of all Supply Orders of last Two years must be counted as Rs.45 Million (4.5 Crores) ISO 9001-2015 Certificate from PNAC which will be Verified online Last 3 year Audit Report From Recognized Chartered Accountant / Firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 998,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 12 May, 2025 till 09:45 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:45 AM on EPPS System Address: Stadium & Sports Complex Quetta
Phone no: 0819204112
Email: Directorategeneralsports100@gmail.com

PRQ No.4123/24-04-2025

DIRECTOR GENERAL SPORTS (STADIUM & SPORTS COMPLEX) BALOCHISTAN

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Govt, Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.2000/- and Bid Security 2% for each work**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Blacktop Road and Side Drain Asifabad District Quetta (Length 0.64 KM) (4351 R&UDP) **TSE-242504689383**	19,809,727
2	Construction of Blacktop Road and Side Drain Killi Nichari Killi Muhammad Shahi District Quetta (Length 0.88 KM) (4351 R&UDP) **TSE-242504689373**	49,524,951
3	Construction of Blacktop Road and Side Drain Killi Shah Nawaz Quetta (Length 1.88) (4351 R&UDP) **TSE-242504689203**	49,527,034

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 13,000,000 PKR Amount in (03) subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C-6 and above (up to 25 Million) in relevant category and specialized code is CE01- (i) Road and payments drainage and retaining structure). Bid Security of 2% of estimated coast. Tender processing fee of amount Rs.2000/- in accunt No.C03870 having head, Senior ADLG Quetta. **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **12 May, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **12 May, 2025** till **11:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** Assistant Director, Local Govt & Rural Development Deptt Quetta **Phone no:** 081920209
Email: sadlgrdquetta@gmail.com

PRQ No.4121/24-04-2025

Senior Assistant Director Local Government & Rural Development District Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL SPORTS (STADIUM & SPORTS COMPLEX) BALOCHISTAN invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242504689131 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Sports Items (Total Item(s) Count: 11)	998,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 45,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 45,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The Total of all Supply Orders of last Two years must be counted as Rs.45 Million (4.5 Crores) ISO 9001-2015 Certificate from PNAC which will be Verified online Last 3 year Audit Report From Recognized Chartered Accountant / Firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 998,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Tender Documents: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk Issuance of tender Documents: Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk Last Date of bid submission: Bid can only be submitted electronically latest by 12 May, 2025till 09:30 AM through supplier dashboard. Tender opening: All tenders will be opened on same day at 10:30 AM on EPPS System Address: Stadium & Sports Complex Quetta
Phone no: 0819204112
Email: Directorategeneralsports100@gmail.com

PRQ No.4122/24-04-2025

DIRECTOR GENERAL SPORTS (STADIUM & SPORTS COMPLEX) BALOCHISTAN

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242504690383 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERI PROVINCIAL B&R BARKHAN invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.500/- and Bid Security 2%

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	REPAIR OF TALAB CHECK POST DISTRICT BARKHAN.	15,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12 May, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 May, 2025till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Near DC House, Barkhan Phone no: 0829668503
Email: xenbuildingbarkhan@gmail.com

PRQ No.4119/24-04-2025

Executive Engineer (Building) CW,PP&H Department District Barkhan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

فوڈ اتھارٹی کا کوئٹہ میں ناقص اشیاء فروخت کرنیوالوں کیخلاف ایکشن، جرمانے عائد

کاسی روڈ گلستان روڈ پر قائم مراکز کی چیکنگ کرکے 1 مصالحہ شاپ اور 2 ہوٹلز سمیت متعدد مراکز پر چھاپے

سریاب روڈ کے مضافات میں قائم مراکز کی چیکنگ 3 جوس سنٹرز، 3 مصالحہ شاپس 1 ریسٹورنٹ اونرز جرمانہ عائد

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیم نے لائسنس کی عدم دستیابی و ناقص خوراک کی فروخت پر کوئٹہ کے علاقے کاسی روڈ، افغان روڈ اور گلستان روڈ پر قائم مراکز کی چیکنگ کرکے 1 مصالحہ شاپ اور 2 ہوٹلز سمیت متعدد مراکز مالکان جرمانہ عائد کردیا، جرمانہ کردہ متعدد مراکز مالکان کے پاس فوڈ بزنس لائسنس موجود نہ ہونے پر ایکشن جبکہ مصالحہ شاپ کے خلاف صفائی کی ابتر صورتحال، حشرات کی موجودگی، نان فوڈ گریڈ کلرز اور پابندی عائد جائنیز نمک کے استعمال، اشیا کی نامناسب اسٹوریج پر ایکشن مزید برآں ہوٹلز کے خلاف صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات، کھلے کوڑے دان، اشیا کی تیاری میں پابندی عائد جائنیز نمک کے استعمال، اشیا کو پیک کرنے میں کیمیکل پر مشتمل نیوز پیپر کے استعمال، جنتی پراڈکٹس کی نامناسب اسٹوریج پر ایکشن لیا گیا۔ دریں اثناء کوئٹہ میں سریاب روڈ کے مختلف مضافات میں قائم مراکز کی چیکنگ کرکے 3 جوس سنٹرز، 3 مصالحہ شاپس اور 1 ریسٹورنٹ اونرز جرمانہ عائد کردیا، جرمانہ کردہ جوس سنٹرز کے خلاف صفائی ستھرائی کے انتہائی خراب حالات، ورکرز بغیر ماسک و ہیڈ کورز و دستانوں کے، کھلے سڑے سیبوں کی موجودگی، ایکسپائرڈ مشروبات، گندا ریفریجریٹر کی موجودگی پر ایکشن جبکہ ریسٹورنٹ کے خلاف صفائی کے ناقص انتظامات، ورکرز کی ذاتی صفائی، اشیا کی تیاری میں مضر صحت رنگوں کی آمیزش کی ملاوٹ و پابندی عائد جائنیز نمک کے استعمال اور مصالحہ شاپس سے ایکسپائرڈ ڈسنسر، نان فوڈ گریڈ کلرز و پابندی عائد جائنیز نمک کے استعمال پر ایکشن لیا گیا۔

کوئٹہ، مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے چیئرمین پبلک کمیٹی اصغر ترین ملاقات کررہے ہیں

جنگلی حیات کا غیر قانونی شکار کو فل فور روکا جائے ذوالفقار طارق

مہمان پرندوں کا بے دردی سے شکار ان کی نسل کشی کی مترادف ہے

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے اپنی تحریری بیان میں کہا کہ کیپی ڈھاڈر مچھ پشین کے پہاڑوں میں پائے جانے والے نایاب جانور مارخور جنگلی بکروں پرندوں کی غیر قانونی شکار کے باعث ان کی نسل معدومیت کے خطرات لاحق ہیں اس حوالے سے انتظامیہ خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں کسی شکاری کے پاس کوئی پرمٹ اور انتظامیہ کی جانب سے شکار پر مکمل پابندی عائد کی جائے مہمان پرندوں کا بے دردی سے شکار کرکے شکاری بڑے فخریہ انداز میں ویڈیوز بنا کر ایک دوسرے سے برتری حاصل کرنے میں لگے ہوئے ہیں ایسے لگ رہا ہے کہ ان علاقوں میں پرندے مارنے کی ٹورنامنٹ منعقد کی جارہی ہے نایاب نسل کو بچانے کے لیے غیر قانونی شکار کرنے والوں کو فل فور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے پرندے ہمارے ماحولیات کے لیے بہت ضروری ہیں اور ان کی دیکھ بھال کرنا ہم سب پر فریضہ ہے اور مہمان پرندوں کی نسل کشی کو روکا جائے اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو آنے والی نسلوں اور ماحولیات کے لیے بڑا اثر انداز ہوگا انہوں نے کہا کہ پرندوں کی گزرگاہوں میں چھوٹے بڑے شہروں کی حدود میں اقدامات ہونا چاہئیں ان جنگلات میں ہر علاقے کی مقامی جنگلی حیات کے تحفظ کے لئے محفوظ پناہ گاہیں تیار کی جانا چاہئیں اس کے شکار پر پابندی عائد کی جائے خلاف ورزی نہیں ہونی چاہئے۔ یہ بات سب کو سمجھنی چاہئے کہ جن جانوروں پرندوں کا وجود آج خطرے میں ہے اگر ان کی نسل ختم ہوگئی تو پھر وہ صرف کتابوں اور کہانیوں میں ہی ملے گی

حج اسکینڈل میں ملوث افراد کو عہدوں سے برطرف کیا جائے اتحاد اہلسنت

پاکستانی شہریوں کے 200 ارب روپے سعودی عرب منتقل ہوچکے ہیں پاکستان سنی تحریک

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہلسنت پاکستان، جماعت اہلسنت پاکستان، پاکستان سنی تحریک، تحفظ مساجد و مدارس اہلسنت پاکستان، سنی پارٹی پاکستان ودیگر تنظیمات اہلسنت نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حج اسکینڈل میں ملوث افراد کو فوری طور پر عہدوں سے برطرف کیا جائے ہر سال حج اسکینڈل سامنے آتے ہیں مگر کوئی قانونی کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی اس برس بھی حکومتی بدانتظامی کے سبب 67 ہزار عازمین کا حج داؤ پر لگ چکا ہے حج انتظامات میں وزیر حج، وزارت اور محکمے میں ناقص کارکردگی اور بروقت کام مکمل نہ کرنے والوں کے خلاف باریک بینی سے انکوائری کے ذریعے اعلیٰ سطح تحقیقات کرائی جائیں بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر حج نے عجلت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حج انتظامات میں ناکامی اور بروقت کام مکمل نہ کرنے کا سارا ملبہ حج آرگنائزرز پر ڈالنے کی کوشش کی جاری ہے حالانکہ اصل ذمہ داری وزیر حج اور متعلقہ ادارے پر عائد ہوتی ہے بیان میں مزید کہا گیا کہ پاکستانی شہریوں کے 200 ارب روپے سعودی عرب منتقل ہوچکے ہیں ہر سال حج انتظامات بدانتظامی کا شکار ہوتے ہیں جس کے باعث ہزاروں عازمین حج کو انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تنظیمات اہلسنت کے جاری بیان میں ارباب اختیار اور مقتدرہ سے مطالبہ کیا ہے کہ حج انتظامات میں وزیر حج، وزارت اور محکمے میں ناقص کارکردگی اور بروقت کام مکمل نہ کرنے والوں کے خلاف فوری طور پر باریک بینی سے انکوائری کے ذریعے اعلیٰ سطح تحقیقات کرائی جائیں اور حج اسکینڈل میں ملوث افراد کو فوری طور پر عہدوں سے برطرف کرکے انکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے نیز پرائیویٹ ٹور آپریٹرز سے موصول درخواستوں کا تحفظ کو دا انھیں فراہم کیا جائے

اب کوئی بچہ یا بچی تعلیم یا ہنر سے محروم نہیں رہے گا، رانا مشہود احمد خان

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ اب کوئی بچہ یا بچی وسائل کی کمی کی وجہ سے تعلیم یا ہنر سے محروم نہیں رہے گا۔ حکومت نے ایسے پروگرام متعارف کروائے ہیں جن کے ذریعے ہر طبقے کے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جائے گا۔ کوہاٹ یونیورسٹی میں "قومی یوتھ پالیسی میں نوجوانوں کی شرکت" کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب میں چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود نے ڈیجیٹل یوتھ ہب ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام، گرلز ایجوکیشن اسکالرشپس، جیسے منصوبوں کا ذکر کیا ان کے تحت نوجوانوں کو جدید تربیت، وظائف اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں۔ رانا مشہود کا کہنا تھا کسی بچے یا بچی کو وسائل کی کمی کی وجہ سے تعلیم یا ہنر سے محروم نہیں رکھا جائے گا۔ حکومت نے ایسے پروگرام متعارف کروائے ہیں، جن کے ذریعے ہر طبقے کے نوجوان کو بااختیار بنایا جائیگا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس سے ضرورت مند طلبا و طالبات استفادہ لے سکتے ہیں۔ مدارس کے علما اور بچے بھی قومی دھارے میں شامل کریں گے۔

سینیٹر عبدالشکور اچکزئی سینیٹر جلیل طاہر سے ملاقات کررہے ہیں

صوبائی وزیر میر علی حسن زہری منعقدہ چوبیسویں فیڈرل کمیٹی برائے ایگریکلچر میں شریک ہیں

نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے کلثوم نیاز بلوچ کی ملاقات

کلی اسماعیل، ہدہ، کلی برات، جناح تان میں صفائی کی صورتحال پر گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے نیشنل پارٹی کے صوبائی خواتین سیکریٹری و رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ نے ان کے سول سیکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کلی اسماعیل، ہدہ، کلی برات، جناح تان میں صفائی کی بہتری کے لیے محکمہ بلدیات کے اقدامات سمیت دیگر مسائل اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر نیشنل پارٹی کے رہنما وسیم بلوچ اور دیگر بھی موجود تھے۔

تربت کے نواح میں پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے، میر باہڑ دشتی

مستقل حل کے لیے 3000 فٹ طویل، 4 انچ قطر کی پائپ لائنیں بچھائیں گے

تربت (ح ن) ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے ڈپٹی چیئرمین میر باہڑ جمیل دشتی نے دشت کسر ٹنک کے دیرینہ پانی کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے 3000 فٹ طویل، 4 انچ قطر کی پائپ لائن کی تنصیب کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں۔ اس منصوبے کا مقصد علاقے کو پانی کی مستقل فراہمی یقینی بنانا ہے، جو اس علاقے کے لوگوں کا ایک دیرینہ عوامی مطالبہ تھا ڈپٹی چیئرمین اور ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئر زوہیب اور انجینئر اقبال کے ہمراہ منصوبے کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے سائٹ کا دورہ کیا۔ موقع پر موجود اہل علاقہ نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی چیئرمین مقامی مسائل کے حل کے لیے محدود وسائل کا بہترین استعمال کر رہے ہیں۔ جو قابل ستائش ہے۔ اس موقع پر یونین کونسل کھچی کے وائس چیئرمین ابابکر دشتی بھی ان کے ہمراہ تھے، جنہوں نے منصوبے کو علاقے کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا۔

کوئٹہ میں بلدیاتی ادارے کا نہ ہونا عوام سے ظلم ہے، نذر بڑیچ

پورے ملک میں میونسپل سروسز بلدیاتی اداروں کے تحت دی جارہی ہیں، عبدالمتین اخوندزادہ

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں بلدیاتی اداروں کی بحالی عوام کا حق ہے رضا وکیل۔ کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر کوئٹہ میں بلدیاتی اداروں کے انتخابات کرا کر عوام کو اپنے وہ نمائندے منتخب کرنے کا آئینی قانونی حق دیا جائے۔ بلدیاتی اداروں کی بحالی کے لیے کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ بھرپور تحریک چلائی گی۔ ان خیالات کا اظہار کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کے مرکزی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا۔ کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کا اجلاس زیر صدارت صدر نذر بڑیچ منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ کو درپیش عوامی مسائل پر غور اور شیر حاصل بحث کیا گیا، اجلاس سے سرپرست اعلیٰ و بانی کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ عبدالمتین اخوندزادہ۔ رضا وکیل۔ جنرل سیکرٹری جمیل مشوانی۔ فرید کاکڑ۔ سردار حبیب بڑیچ۔ حاجی سلیم ناصر۔ میر بجاری۔ انجینئر عزیز بازئی۔ درمحمد لانگو۔ حاجی محمد حنیف۔ مدنی کاکڑ۔ عجب خان ناصر۔ عبدالخالق دومڑ۔ ودیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کی فعالیت اور بھرپور عوامی تحریک چلانے کے لیے مختلف فیصلے کیے جس میں کوئٹہ کے چار میونسپل ٹاؤن کے لیے آرگنائزنگ باڈیز بنائے گئے جو چاروں ٹاؤن میں کیو ڈی ایم کی تنظیم سازی اور تحریک چلانے کے لیے کام کرے گی۔

جیکب آباد پولیس موبائل پر مسلح افراد کا حملہ، 3 اہلکار زخمی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں پولیس موبائل پر مسلح افراد کا حملہ، 3 اہلکار زخمی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے گڑھی حسن تھانہ کی پولیس موبائل گاڑی گشت کرتے ہوئے گاؤں غلام رسول کھوسو پہنچی تو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کردی، پولیس اور مسلح افراد کے درمیان مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں 3 پولیس اہلکار شیر علی لاشاری، خیر بخش اور ڈرائیور حبیب زخمی ہوگئے حملہ آور فائرنگ کرنے کے بعد فرار ہوگئے، زخمی اہلکاروں کو نازک حالت میں سول اسپتال جیکب آباد لایا گیا جہاں ان کی حالت تشویشناک ہونے پر سکھر منتقل کردیا گیا ہے

وفاقی محتسب کا اسلام آباد ایئرپورٹ کا دورہ، مسافروں کی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت

مسافروں نے امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی من مانیوں آگاہ کیا

سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھائے جائے اور ائرپورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کی جائے، اعجاز احمد قریشی کی حکام کو ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز اسلام آباد ائرپورٹ بھیجی جس نے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کرکے ان کی شکایات سنیں، ائرپورٹ کی انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور بعض مسافروں کے مسائل موقع پر حل کرائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر بین الاقوامی لاؤنج، Luggage Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کرکے مسائل کا جائزہ لیا۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات شامل تھیں۔ ٹیم نے قبل ازیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی گئی مختلف ٹیموں کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ ٹیم نے گزشتہ دورہ کے دوران ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے کیبنز اور چیک پوسٹ پر CCTV کیمرے لگانے اور تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھانے کی ہدایات دی تھیں۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ ائرپورٹ انتظامیہ نے ان ہدایات پر عملدرآمد کردیا ہے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر StampProtectorVisa کی سہولت کی موجودگی کے باوجود شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ائرپورٹ پر اس سہولت کے ہوتے ہوئے شکایات کا کوئی جواز نہیں۔ ٹیم نے فلائٹوں کی تعداد کے مطابق سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ ائرپورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے "یکجا سہولیاتی ڈیسک" کا بھی معائنہ کیا

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان سے مولوی مطیع اللہ آغا ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کے نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائے: ندیم شاہ

ڈائریکٹر آئی ٹی (ٹریننگ) ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان جواد احمد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر آئی ٹی (ٹریننگ) سائنس اینڈ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان جواد احمد نے جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں ہونے والی گفتگو میں بلوچستان کی نوجوان نسل کو جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای کامرس، آرٹیفیشل انٹیلی جنس، ڈیجیٹل مارکیٹنگ سمیت مختلف ہنر سے لیس کرنے اور بلوچستان میں ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ کو فروغ دینے سمیت مختلف امور پر بات چیت ہوئی۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے بتایا کہ بیرون ملک ملازمت کیلئے جاپان ایک پرکشش مقام رکھتا ہے، جاپان میں پاکستانیوں کیلئے انفارمیشن ٹیکنالوجی، نرسنگ، عمارتوں کی صفائی، دھاتوں کی ڈھلائی، مشینوں کے پرزہ جات اور ٹولز کی صنعت، الیکٹریشن، الیکٹرانکس، تعمیرات، بحری جہاز سازی، آٹوموبائل، ایوی ایشن، رہائشی صنعت، زراعت، ماہی پروری، کھانے کی تیاری، اور سروس کے شعبہ جات میں نوکریوں کے بے شمار مواقع موجود ہیں، ہنرمند افرادی قوت کو جاپان میں مختلف شعبوں میں روزگار ملنے سے پاکستانی شہریوں کا معیار زندگی بہتر ہوگا اور پاکستان کی معیشت کو بھی استحکام ملے گا۔ ڈائریکٹر آئی ٹی (ٹریننگ) سائنس اینڈ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان جواد احمد نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں اگر انہیں جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای کامرس اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کورسز کروا دیے جائیں تو یہ نوجوان گھر بیٹھے ہزاروں ڈالرز کمانے کے قابل بن جائیں گے 2023 کی مردم شماری کے مطابق بلوچستان میں نوجوانوں کی مجموعی آبادی 28 لاکھ ہے اگر ان نوجوانوں کو ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ سے لیس کردیا جائے تو یہ نوجوان بلوچستان کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ میری خواہش ہے کہ بلوچستان کے نوجوان بیرون ممالک میں روزی روٹی کمانے کیلئے بطور چوکیدار، مزدور یا ڈرائیور نہ جائیں

نادہندگان اور بجلی چوروں کیخلاف کارروائی تیز کی جائے، کیسکو چیف

بجلی بلوں کی وصولی کے طریقہ کار میں مزید بہتری لائی اور شکایات کا بروقت ازالہ بھی یقینی بنائیں

بجلی چوروں پر ڈیٹیکشن یونٹس چارج کئے جائیں، نادہندگان کو بلوں کی ادائیگی پر نوٹسز جاری کئے جائیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا ہے کہ بقایاجات کے حامل تمام نادہندگان کو بلوں کی ادائیگی کے متعلق نوٹسز جاری کئے جائیں اور مقررہ مدت تک بقایاجات جمع نہ کرنے والے تمام نادہندگان کے برقی کنکشنز بلاتفریق منقطع کئے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ فیلڈ آپریشن افسران کے ایک جائزاتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر (آپریشن) شوکت علی جوگیزئی، چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) مرزا اعزاز بیگ، چیف انجینئر (پلاننگ) محمد سیف اللہ، سپرنٹنڈنگ انجینئر (سینٹرل) سرکل کوئٹہ شاہد رئیسانی، سپرنٹنڈنگ انجینئر کیسکو خضدار سرکل کرم بخش بادینی، سپرنٹنڈنگ انجینئر پشین سرکل سید الطاف شاہ، ڈائریکٹر کمرشل اور منیجر ایم ایس کیسکو کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا کہ بجلی بلوں کی وصولی کے طریقہ کار میں مزید بہتری لائی جائے اور صارفین کو بجلی کی مسلسل فراہمی کے ساتھ ساتھ اُن کی شکایات کا بروقت ازالہ بھی یقینی بنائیں۔ کیسکو سربراہ نے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کو مزید تیز کریں اور بجلی چوروں وغیرہ قانونی بجلی استعمال کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے، نیز بجلی چوروں پر ڈیٹیکشن یونٹس چارج کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جن سب ڈویژنز میں ریکوری کی شرح کم ہے اُن کی کارکردگی میں بہتری لانے کیساتھ ساتھ لائن لاسز میں کمی کو بھی یقینی بنائیں۔ اجلاس سے چیف انجینئر آپریشن شوکت جوگیزئی نے بھی خطاب کیا۔ اس کے علاوہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو سینٹرل سرکل، پشین سرکل اور خضدار آپریشن سرکل کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ایگزیکٹو انجینئرز کی جانب سے اپنے متعلقہ سرکل اور ڈویژن کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔

بلوچستان کو بیج، کھاد، پانی زرعی وسائل بروقت فراہم کیے جائیں گے، رانا تنویر

ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے بلوچستان میں کپاس کی سیڈ انڈسٹری کا ہونا اہمیت کا حامل ہے، وفاقی وزیر

ایگرو پروسسنگ یونٹس کو مضبوط بنا کر پیداوار کے ضیاع کو کم اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنایا جائے، گفتگو

وزیر زراعت بلوچستان میر علی حسن زہری کی اجلاس میں شرکت، بلوچستان میں کھاد کا کوٹا کم کو بڑھانے پر اظہار خیال

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری برائے بلوچستان، وزیر زراعت بلوچستان میر علی حسن زہری کی وفاقی وزارت فوڈ اینڈ ریسرچ کی جانب سے منعقد چوبیسویں فیڈرل کمیٹی برائے ایگریکلچر میں شرکت کی، جسکی صدارت وفاقی وزیر برائے فوڈ اینڈ ریسرچ رانا تنویر نے کی۔ بلوچستان کو بیج، کھاد اور پانی جیسے ضروری زرعی وسائل بروقت اور مناسب مقدار میں۔ فراہم کیے جائیں صوبے میں بجلی سے چلنے والی یقینی ٹیوب ویل کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے میں سہولت فراہم کی جائے۔ بلوچستان میں بیج سے متعلق بہت سے مسائل ہیں لہٰذا میں وفاق سے گزارش کرتا ہوں کہ بلوچستان کو سیڈ کارپوریشن بنانے میں مدد کرے بلوچستان میں جتنے بھی ٹیکنیکل پروگرامز تھے چاہے وہ چاول، گندم، دال سیڈ شوگر کین، واٹر مینجمنٹ کے ہوں وہ سارے بند ہو چکے ہیں، لہٰذا ان پروگرامز کی بحالی کو فوری یقینی بنایا جائے بلوچستان میں کھاد کا کوٹا کم ہونے کے ساتھ ساتھ مختلف ضلعوں ڈیلرشپ بھی موجود نہیں لہٰذا اس بات کو یقینی بنایا جائے کے کھاد کا کوٹا صوبے کے رقبے کے لحاظ سے مختص کیا جائے اور ہر ضلعے میں کھاد کی ڈیلرشپ کی اجازت ہو بلوچستان میں دیگر صوبوں کی نسبت کپاس کی پیداوار بہت بہتر ہے اور جرمنیشن پرسنٹیج 95 فیصد تک ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کے بلوچستان میں کپاس کے بیج کی پیداوار بڑھانے اور ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے بلوچستان میں کپاس کی سیڈ انڈسٹری کا ہونا اہمیت کا حامل ہے اسکے علاوہ ایگرو پروسسنگ یونٹس کو مضبوط بنا کر پیداوار کے ضیاع کو کم اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنایا جائے۔ حکومت بلوچستان جدید زرعی اقدامات کے فروغ کے لیے پرعزم ہے

پسنی کے قلی بازار میں پہلی بار بجلی کی فراہمی، درجنوں گھر روشن ہوگئے

چیئرمین گوادر نے وعدہ پورا کردیا، قلی بازار تاریکی سے روشنی میں آ گیا

پسنی (یو این اے) ضلع گوادر کے چیئرمین سید معیار جان نوری کی کوششوں سے پسنی کے ساحلی علاقے قلی بازار میں پہلی بار بجلی کی فراہمی شروع ہوگئی۔ تقریباً 100 گھروں پر مشتمل اس علاقے میں برسوں بعد اندھیروں کا خاتمہ ہوا، جس پر مکینوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ علاقے میں پہلے سے کھمبے اور تاریں موجود ہونے کے باوجود بجلی کی فراہمی تعطل کا شکار تھی۔ چیئرمین گوادر نے اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے کیسکو حکام سے مسلسل رابطے میں رہ کر انتظامی رکاوٹیں دور کیں اور رواں سال کے اندر بجلی کی فراہمی کے وعدے کو عملی جامہ پہنایا۔ قلی بازار کو روشن کرنے میں کیسکو پسنی کے ایس ڈی او اور ان کی ٹیم نے کلیدی کردار ادا کیا۔

شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں پر کام جاری ہے، کمشنر نصیر آباد

منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، تمام اسکیمات کو مقررہ وقت پر مکمل کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

جاری منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہیں اور ان کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بنیادی سہولت میسر آئیں گی، معین خان

عوامی فلاح اور بہتری ہر منصوبے کا بنیادی مقصد ہونا چاہیے، گلیوں کی تعمیر کے کام کی رفتار تیز کی جائے، افسران سے بات چیت

نصیر آباد (غ ن) کمشنر نصیر آباد معین الرحمن خان کی زیر صدارت ڈویژن بھر میں جاری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا اس حوالے سے آج کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کی زیر صدارت پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) ڈیپارٹمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژن بھر کے ایکسین پی ایچ ای جن میں ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئر نصیر آباد حفیظ الرحمن ہاشمی، ایکسین جعفر آباد کاظم لونی، ایکسین استامحمد محمد احسن بشیر، سمیت کچھی، صحبت پور، اور جھل مگسی شامل ہیں نے شرکت کی اور اپنے اپنے متعلقہ اضلاع میں جاری ترقیاتی امور و واٹر سپلائی اسکیموں سمیت درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر معین الرحمن خان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے شہریوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں، جن کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام اسکیمات کو مقررہ وقت پر مکمل کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جاری منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہیں اور ان کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو زندگی کی بنیادی سہولت میسر آئے گی۔ اجلاس میں مختلف اسکیمات کی رفتار، مالی رکاوٹیں، تکنیکی مسائل اور ممکنہ حل پر بھی غور کیا گیا۔ دریں اثناء کمشنر نصیر آباد معین الرحمن خان کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ کے افسران کا اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت پر زور دیا گیا واضح رہے کہ آج کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نصیر آباد غلام سرور عمرانی، محمد ارسلان، سہیل احمد، رحمت اللہ کھکرانی، محمد اسماعیل و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈویژن بھر میں اربن اور رورل علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تمام ضلعی افسران نے اپنے محکمے کی جانب سے جاری و مکمل ہونے والے منصوبوں کے متعلق فرداً فرداً تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر معین الرحمن خان نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا، انہوں نے ہدایت دی کہ گلیوں کی تعمیر کے دوران سطح بندی (لیولنگ) کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ نکاسی آب کا مؤثر نظام قائم رہے اور بارش یا استعمال شدہ پانی سڑکوں پر نہ پھیلے مزید کہا کہ روڈز کی تعمیر کے دوران ان کے شولڈرز پر خصوصی توجہ دیں۔

قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے بروقت اور درست ہیں، حاجی ولی نورزئی

پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، مسلم لیگ کا واضح موقف ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن بلوچستان اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر، حاجی ولی محمد نورزئی نے وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ اجلاس کے فیصلوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ان فیصلوں کو قومی وقار، سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک بروقت اور درست قدم قرار دیا۔ اپنے بیان میں حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ پاکستان کی قیادت نے عالمی و علاقائی حالات کا مدبرانہ جائزہ لے کر بھارت کے اشتعال انگیز اقدامات کے مقابلے میں قومی مفاد پر مبنی پالیسی اختیار کی، جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں اور پوری قوم حکومت کے اس موقف کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کی انتہا پسندانہ اور اشتعال انگیز پالیسیوں کا نوٹس لے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

ٹرانسپورٹروں کیخلاف پروپیگنڈہ بند کیا جائے، ایکشن کمیٹی

جھوٹی خبروں کی اشاعت اصولی صحافت کے منافی ہے، حبیب اللہ ترین

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے "صدر حاجی حبیب اللہ خان بازئی، سیکرٹری جنرل حاجی میر محمد اکبر لہڑی، اور دیگر عہدیداران حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی ولی خان اچکزئی، حاجی ابراہیم اور حاجی نصراللہ دمڑ نے ایک مشترکہ بیان میں سوشل میڈیا پر ٹرانسپورٹ انڈسٹری کے خلاف جاری بے بنیاد اور منفی پروپیگنڈے کی سختی سے تردید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں بعض افراد کی جانب سے ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں غیر اعلانیہ اضافے، مسافروں کو ناجائز تنگ کرنے، اور عملے کی بداخلاقی کے حوالے سے جھوٹی خبریں اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل کی جارہی ہیں، جن کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسے افراد موبائل فون اٹھا کر چند ویڈیوز بنا کر سستی شہرت حاصل کرنے اور سوشل میڈیا پر داد سمیٹنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرز عمل سے نہ صرف ٹرانسپورٹ کے شعبے کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ عوام میں غلط فہمیاں بھی جنم لے رہی ہیں۔ ٹرانسپورٹرز عہدیداران نے کہا کہ اگر کسی کو شکایت ہو تو متعلقہ کمیٹی کے حکام یا عملے سے رجوع کیا جائے، نہ کہ سوشل میڈیا پر افواہیں پھیلائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم خود بھی انفرادی سطح پر شکایات کا نوٹس لیتے ہیں اور فوری اصلاحی اقدامات کرتے ہیں

پاکستان کا مستقبل تحریک انصاف سے وابستہ ہے، سید صادق آغا

پاکستان اور عمران خان لازم و ملزوم، سازشیں کرنیوالے ہوش کے ناخن لیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق سینئر نائب صدر اور ممتاز قبائلی رہنما "سید صادق آغا" نے پارٹی کے 29 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 25 اپریل کا دن پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک روشن باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ 29 سال قبل جس تحریک کا آغاز ایک کرکٹر نے کیا تھا، وہ آج ایک عوامی شعور، قومی وقار اور نظریاتی خودمختاری کی علامت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف صرف ایک سیاسی جماعت نہیں، بلکہ ایک مشن ہے — ایک ایسا مشن جو کرپشن سے پاک، انصاف پر مبنی اور باوقار پاکستان کی تشکیل کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہمیں جرات، خودداری اور حق کے لیے ڈٹ جانے کا حوصلہ دیا۔ ان کی قیادت میں ملک کو ان طاقتوں سے نجات دلانے کی کوشش کی جارہی ہے جو دہائیوں سے قوم کو غلامی میں جکڑے ہوئے ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی گیس لیکج کے باعث جھلسنے والے بچوں کیلئے ادویات دے رہے ہیں

"SAY NO TO CORRUPTION"
GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY
BALOCHISTAN-SOUTH REGION, KHUZDAR
(ADMINISTRATION WING)
URAAN PAKISTAN

TENDER NOTICE

PROVISION OF 16x SECURITY GUARDS
(EX-ARMY PERSONNEL/SSG/CIVIL ARMED FORCES)
FOR NHA REGIONAL OFFICE
BALOCHISTAN-SOUTH KHUZDAR
AND ITS ADJACENT OFFICES & MAINTENANCE UNITS
AT KHUZDAR (N-25), MAINTENANCE UNIT LASBELA (N-25)
& NHA REST HOUSE KHUZDAR

1. National Highway Authority (Balochistan South) Khuzdar office invites sealed Bids from eligible interested Security Firms/Agencies for provision of **16x Security Guards (Ex-Army Personnel/SSG/Civil Armed Forces) to be deployed at NHA Regional office Balochistan South Khuzdar and its Adjacent Offices & Maintenance Units at Khuzdar (N-25), Maintenance Unit Lasbela (N-25) & NHA Rest House Khuzdar.**
2. Registered Companies having NOC from Ministry of Interior, Government of Pakistan, Home Departments of all provinces including Azad Jammu & Kashmir/Gilgit Baltistan are eligible to apply for Pre-Qualification. The Companies already black listed by Government of Pakistan or terminated by NHA are not eligible to apply.
3. Firms/Agencies having minimum **10 Years Experience** in relevant filed can participate in the bidding process.
4. Bidding documents containing method of procurement **(Single Stage Two Envelopes)** detailed terms and conditions can be downloaded from NHA's website **(www.nha.gov.pk)** or the same can be purchased from Deputy Director (Administration) office Khuzdar on written request on Firm's letter head accompanied with Pay Order/Demand Draft on account of tender fee i.e. 5,000/- (Non-Refundable) in favour of "NHA RMA Account" during office hours **before May 14, 2025.**
5. **Bid Security/Earnest Money @ 100,000/-** in shape of pay order/demand draft issued from schedule bank of Pakistan must be accompanied along with **"Technical Bid"**
6. The Bids complete in all respect and sealed in separate envelope should reach to the office of General Manager (Balochistan-South) NHA Khuzdar, on or before **May 14, 2025 till 1100 Hours.** The envelope containing **"Technical Bid"** will be opened on the same day at **1130 Hours** in the presence of Bidder's Representatives, who choose to attend. Second envelope containing **"Financial Bid"** of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated to the qualified bidder after evaluation/approval of the Technical Bids.
7. All Prospective Bidders are also advised to follow the NHA website for updated of schedule and addendums, if any.
8. The Firms providing unsubstantiated/ incorrect information is liable to legal action and disqualification/termination of the contract.
9. NHA reserves the rights to reject any or all bids thereof as per PPRA Rules.
10. This Advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk**

GENERAL MANAGER (BALOCHISTAN-SOUTH)
National Highway Authority
NHA Complex, Main RCD Highway, Khuzdar
Phone: 0848-412300 & Email: gmbal_south@yahoo.com
PID(I)7241/24

SITUATION VACANT

The Project Implementation Unit of a national organization is inviting applications (CVs) from qualified candidates for the following positions under government-funded public health initiatives across various districts of Balochistan. These roles offer competitive salary packages and on-site accommodation within hospital premises, initially for a one-year contract, extendable based on satisfactory performance.

S. No	Name of Post (s)	Minimum Requirement
1.	Medical Superintendent	MBBS with MPH or an equivalent qualification, along with a minimum of 5 years of relevant experience and demonstrated proficiency in computer skills.
2.	Officers: i. Human Resource Officer ii. Finance Officer iii. Logistics Officer iv. IT & HIMS Officer	i. MBA in HR or equivalent. Minimum 3 years of experience in the hospital sector. ii. M.Com or MBA in Finance or equivalent. Minimum 3 years of experience in the hospital sector. iii. MBA in Supply Chain or equivalent. Minimum 3 years of experience in the hospital sector. iv. Master's degree in IT or equivalent. Minimum 3 years of experience in the hospital sector.
3.	Specialists: Medical, Surgical, Gynecology, Anesthesia, Radiology, Paediatrics	MBBS / FCPS or Equivalent Qualification recognized by PMDC. Valid registration with the relevant council is mandatory
4.	Senior Dental Surgeon	BDS / FCPS or Equivalent Qualification recognized by PMDC. Valid registration with the relevant council is mandatory
5.	Senior Medical Officer: Medical, Surgical, Gynecology, Pediatrics, Anesthesia, Radiology, Orthopedics.	MBBS / FCPS-II training completed in relevant specialty. Valid registration with the relevant council is mandatory.
6.	Medical Officer (Male/Female)	MBBS from a recognized University (PDMC Registered)
7.	Dental Surgeon	BDS from a recognized University (PDMC Registered)
8.	Nurses (Male/Female)	BSN/ Diploma in General Nursing or Equivalent Qualification. Valid registration with the relevant council is mandatory
9.	LHV	Diploma in LHV from Pakistan Nursing Council / PNC Registered
10.	Pharmacist	Pharm-D from a recognized university with a valid Category - A license from the Pakistan Pharmacy Council.
11.	TECHNOLOGIST/TECHNICIAN Radiology, Surgical, Anesthesia, Pharmacy, Ultrasound, Laboratory, Blood Bank, Dental, EPI, Health, Sterilization	Bachelors degree (BS) in a relevant discipline from a recognized university; or Two-year diploma in a relevant discipline from a recognized medical faculty. Valid registration with the relevant council is mandatory
12.	Receptionist	B.Sc or F.A, F.Sc with DIT, and a minimum of 3 years of relevant experience in a hospital or healthcare setting.
13.	Store Keeper	Bachelor's degree or equivalent qualification in a relevant discipline from a recognized university. Minimum of 3 years' experience in the hospital sector.

Interested candidates are invited to submit their updated CVs, indicating the position applied for, to quettajobs100@gmail.com by May 15, 2025. Only shortlisted candidates will be contacted f or an interview. No TA/DA will be provided. Preference will be given to local candidates

PAKISTAN POST
پاکستان پوسٹ
از دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان

اطلاع نامہ

معزز ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج-III کوئٹہ کے امتناعی احکامات مورخہ 23-04-2025 کی روشنی میں پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان کے دفتر سے ٹرانسپورٹرز کی خدمات کے حصول کیلئے ٹینڈر نوٹس جو قبل ازیں مشتہر شدہ تاریخ 24-04-2025 کو کھولے جانے تھے، کو ملتوی کیا جاتا ہے۔ ٹینڈر کھولنے کی نئی تاریخ بعد میں مشتہر کی جائے گی۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر میل اینڈ پی ایس، بلوچستان سرکل کوئٹہ
PID(Q)416/24

کوٹیشن مطلوب ہیں

کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ کیڈٹ کو سٹوڈنٹ کی ٹریننگ کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے میپنگ بورڈ میٹنکس کے لیے بریز ر میرون اور گرین کلاتھ کی کوٹیشنز مطلوب ہیں۔ اس کی تفصیل کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کی ویب سائٹ cscquetta.gov.pk پر میسر ہے۔ آپ کی کوٹیشنز دفتر ہذا مورخہ 9 مئی 2025 بوقت 09:00 بجے تک پہنچ جانی چاہیے۔ ٹینڈر اسی دن 10:00 بجے کھولا جائے گا۔ کوٹیشنز میں تمام ٹیکسز شامل ہونے چاہیے جاری کرنے والے اتھارٹی کو ٹینڈر منظور / مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔ پیپرا (PPRA) کے قانون نمبر 38 تحت فرم GST/NTN رجسٹرڈ ہونی چاہیے۔ ٹیکس میں معافی ہونے کی صورت میں ثبوت کوٹیشن کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

لیفٹیننٹ کرنل (جنرل سٹاف آفیسر گریڈ-1 انفارمیشن ٹیکنالوجی ونگ)
ٹیلی فون نمبر 081-9201194

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپواکر A-4ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 25 اپریل 2025ء

بھارتی عزائم کا پردہ فاش: ہر قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا!!

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی نے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے اقدام کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کا پانی روکنا اعلان جنگ تصور کیا جائے گا اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی تفصیل میں جانے سے قبل اس تلخ تاریخی حقیقت کا ذکر ضروری اور برمحل ہے کہ پاکستان کے ازلی دشمن کی حیثیت سے بھارت نے نہ صرف کبھی بھی پاکستان کو دل سے تسلیم نہیں کیا بلکہ ہمیشہ بھارت نے ہمارے خلاف جارحیت در جارحیت کا ارتکاب بھی کیا اور ہر بار جواب ملنے پر دم دبا کر بھاگنے میں بھی اب تک بھارت کا کوئی ثانی نہیں رہا۔ بھارت جہاں پاکستان میں دہشت گردی، بدامنی اور عدم استحکام کے لئے سازشی منصوبے بناتا رہتا ہے وہاں دنیا کی نظروں میں معصوم بننے کے لئے وہ بے بنیاد پروپیگنڈے بھی کرتا ہے پہلگام میں سیاحوں کی ہلاکت کا جو واقعہ پیش آیا اس کے مابعد بھارت نے پاکستان کے حوالے انتہائی افسوسناک اور بچگانہ پروپیگنڈا کرتے ہوئے ملبہ پاکستان پر ڈالنے کی کوشش کی اور بارڈر بند، پاکستانیوں کو اپنا ملک چھوڑنے کا کہتے ہوئے سندھ طاس معاہدہ بھی یکطرفہ طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا جو نئی آبی جارحیت ہے پاکستان نے سیاحوں کی جانوں کے ضیاع پر تشویش کا اظہار کیا اور چونکہ بھارتی عزائم کا پردہ فاش ہو چکا تھا کہ وہ فالس فلیگ آپریشن کے بعد اب جارحیت پر اتر آیا تو اس کا جواب دینا بھی ضروری تھا قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب فوری طور پر طلب کیا گیا جو جمعرات کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کے شرکا نے قومی سلامتی کے منظر نامے، علاقائی صورتحال بالخصوص غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں وکشمیر کے ضلع اننت ناگ میں پہلگام حملے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق سیاحوں کی جانوں کے ضیاع پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کمیٹی نے اعلان کردہ بھارتی اقدامات کا جائزہ لیا اور انہیں یکطرفہ، غیر منصفانہ، سیاسی محرکات پر مبنی، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور غیر قانونی قرار دیا۔ پاکستان نے بھارتی اقدامات کا بھرپور جواب دیتے ہوئے سارک استثنیٰ سکیم کے تحت بھارتی شہریوں کو جاری تمام ویزے معطل کرنے، واہگہ بارڈر پوسٹ کو فوری طور پر بند کرنے اور ہر قسم کی تجارت معطل کرنے کا اعلان کیا بلکہ بھارتی ایئر لائنز پاکستان کی فضائی حدود نہیں استعمال کر سکیں گی، سندھ طاس معاہدے کے مطابق پاکستان کا پانی روکنے کے کسی بھی عمل کو جنگ تصور کیا جائے گا کمیٹی نے صورتحال کے تناظر میں متعدد فیصلے کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سندھ طاس معاہدہ ملتوی کرنے کے بھارتی اعلان کو سختی سے مسترد کرتا ہے۔ یہ معاہدہ ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے جس کی ثالثی عالمی بینک نے کی اور اس میں یکطرفہ طور پر معطلی کی کوئی شق نہیں ہے۔ پانی پاکستان کا ایک اہم قومی مفاد ہے، جس پر اس کے چوبیس کروڑ عوام کی زندگی منحصر ہے اور اس کی دستیابی کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے پانی کے بہاؤ کو روکنے یا اس کا رخ موڑنے کی کوئی بھی کوشش اور زیریں دریا کے حقوق غصب کرنے کو ایک جنگی قدم تصور کیا جائے گا اور قومی طاقت کے مکمل دائرہ کار میں پوری قوت سے جواب دیا جائے گا۔ بین الاقوامی کنونشنز، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو اپنی مرضی سے نظر انداز کرنے والے بھارت کے لاپرواہ اور غیر ذمہ دارانہ رویے کو دیکھتے ہوئے، پاکستان اس وقت بھارت کے ساتھ تمام دوطرفہ معاہدوں کو معطل کرنے کا حق استعمال کرے گا، جو صرف شملہ معاہدے تک ہی محدود نہیں رہے گا، جب تک بھارت سرحد پار قتل وغارت، بین الاقوامی قوانین اور کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادوں کی عدم پاسداری سے باز نہیں آتا۔ پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ مسلسل ہندوستانی ریاستی جبر، ریاستی حیثیت کی منسوخی، سیاسی اور آبادیاتی ہیر پھیر، مسلسل غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں وکشمیر کے لوگوں کی طرف سے ایک فطری ومقامی ردعمل کا باعث بنی ہے، جو تشدد کی فضا کا باعث بنا ہے۔ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کے خلاف بھارت کا منظم ظلم وستم مزید بڑھ گیا ہے۔ وقف بل کی زبردستی منظوری کی کوششیں ہندوستان بھر میں مسلمانوں کو دیوار سے لگانے کی تازہ ترین کوشش ہے۔ بھارت کو ایسے المناک واقعات سے فائدہ اٹھانے کی بجائے لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی کی پوری ذمہ داری قبول کرنی چاہئے پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی کی بلا امتیاز مذمت کرتا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف دنیا کی صف اول کی ریاست ہونے کے ناطے پاکستان کو بے پناہ انسانی اور معاشی نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ پاکستان کی مشرقی سرحدوں پر کشیدگی کی بھارتی کوششوں کا مقصد پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں سے توجہ ہٹانا ہے کسی مصدقہ تحقیقات اور قابل تصدیق شواہد کی عدم موجودگی میں پہلگام حملے کو پاکستان سے جوڑنے کی کوششیں بے بنیاد، عقلیت اور منطق سے عاری ہیں۔ بھارت کی مظلومیت کا گھسا پٹا بیانیہ پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردی کو ہوا دینے میں اس کے اپنے قصور کو چھپا نہیں سکتا اور نہ ہی وہ بھارتی زیر تسلط مقبوضہ کشمیر میں اپنے منظم اور ریاستی سرپرستی میں ہونے والے جبر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹا سکتا ہے اجلاس کے بعد جاری وزیراعظم کے اعلامیہ ذاتی وفاقی قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں اس بات کی تفصیل... [illegible]

پہلگام واقعہ! عقل ودلائل پر حاوی ہوتا ہیجان

عقل اتفاق ہے کہ سن 2000ء کے مارچ کی 20 تاریخ کو میں دلی کے ایک ہوٹل میں قیام پذیر تھا۔ اس وقت خبر آئی کہ مقبوضہ کشمیر کے تاریخی شہر اننت ناگ کے قریب واقع ایک قصبے میں 35 سکھوں کو قتل کردیا گیا ہے۔ وحشیانہ قتل عام پر مبنی یہ دہشت گردی ان دنوں کے امریکی صدر کلنٹن کے دورہ بھارت سے چند ہی دن قبل ہوئی۔ کشمیری قیادت کے بھارت نواز حلقے بھی نئی دلی میں میرے ساتھ ''آف دی ریکارڈ'' گفتگو میں مصرر ہے کہ مذکورہ واردات ''بھارتی ایجنسیوں'' نے ڈالی ہے۔ مقصد اس کا امریکی صدر کو قائل کرنا ہے کہ مبینہ طور پر پاکستان کی مدد سے مقبوضہ کشمیر میں متحرک ''دہشت گرد'' فقط بھارتی ہندوؤں ہی کے دشمن نہیں۔ مسلمانوں کے سوا ہر مذہب کے پیروکار کو اپنا ویری گردانتے ہیں۔

چھٹی سنگھ پورہ وہ قصبہ تھا جہاں یہ واقعہ ہوا تھا۔ مذکورہ واقعہ کے بعد میں کم از کم تین برس تک ہر برس کے چھ ماہ بھارت میں مقیم رہ کر رپورٹنگ کرتا رہا۔ میرے قیام کے دوران بھارتی حکومت کی جانب سے تیار ہوئی ایسی کوئی رپورٹ منظر عام پر نہیں آئی جو ثابت کرے کہ سکھوں کے وحشیانہ قتل عام کی ذمہ دار کشمیر کی تحریک آزادی سے وابستہ کوئی تحریک تھی۔ امریکی سفارت کاروں سے بھی نہ صرف اسلام آباد بلکہ واشنگٹن میں ہوئی چند ملاقاتوں کے دوران بھی میں اس واقعہ کے ذمہ داروں کے بارے میں سوال اٹھاتا رہا۔ مجھے کندھے اچکا کر لاعلمی کا احساس دلایا جاتا۔

چھٹی سنگھ پورہ واقعہ سے متعلق ایڈرین لیوی (Adrian Levy) اور کیتھی سکاٹ۔کلارک (CathyClark-Scott) نے باہم مل کر ایک کتاب لکھی تھی۔The Meadow اس کا نام تھا۔ ''گھاس کا میدان'' یا ''سبزہ گاہ'' اس کا اردو ترجمہ ہوسکتا ہے۔ یہ کتاب لکھتے ہوئے مصنفین نے اس تنظیم کے کارندوں کا سراغ لگانا چاہا جو خود کو ''الفاران'' پکارتی تھی اور جنہوں نے مقبوضہ کشمیر میں برطانیہ، امریکہ، ناروے اور جرمنی سے آئے چند سیاحوں کو 1995ء میں اغواء کیا تھا۔ اغواء



برملا

نصرت جاوید

کاروں کا مصنفین سراغ نہ لگاپائے۔ اپنی کتاب میں تاہم ایسے واقعات بیان کئے جو واضح طور پر یہ پیغام دیتے تھے کہ بھارتی پولیس اور انٹیلی جنس ایجنسیاں متعدد بار اغواء ہوئے افراد کو بازیاب کرواسکتی تھیں۔ انہوں نے مگر بے اعتنائی برتی اور مذکورہ اغواء کو کشمیری حریت پسندوں کو عالمی سطح پر ''بدنام'' کرنے کے لئے استعمال کیا۔

مذکورہ بالا واقعات یاد دلانے کا ہرگز یہ مقصد نہیں کہ میں منگل کی شام مقبوضہ کشمیر کے تفریحی مقام پہلگام میں ہوئی واردات کا ذمہ دار بھارتی پولیس یا انٹیلی جنس ایجنسیوں کو ٹھہرا رہا ہوں۔ اس واقعہ میں 27 افراد کی نامعلوم افراد کے ہاتھوں ہلاکت بھی ہر اعتبار سے دہشت گردی ہے۔ اس کی پرزور مذمت لازمی ہے۔ مذمت کے بعد مگر پہلا مطالبہ یہ ہونا چاہیے کہ مقبوضہ کشمیر میں جسے اگست 2019ء میں مودی سرکار نے ''یونین ٹیریٹری'' قرار دے کر بھارت کا اٹوٹ انگ بنالیا تھا اب ایسی واردات کیوں ہوئی۔ مقبوضہ کشمیر کو کئی مہینوں تک دہلی کی براہ راست نگرانی میں چلاتے ہوئے بھارتی حکومت نے اسے باقی دنیا سے کاٹ کر کئی مہینوں تک دنیا کی وسیع تر جیل میں تبدیل کردیا تھا۔ انٹرنیٹ تو دور کی بات ہے، مقبوضہ کشمیر میں محصور ہوئے عوام غیر ملکوں سے ٹیلی فون رابطے بھی استوار نہیں کرسکتے تھے۔ مقبوضہ کشمیر کے ایک شہر سے دوسرے شہر جانے کے لئے بھی کئی مقامات پر شناختی پریڈ اور جامہ تلاشی کے مراحل سے گزرنا پڑتا۔ چار برس کی کڑی نگرانی کے بعد جموں وکشمیر کی اسمبلی کو لداخ سے کاٹ کر بحال کرنے کے لئے انتخاب ہوئے۔ جو انتخاب ہوئے ان کے دوران ٹرن آؤٹ کئی اعتبار سے متاثر کن تھا۔ اس کی بدولت بھارتی حکومت یہ دعویٰ کرنے میں کامیاب ہوئی کہ مقبوضہ کشمیر میں زندگی معمول پر آرہی ہے۔ سیاحت بھی فروغ پارہی ہے۔ صرف 2024ء میں 2 کروڑ سے زیادہ سیاح مقبوضہ کشمیر آئے تھے۔

ایسے ماحول میں منگل کی شام ہوا واقعہ ''انہونی'' شمار ہونا چاہیے۔ جو انہونی ہوئی اس کا سراغ لگانے کے لئے تاہم کھلے ذہن کے ساتھ ہوئی تفتیش درکار ہے۔ انٹیلی جنس کی بے خبری پر سوال اٹھانا بھی لازمی تھا۔ واجب سوالات اٹھانے کے بجائے بھارت کے تمام چینل متحد ہوکر پھیپھڑوں کا زور لگاتے ہینکروں کی مدد سے یہ کہانی پھیلانا شروع ہوگئے کہ عرصہ ہوا پاکستان کی جانب سے کالعدم ٹھہرائی ایک تنظیم نے انگریزی زبان کے استعمال سے ایک ''نیا فرنٹ'' کھڑا کرلیا ہے۔ اس کے لوگوں نے 22 اپریل 2025ء کی واردات کا ارتکاب کیا ہے۔ مختصر الفاظ میں پاکستان کو بحیثیت ریاست اس واقعہ کا بلاثبوت ذمہ دار ٹھہرادیا گیا ہے۔

دعویٰ یہ ہو رہا ہے کہ جیسے مارچ 2000ء میں کلنٹن کی آمد سے قبل چھٹی سنگھ پورہ والا واقعہ ہوا تھا ایسے ہی واقعہ کو سیاحوں کے ساتھ پہلگام میں دہرانے کی ضرورت اپریل 2025ء میں اس لئے پیش آئی کیونکہ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس ان دنوں اپنی بھارتی نژاد اہلیہ اور بچوں کے ساتھ بھارت کے دورے پر ہیں۔ بھارتی وزیراعظم سے ملاقات کے بعد وہ جے پور گئے۔ وہاں ان کا شاہی مہمان کی طرح سواگت ہوا۔

جے ڈی وینس سے ملاقات کے بعد نریندر مودی دودن کے لئے سعودی عرب روانہ ہوگئے۔ وہاں سرکاری ملاقاتوں کے اختتام کے بعد انہیں بدھ کی شام پہلگام کی خبر ملی۔ خبر ملنے کے فوری بعد انہوں نے سعودی کراؤن پرنس کے عشائیے میں شرکت سے معذرت کرتے ہوئے فوری طور پر بھارت لوٹنے کا فیصلہ کیا۔ اپنا ردعمل دکھانے میں بھارتی وزیر اعظم نے جو تیزی دکھائی ہے وہ پاکستان کی اکثریت کو یہ سوچنے کو مجبور کررہی ہے کہ وہ بالاکوٹ جیسا کوئی ''ایڈونچر'' دہرانے کو تیار ہیں۔ قیاس آرائی یہ بھی ہورہی ہے کہ کشمیر پر واقع لائن آف کنٹرول جو 2021ء سے خاموش ہے ایک بار پھر ''گرم'' کی جاسکتی ہے۔ بھارت کے سوشل میڈیا پر چھائے ''ذہن ساز'' مگر ایسے اقدامات کو ''نرم'' قرار دے رہے ہیں۔ وہ بھارتی حکومت پر دباؤ بڑھا رہے ہیں کہ پاکستان کو ''حتمی شکست'' سے دوچار کیا جائے۔ ان کے خیالات کے جواب میں پاکستان کے سوشل میڈیا ''مجاہدین'' بالاکوٹ کے بعد گرفتار ہوئے ایک بھارتی پائلٹ -ابھی نندن- کو پیش کی گئی ''چائے مزیدار ہے'' یاد دلارہے ہیں۔ ہیجان ایک بار پھر عقل ودلائل پر حاوی ہوتا نظر آرہا ہے۔ یہ تقاضہ ہوہی نہیں رہا کہ پہلگام میں ہوئے واقعہ کے حقیقی ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔ اس کے بغیر دہشت گردی کی تمام تر ذمہ داری پاکستان کے سرڈال کر میری عاجزانہ رائے میں دہشت گردوں کو حقیقی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔

کشمیر کے ساتھ پاکستان اور پاک فوج کی بے لوث محبت اور نفرتیں پھیلانے کی مذموم کوششیں

ماضی اور حال میں پاکستان کے رہنماؤں نے کشمیر کے تئیں مسلسل گہرے پیار اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ ملک کے بانی قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کے ساتھ پاکستان کے تعلقات کی نظریاتی بنیاد رکھی۔ ان کا مشہور بیان، "کشمیر پاکستان کی رگ ہے" کئی نسلوں سے گونج رہا ہے، جو پاکستان کی قومی شناخت میں کشمیر کی اہمیت کی علامت ہے۔ قائداعظم کا ماننا تھا کہ کشمیر اپنی مسلم اکثریتی آبادی اور جغرافیائی قربت کی وجہ سے پاکستان کا فطری حصہ ہے۔ شروع سے ہی انہوں نے کشمیری عوام کو سفارتی اور سیاسی حمایت فراہم کی، جس سے پاکستان کے پائیدار موقف کا رخ ہموار ہوا۔ پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان نے بھی مسئلہ کشمیر کے لیے غیر متزلزل لگن کا مظاہرہ کیا اور اس معاملے کو بین الاقوامی سطح پر اٹھانے میں اہم کردار ادا کیا، خاص طور پر اقوام متحدہ کے ذریعے۔ اپنے دور میں لیاقت علی خان نے کشمیر میں رائے شماری کی وکالت کرنے والی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے نفاذ کے لیے زور دینے کے لیے فعال طور پر سفارتی راستے اختیار کیے۔ انہوں نے مسلسل اس بات پر زور دیا کہ کشمیری مقصد کے لیے پاکستان کی حمایت سیاسی یا علاقائی مفادات سے بالاتر ہے۔ پاکستان کے رہنماؤں میں سے جذباتی جوش وخروش اور کشمیر کے لیے غیر متزلزل وکالت کا مظاہرہ ذوالفقار علی بھٹو نے بھی کیا۔ وزیر خارجہ اور وزیراعظم کی حیثیت سے بھٹو نے ہر بڑے بین الاقوامی پلیٹ فارم پر کشمیر کے مقصد کی حمایت کی۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں انہوں نے مشہور زمانہ انداز میں ایسی تجاویز پھاڑ دیں جنہیں وہ کشمیری عوام کے لیے غیر منصفانہ سمجھتے تھے اور احتجاج میں واک آؤٹ کیا جو ایک ایسا عمل تھا جس نے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر تعریف حاصل کی۔ ان کی تقریریں یکجہتی کے طاقتور اعلانات تھیں، جو جذبات اور عزم سے بھری ہوئی تھیں۔ ان کے سب سے زیادہ حوالہ شدہ بیانات میں سے ایک- "اگر ضرورت پڑی تو ہم کشمیر کے لیے ایک ہزار سالہ جنگ لڑیں گے"- علامتی طور پر خطے کے ساتھ پاکستان کے جذباتی، نظریاتی اور اسٹریٹجک تعلق کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔ اپنی پرجوش وکالت کے علاوہ بھٹو نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے کے لیے بھی کام کیا اور کشمیر پر اپنے موقف کے ساتھ

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

ملک کی فوجی تیاریوں کو ہم آہنگ کیا۔

آج بھی پاکستان کی موجودہ سیاسی اور فوجی قیادت بشمول وزیر اعظم شہباز شریف، صدر آصف علی زرداری اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کشمیر کے لیے ملک کے غیر متزلزل عزم کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ ہر قومی اور بین الاقوامی پلیٹ فارم پر وہ پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہیں، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مذمت کرتے ہیں اور سفارتی ذرائع سے اس مسئلے کو اجاگر کرتے ہیں۔ یوم یکجہتی کشمیر ایک اہم دن ہے، جبکہ میڈیا، بین الاقوامی فورمز اور انسانی ہمدردی کے ذریعے کشمیری آوازوں کو بڑھانے کی کوششیں جاری ہیں۔

نومبر 2022 میں چیف آف آرمی اسٹاف کا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے جنرل عاصم منیر نے کشمیری عوام کی حمایت کرنے اور ان کے حق خود ارادیت کو برقرار رکھنے کے پاکستان کے پختہ عزم کا مسلسل اعادہ کیا ہے۔ اپنے الفاظ اور اعمال دونوں کے ذریعے جنرل عاصم منیر نے کشمیری عوام کے لیے ان کے خود ارادیت کے حصول میں قوم کی غیر متزلزل حمایت پر مسلسل زور دیا ہے۔ 14 اگست 2023 کو پاکستان ملٹری اکیڈمی میں منعقدہ آزادی پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اعلان کیا، "کوئی بھی بری سازش کشمیری عوام کے عزم کا مقابلہ نہیں کر سکتی"۔ انہوں نے اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کو منسوخ کرنے کے ہندوستان کے فیصلے کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے ایک "غیر تصور شدہ عمل" قرار دیا جس کا مقصد خطے کی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنا ہے۔ جنرل عاصم منیر نے کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا مسلسل اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی برادری سے بار بار مطالبہ کیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی طرف سے منظور شدہ رائے شماری کو آسان بنانے میں فعال اور فیصلہ کن کردار ادا کرے، جس سے کشمیری اپنے مستقبل کا تعین خود کرسکیں۔ دسمبر 2023 میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران جنرل منیر نے زور دے کر کہا کہ "جنوبی ایشیا میں امن اس وقت تک مشکل رہے گا جب تک کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق دیرینہ تنازعہ کشمیر کا پرامن حل حاصل نہ ہو جائے۔" انہوں نے جموں وکشمیر کی حیثیت کو تبدیل کرنے کے ہندوستان کے یکطرفہ اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔

دسمبر 2022 میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے دورے کے دوران جنرل عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج "ہمیشہ تیار ہیں، نہ صرف ہماری مادر وطن کے ہر انچ کے دفاع کے لیے، بلکہ اگر کبھی ہم پر جنگ مسلط کی گئی تو لڑائی کو دشمن کے علاقے میں لے جانے کے لیے بھی"۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کشمیر میں ہندوستان کے عزائم کامیاب نہیں ہوں گے۔ فروری 2025 میں انہوں نے ایک جرات مندانہ اعلان کیا: "پاکستان کشمیر کے لیے پہلے ہی تین جنگیں لڑ چکا ہے اور اگر مزید دس جنگوں کی ضرورت پڑی تو پاکستان وہ بھی لڑے گا"۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ہندوستان کی فوجی طاقت یا تکنیکی ترقی سے نہیں گھبرائے گا اور انہوں نے کسی بھی حالت میں کشمیر اور اس کے عوام کے دفاع کے لیے ملک کی تیاری کا اعادہ کیا۔ مظفر آباد کے دورے کے دوران جنرل عاصم منیر نے شہیدوں کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر کشمیر کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کشمیری عوام کی قربانیوں کی تعریف کی اور ان کے مقصد کے لیے پاکستان کے پختہ اور پائیدار عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کو یقینی بنائے اور ایک منصفانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے کشمیریوں کو حق خود ارادیت دینے کے اپنے نامکمل وعدوں کے لیے ہندوستان کو جوابدہ ٹھہرائے۔ راولپنڈی میں جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) میں یوم دفاع کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جنرل عاصم منیر نے کشمیر پر ہندوستان کے غاصبانہ قبضے اور اس کے لوگوں کو درپیش ظلم وستم کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے نئی دہلی پر خطے کے آبادیاتی نظام کو تبدیل کرنے کی کوشش کرنے کا الزام لگایا اور مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی نسل کشی کے بارے میں خبردار کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے تنازعہ کشمیر کا منصفانہ حل ضروری ہے اور انہوں نے کشمیری عوام کی امنگوں کی تکمیل تک سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت فراہم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ مارچ 2023 میں جنرل عاصم منیر نے ایک بار پھر ایک مضبوط موقف اختیار کیا اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کے پرامن حل کے پاکستان کے مطالبے کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ہندوستان کو کسی بھی طرح کی مہم جوئی کے خلاف خبردار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج وطن کے ہر انچ کا دفاع کرنے اور تنازعہ پیدا ہونے کی صورت میں فیصلہ کن جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ جنرل عاصم منیر کے اقدامات اور بیانات کشمیری عوام کے ساتھ کھڑے ہونے کے پاکستان کے ثابت قدم عزم کی عکاسی کرتے ہیں

ٹروڈو کے بعد کا کینیڈا: اقتدار کی دہلیز پر کانٹوں بھرا سفر

جسٹن ٹروڈو کے بعد، کینیڈا ایک نئے سیاسی موڑ پر کھڑا ہے، لیکن یہ تبدیلی امیدوں کا جشن نہیں، بلکہ بحرانوں کی بھری راہ ہے۔ مارک کارنی کی قیادت میں لبرلز کے لیے یہ سفر اقتدار کی نہیں، امتحان کی علامت ہے۔ حالیہ عوامی جائزے لبرل پارٹی کی مارک کارنی کی قیادت میں واپسی کا عندیہ دے رہے ہیں، اندازے اکثریتی حکومت کی پیش گوئی بھی کر رہے ہیں، جس ملک نے قریب ایک دہائی تک جسٹن ٹروڈو کی دلکش شخصیت کو برداشت کیا، اب ایک نئے چہرے کی تلاش میں ہے۔ مگر اگر واقعی لبرلز اقتدار میں واپس آتے ہیں، تو یہ کوئی جیت کی شاندار منزل نہیں ہوگی، بلکہ یہ ایک ایسی راہ ہوگی جو بحرانوں سے بھرپور ہے۔ معیشت کی نازک صورتحال، سماجی انتشار، اور بیرونی دنیا کی غیر یقینی صورت حال۔ مارک کارنی، جنہیں عالمی سطح پر مالیاتی ماہر کے طور پر جانا جاتا ہے، ان کے لیے یہ وزارت عظمیٰ کا سفر کسی تاج کی مانند نہیں ہوگا، بلکہ ایک کانٹوں سے بھرا بستر ہوگا، بلند توقعات، شدید امیدیں، اور اگر وہ پوری نہ ہو سکیں تو سنگین مایوسی۔

سن 2025 کا کینیڈا ایک پرسکون یا متوازن ملک نہیں ہے، یہ ایک ایسی ریاست ہے جو بیک وقت کئی بحرانوں سے نبرد آزما ہے۔ ہاؤسنگ کا بحران انتہا کو پہنچ چکا ہے، نوجوان خاندان اور درمیانے طبقے کے شہری بڑے شہروں میں گھر لینے کے خواب سے بھی دور ہیں۔ مہنگائی کی شدت، اگرچہ کچھ کم ہوئی ہے، مگر اب بھی روزمرہ ضروریات جیسے کہ خوراک، کرایہ، اور توانائی کی قیمتیں عوام ... ہے۔ معاشی حالات بھی کچھ بہتر نہیں، وفاقی اور صوبائی سطح پر قرضہ بلند سطح پر ہے۔ وفاقی بجٹ مسلسل خسارے میں ہے اور مستقبل میں اس کو



منظر نامہ

بیرسٹر عثمان علی

متوازن کرنے کا کوئی واضح راستہ نظر نہیں آتا۔ لیبر مارکیٹ میں، خاص طور پر ہیلتھ کیئر، ہنر مند شعبوں اور ٹیکنالوجی میں افرادی قوت کی کمی ہے۔ نوجوان طبقہ بیروزگاری یا کم آمدن والی نوکریوں میں پھنس چکا ہے۔ امیگریشن، جو کبھی کینیڈا کا سب سے بڑا معاشی ہتھیار سمجھا جاتا تھا، اب تنقید کی زد میں ہے کیونکہ ہاؤسنگ اور سہولیات کا نظام پہلے ہی دباؤ کا شکار ہے۔ لبرل حکومت نے امیگریشن کے ہدف میں کمی کا عندیہ دیا ہے، لیکن اگر وہ معاشی ضروریات اور سماجی ہم آہنگی کے درمیان توازن قائم نہ کر سکے تو مزید تنقید کا سامنا کرے گی۔

مارک کارنی بین الاقوامی سطح پر معتبر شخصیت ہیں، وہ بینک آف کینیڈا اور بینک آف انگلینڈ کے سربراہ رہ چکے ہیں، وہ مالیاتی پالیسی میں گہرا تجربہ رکھتے ہیں۔ مگر یہی ان کی سب سے بڑی سیاسی کمزوری بھی ہے، وہ ایک ''روایتی سیاستدان'' نہیں ہیں۔ ... جول یا مقامی مسائل کے براہ راست تجربے پر۔ یہی خلاان کے لیے سب سے بڑا چیلنج ہوگا۔ عوامی جمہوریت میں، خاص طور پر کینیڈا جیسے متنوع اور سیاسی طور پر جھکتے ہوئے ملک میں، قابلیت عوامی تعلقات کی جگہ نہیں لے سکتی۔ اگر لبرل پارٹی واقعی قومی اعتماد بحال کرنا چاہتی ہے تو انہیں کارنی کو کسی ''سیلیبریٹی'' کے طور پر پیش کرنے سے گریز کرنا ہوگا، جیسا کہ انہوں نے ٹروڈو کے ساتھ کیا تھا۔ اس کے بجائے، انہیں ایک بردبار، سنجیدہ، اور پالیسی پر مبنی سیاستدان کے طور پر متعارف کروانا ہوگا۔ ٹروڈو کی کشش جذباتی اور بصری تھی، کارنی کی طاقت ان کے خیالات اور عمل میں ہونی چاہیے۔ آج کا کینیڈین ووٹر، جو وعدوں، نعروں، اور تصویری سیاست سے تھک چکا ہے، اب صرف ٹھوس تبدیلی چاہتا ہے۔ کارنی کی تقریریں عوام کو متاثر کرنے کے لیے نہیں بلکہ ان کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے ہونی چاہئیں۔ اس سے بھی زیادہ اہم کردار ان کی پارٹی کے اراکین کا ہوگا، چونکہ کارنی کو زمینی سیاست کا زیادہ تجربہ نہیں، اس لیے ان کے ایم پی حضرات پر لازم ہوگا کہ وہ عوام اور حکومت کے درمیان پل کا کردار ادا کریں۔ اگر لبرل پارٹی دوبارہ اوٹاوا کے ببل میں بند ہوگئی، جیسا کہ وہ ٹروڈو کی دوسری اور تیسری مدت میں ہوئی، تو عوام کا ردعمل بہت سخت ہوگا۔ اور تاریخ بھی یہی بتاتی ہے۔ کینیڈین ووٹر، اگرچہ نرم مزاج ... پورا نہ اترے۔ خود ٹروڈو کی مقبولیت بھی اب ماضی کا قصہ بن چکی ہے۔ لبرلز کو یاد رکھنا چاہیے کہ کینیڈین ووٹر کسی کو جتنا جلد اوپر لے جاتا ہے، اتنی ہی تیزی سے نیچے بھی گرا سکتا ہے۔

اس تمام صورتحال کو مزید پیچیدہ بناتی ہے عالمی سیاست، خاص طور پر امریکہ میں ڈونلڈ ٹرمپ کی ممکنہ واپسی۔ اگر وہ دوبارہ صدر بنتے ہیں تو ان کی ''امریکہ فرسٹ'' پالیسی کینیڈا کے لیے کئی محاذ کھول سکتی ہے، لکڑی، آٹوموبائل، توانائی، اور سرحدی تعاون سمیت۔ کینیڈا کی خارجہ پالیسی، ماحولیاتی اہداف، اور تجارتی معاہدے ٹرمپ کی غیر متوقع سیاست سے براہ راست متاثر ہوں گے۔ کسی بھی کینیڈین حکومت کے لیے، چاہے وہ کتنی ہی پرعزم کیوں نہ ہو، یہ ایک نہایت دشوار دور ہوگا۔ ملک کے اندر بھی کئی سنگین مسائل سر اٹھا رہے ہیں، اوپیوئڈ کی وبا، بڑھتی ہوئی بے گھری، نسلی نفرت پر مبنی جرائم، انڈیجینس علاقوں میں زمین اور وسائل کے تنازعات، تعلیمی نظام کی کمزوری، بڑھتی ہوئی عمر رسیدہ آبادی، اور سوشل میڈیا پر پھیلتی غلط معلومات۔ یہ سب اس بات کی علامت ہیں کہ آنے والی حکومت کو صرف پالیسیاں بنانے کی نہیں، بلکہ ہر سمت سے دباؤ کو سنبھالنے کی ضرورت ہوگی۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ اقتدار کسی شاندار جشن کا موقع نہیں ہوگا، بلکہ ایک سخت امتحان ہوگا۔ اگر لبرلز نے کارنی کو محض ایک ''امید'' کے طور پر پیش کیا، تو وہی مایوسی دوبارہ جنم لے گی جس نے ٹروڈو کو زوال کی طرف دھکیلا۔ مگر اگر وہ کارنی کو ایک سنجیدہ ریاست دان کے طور پر، ایک محقق، حقیقت پسند اور ... [illegible]

آسمانی انتباہ کو سمجھئے

دنیا کے مختلف ملکوں میں ریسٹوران اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء کا گمنام ضرورت مندوں کو عطیہ کرنے کے لئے ادائیگی ایک ایسا قابل قدر سلسلہ ہے کہ رشک آتا ہے یہ عمل اس قدر احسن انداز میں انجام دیا جاتا ہے کہ اس حدیث پاک پر حرف بحرف عمل ہوتا ہے کہ ایک ہاتھ سے دو تو دوسرے ہاتھ کو پتہ نہ چلے۔ اس روایت میں ہو بہو ایسا ہوتا ہے کسی نے کافی کا ایک کپ لیا اور دو کی ادائیگی کر دی ایک کپ اپنے لئے اور ایک کپ کی ادائیگی اس نامعلوم ضرورت مند کے لئے جس کے نصیب میں کافی کا دوسرا کپ لکھا ہوگا اسی طرح خوراک کا ایک ڈبہ اور بہت کچھ یوں معاشرے میں پیشہ ورانہ طور پر گداگری اختیار کرنے کے بجائے لوگوں کو باعزت طور پر جینے کے مواقع میسر آتے

روزن خیال

مریم گیلانی

ہیں ایران میں دیوار مہربانی شروع ہوئی تو اس کی دیکھا دیکھی ہمارے ہاں بھی ایسا کرنے کی کوشش نظر آئی لوگ تندور میں روٹی لینے جاتے اور ایک اضافی روٹی کی ادائیگی کر کے آتے مگر منظم طریقے سے اس کو ایمانداری کے ساتھ نبھانے میں کوتاہی کے باعث لوگوں نے مایوس ہو کر ایسا کرنا بند کر دیا اب وہ باہر بیٹھے کسی شخص یا خاتون کو دس بیس روپے دے آتے ہیں مگر اس کا علم نہیں ہوتا کہ یہ رقم حقیقی ضرورت مند کو دی گئی یا پیشہ ور گداگر کی جیب میں چلی گئی وطن عزیز میں مخیر حضرات اور ایثار کا مظاہرہ کرنے والوں کی کمی نہیں ملک میں لاکھوں مدارس و مساجد عطیات پر ہی چلتے ہیں اور گداگروں کی بھی زبردست کمائی ہو جاتی ہے۔ گداگری آئی ٹی سے بڑی انڈسٹری اور ذریعہ آمدن بتائی جاتی ہے گداگر عموماً بڑے خفیہ طریقے سے دیہاڑی کے نوٹوں کو ترتیب دے کر گن لیتے ہیں مگر کبھی کبھار نظر پڑ ہی جاتی ہے تو اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی روز کی کمائی اچھی دیہاڑی سے کہیں زیادہ ہے اسلام میں جہاں خیرات وصدقات کی قدم قدم پر تعلیم ملتی ہے وہاں ہاتھ پھیلانا اور گداگری اختیار کرنا نہایت قبیح اور ناپسندیدہ فعل گردانا گیا ہے اور سخت وعید آئی ہے مگر کون سنے خاص طور پر مساجد میں رمضان المبارک میں بالخصوص اور تقریباً ہر نماز کے بعد باقاعدہ ... ہے کہ ان لوگوں کی ملکی سرپرستی ہو رہی ہے یہ کہنے کی گنجائش ہے کہ لوگوں کا پیسہ ہے وہ چاہے جس کو دیں جس کو نہ دیں درست بات ہے لیکن لوگ کسی غیر مستحق پیشہ ور گداگر کو بھیک نہیں دینا چاہتے ان کے لئے یہ تعین مشکل ہے کہ راستے میں ہاتھ پھیلائے ہوا کون مستحق ہے اور کون ٹھیکیدار کا آدمی دیوار مہربانی کی بات ادھوری رہ گئی لوگوں نے دیوار پر لٹکا دیکھ کر استعمال شدہ مگر اچھی حالت کے کپڑے اور لباس لٹکانا شروع کئے مگر اسے نشے کے عادی افراد اور پیشہ ور گداگروں نے مستحقین کے ہاتھ نہ لگنے دیا تو یہ دیکھ کر لوگوں کو اس سے بھی ہاتھ کھینچنا پڑا۔ لوگ فلاحی تنظیموں کو چندہ دیتے ہیں مگر کم ہی تنظیمیں امانت داری کے ساتھ مستحقین اور مختلف واقعات کے متاثرین تک ان کی امانت پہنچانے کی ذمہ داری پوری کرتے ہیں تنی بھی شفافیت کا خیال رکھا جائے انفرادی بدعنوانی کی گنجائش رہتی ہے اپنے معاشرے کو اسلامی معاشرہ گردانے کے باوجود بدقسمتی سے اس کی توقع نہیں کی جاسکتی کہ آپ نے کافی کے کپ اور سالن کے ایک پلیٹ دو روٹیوں کے لئے ادائیگی کر دی اور یقین کر لیا کہ کسی مستحق ہی کے نصیب میں آیا ہوگا کسی اور کی جیب میں نہیں گئی ہوگی جب تک عوامی سطح کی دیانتداری قائم نہیں ہوگی اجتماعی طور پر ایمانداری کو رواج نہیں دیا جائے گا ہمارے معاشرتی حالات میں بہتری نہیں آسکتی یہ جو راہزنی کی وارداتوں میں روز بروز تیزی آرہی ہے ہر نوجوان راہزن نہیں ہوتا کہ اسلحہ لے کر موبائل اور موٹر سائیکل چھینتے نکل جائے بہت سے ایسے بھی ہوں گے جن کو بے روزگاری کے باعث گھر میں بچوں کی بھوک سے تڑپنا برداشت نہیں ہوتا ہوگا اور ان کو سوائے بزور اسلحہ کچھ لینے کے اور کچھ سجھائی نہ دیتا ہوگا بھوک بڑی ظالم ہوتی ہے اس کو منانے کے لئے جان ہتھیلی پر اور عزت کو داؤ پر لگانا پڑتا ہے آج کل کتنی عزتیں اور کتنوں کی عزت نفس قدم قدم پر مجبوریوں کے باعث داؤ پر لگتی ہے بھی ان کی کہانی سنیں تو کلیجہ منہ کو آئے گا اور خود کو گنہگار اور ان کو معصوم قرار دینے کو جی کرے گا اس معاشرے کی اصلاح کسی اور کی نہیں میری آپ کی اور ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے دین کا بھی یہی درس ہے یہاں تو کفر کے معاشروں میں بھی فلاح نظر آتی ہے ایک ہم ہیں کہ زمین میں دھنسے جانے کے کاموں میں مصروف ہیں اس طرح کے معاشروں ... [illegible]

سندھ طاس معاہدہ بھارت اکیلا کیسے معطل کر سکتا؟



قلم سرار

ڈاکٹر سرار یوسف

[illegible]

پوپ فرانسس



خورشید ندیم

[illegible]

نیست پیغمبر لیکن در بغل دارد کتاب



انسانوں کے نام

افضال ریحان

[illegible]

پہلگام: فالس فلیگ آپریشنز کا نیا باب

دربار
طارق خان ترین
Tariqyadkhan@gmail.com

پہلگام حملہ، جو 22 اپریل 2025 کو مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام وادی میں پیش آیا، جس میں 26 سیاحوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ یہ واقعہ حسبِ روایت اپنی نوعیت اور وقت کے لحاظ سے کئی سوالات کو جنم دیتا ہے، خصوصاً جب بھارت نے فوری طور پر اس حملے کا الزام پاکستان پر عائد کیا، بغیر کسی قابلِ اعتبار شواہد کے۔ بھارت کی حالیہ تاریخ میں متعدد ایسے واقعات سامنے آئے ہیں جنہیں فالز فلیگ آپریشنز یعنی جعلی یا خودساختہ حملے کہا جاسکتا ہے۔ ان حملوں کا مقصد نہ صرف پاکستان پر الزام تراشی کرنا بلکہ عالمی برادری کی ہمدردیاں حاصل کرنا اور داخلی سیاسی فائدے حاصل کرنا بھی ہوتا ہے۔ پاکستان کا اس حوالے سے مؤقف ہمیشہ واضح اور اصولی رہا ہے کہ خطے میں امن و استحکام کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بھارت کی یہی حکمت عملی ہے، جو الزام، جھوٹ اور پروپیگنڈا پر مبنی ہوتی ہے۔ 2007 میں سمجھوتہ ایکسپریس ٹرین پر ہونے والا حملہ ایک واضح مثال ہے۔ اس دھماکے میں 68 افراد جاں بحق ہوئے، جن میں زیادہ تر پاکستانی شہری تھے۔ ابتدائی طور پر بھارت نے اس کا الزام بھی پاکستان پر عائد کیا، لیکن بھارتی تفتیشی ایجنسیوں نے بعد ازاں خود انکشاف کیا کہ یہ حملہ ہندو انتہاپسند تنظیم "ابھینو بھارت" کے ارکان نے کیا تھا، جن میں کرنل پروہت پرساد اور سوامی آسیم آنند شامل تھے۔ 2010 میں سوامی آسیم آنند نے اپنے اقبالی بیان میں بتایا کہ یہ حملہ ان کی تنظیم کی منصوبہ بندی کا حصہ تھا۔ بھارتی صحافی اور انسانی حقوق کارکن تیستا سیتلواد اور آنند تیلتومبڈے جیسے افراد نے بھی اس کیس کی غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا، مگر بھارت کی حکومت نے اسے دبانے کی کوشش کی۔ 2008 کے ممبئی حملے کے فوراً بعد بھارت نے بغیر کسی ثبوت کے الزام پاکستان پر لگا دیا۔ پاکستانی حکومت نے اقوام متحدہ اور بین الاقوامی برادری سے شفاف تحقیقات کی اپیل کی، لیکن بھارت نے کسی بھی مشترکہ تحقیق سے انکار کیا۔ بعد میں بھارتی پولیس افسر ستیش ورما نے ایک عدالتی بیان میں اعتراف کیا کہ بعض اہم حملے "حکومت کے کہنے پر کرائے گئے"۔ اسی حملے کے دوران بعض مبصرین نے نشاندہی کی کہ حملہ آوروں کی نقل و حرکت، میڈیا تک ان کی رسائی، اور آپریشن کے دوران حکومتی رویہ مشکوک تھا۔ معروف امریکی صحافی ایلیکس جونز نے بھی اپنے ایک پروگرام میں اسے ایک pre-planned inside job قرار دیا۔ 2016 کے اڑی حملے کا وقت بھی قابل غور ہے، جب بھارت میں سرجیکل اسٹرائیک کا بیانیہ بنایا گیا اور پاکستانی سرحدوں کی خلاف ورزی کی گئی۔ لیکن آزاد ذرائع سے بھی اس حملے یا جوابی کارروائی کے کوئی ناقابل تردید ثبوت سامنے نہیں آئے۔ اسی طرح 14 فروری 2019 کو پلوامہ حملہ، جس میں 40 سے زائد بھارتی فوجی ہلاک ہوئے، ایک ماہ بعد ہونے والے عام انتخابات سے محض چند ہفتے قبل ہوا۔ اس حملے کے پس منظر پر سے پردہ اس وقت اٹھا جب میڈیا چینل ریپبلک کے اینکر اور براڈکاسٹ آڈئینس ریسرچ کونسل کے سابق سربراہ پارتھو داس گپتا کے بیچ واٹس ایپ پر ہونے والے ایک ہزار سے زائد صفحات پر مشتمل ٹیکسٹ پیغامات منظر عام پر آئے۔ انہیں ممبئی کی ایک عدالت میں ارنب گوسوامی کے خلاف ڈیزائنر انوے نائیک کی خودکشی کے ایک معاملے کے دوران پیش کیا گیا ہے۔ ارنب کے واٹس ایپ میسیجز میں پلوامہ واقعے پر ارنب خوشی جتا کر لکھ رہے ہیں کہ اس حملے سے ہماری انتخابی جیت اب یقینی ہے۔ جن سے صاف پتہ چلتا ہے کہ یہ حملہ بھی درحقیقت فالز فلیگ آپریشنز کے سلسلوں ایک حصہ ہے۔ حملے کی ذمہ داری ایک کشمیری نوجوان نے لی، جو بھارت کے مظالم سے تنگ آکر شدت پسندی کی جانب مائل ہوا تھا۔ تاہم، بھارت نے فوری الزام پاکستان پر لگا کر جنگی فضا قائم کر دی۔ اس کے بعد بالاکوٹ پر بھارتی فضائی حملہ، اور پھر پاکستان کی جانب سے بھارتی طیارہ گرانے کا واقعہ، اس بیانیے کی قلعی کھولنے کے لیے کافی تھا۔ پاکستان نے ہر حملے کی مذمت کی اور حملے کے بعد شفاف تحقیقات کی پیشکش کی، اقوام متحدہ کو ڈوزیئرز فراہم کیے، اور ثبوت کے ساتھ ثابت کیا کہ بھارت اپنے داخلی مسائل اور انتخابات میں فائدے کے لیے پاکستان دشمن بیانیہ استعمال کرتا ہے۔ پاکستانی قیادت بارہا اس امر پر زور دے چکی ہے کہ بھارت کا اصل مقصد صرف دنیا کو گمراہ کرنا ہے بلکہ کشمیر میں ہونے والے مظالم سے توجہ ہٹانا بھی ہے۔ بھارت میں کئی صحافی، اس بات کا کھل کر اظہار کر چکے ہیں کہ بھارتی ریاست اکثر ایسے واقعات کو اپنی مرضی سے کنٹرول کرتی ہے تاکہ اندرونی طور پر قوم پرستی کو ابھارا جا سکے۔ آر ایس ایس اور بی جے پی کا سیاسی بیانیہ ایسے حملوں کو ایک آلہ کار کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ بھارت کو چاہیے کہ وہ اپنی اندرونی ناکامیوں اور انتہاپسندانہ پالیسیوں سے توجہ ہٹانے کے لئے اپنی ناکامی کا ملبہ کسی اور پر نہ ڈالے امن، انصاف اور سچائی کو ترجیح دے۔ دھمکیوں اور گیدڑ بھبکیوں سے پاکستان کو نہیں ڈرایا جاسکتا، اگر ایسی کوئی بھی حماقت بھارت کی جانب سے کی جاتی ہے تو عوام پاکستان فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، بھارت 27 فروری 2019 کو بھول جائے گا۔ عالمی برادری کی خاموشی اور مغربی طاقتوں کا دوہرا معیار اس صورت حال کو مزید سنگین بناتا ہے۔ دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ کے نام پر جو اصول وضع کیے گئے تھے، وہ بھارت جیسے ملک کے لیے محض سیاسی ہتھیار بن چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے باوجود کشمیر میں بھارتی ظلم جاری ہے، اور جب پاکستان ان اقدامات کی نشاندہی کرتا ہے، تو بھارت فالز فلیگ آپریشنز کے ذریعے ایک مرتبہ پھر دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکتا ہے۔ پاکستان کا مطالبہ واضح ہے: عالمی برادری حقائق کو تسلیم کرے، غیر جانبدار تحقیقات کروائی جائیں، اور ایسے حملوں کو صرف پروپیگنڈے کی بنیاد پر ماننے کے بجائے ٹھوس شواہد پر فیصلہ کیا جائے۔ اگر بھارت کو اس طرز عمل سے نہ روکا گیا تو جنوبی ایشیاء کا امن ہمیشہ ایک دھماکہ خیز صورتحال کا شکار رہے گا۔

پہلگام حملے میں پاکستان کو ملوث کرنا بھارت کا روایتی جھوٹ ہے، احمد نواز

بھارت نے تحقیق کے پاکستان پر انگلیاں اٹھا کر اپنی عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے

پاکستان دہشت گردی کے خلاف دنیا میں سب سے زیادہ قربانیاں دینے والا ملک ہے

ماجھی پور (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی صوبائی کونسل کے رکن میر احمد نواز خان کھوسہ نے کہا ہے کہ پہلگام حملے میں پاکستان کو ملوث کرنا بھارت کا روایتی جھوٹ ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں بھارت نے ایک بار پھر بغیر کسی ثبوت اور تحقیق کے پاکستان پر انگلیاں اٹھا کر اپنی عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف دنیا میں سب سے زیادہ قربانیاں دینے والا ملک ہے۔ ہمارے ہزاروں شہری اور سکیورٹی اہلکار دہشت گردی میں شہید ہوئے ہیں۔ بلکہ بھارت خود ایک دہشت گرد ملک ہے جس کی دہشت گردی سے اس کا کوئی پڑوسی ملک محفوظ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت یہ قتل و غارت کا کھیل خود ہی کھیل کر پاکستان کو مورد الزام ٹھہرا رہا ہے اور منفی پروپیگنڈہ کر کے پاکستان سے کشیدگی بڑھا کر اپنا کوئی مذموم مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا نے دریائے جہلم دریائے ستلج اور دیگر کا پانی بند کیا ہے جس کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بھارت کے جھوٹے الزامات اور منفی سوچ کا نوٹس لے کر اس پر تمام معاملات کے حل کیلئے دباؤ ڈالیں۔

اوستا محمد، صوبائی وزیر سردار دوا فیصل خان جمالی سے صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کا تعلیمی نظام نازک دور سے گزر رہا ہے، اختیار احمد عباسی

تعلیمی نظام کو تجربہ گاہ بنا دیا گیا ہے جو آتا ہے اپنے تجربات شروع کر دیتا ہے

استاد جیسے مقدس پیشے کو وقتی کنٹریکٹ کی زنجیروں میں جکڑ دینا کسی طور مناسب نہیں

ماجھی پور (نامہ نگار) بلوچستان کا تعلیمی نظام اس وقت نازک دور سے گزر رہا ہے تعلیمی نظام کو تجربہ گاہ بنا دیا گیا ہے جو بھی آتا ہے تعلیمی نظام پر اپنے تجربات شروع کر دیتا ہے۔ لیکن ان سب باتوں کا نقصان وہ اظہار ہے جنہیں کل کے معماران قوم بنانا ہے اساتذہ کی حالیہ بھرتیاں کنٹریکٹ پر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ استاد جیسے مقدس پیشے کو محض ایک وقتی کنٹریکٹ کی زنجیروں میں جکڑ دینا کسی طور مناسب نہیں ہے۔ تعلیم جیسے حساس شعبے میں عدم تحفظ کا شکار استاد وہ کارکردگی نہیں دکھا سکتا جس کی توقع کی جا رہی ہے۔ مختلف قسم کے نئے نئے تجربوں سے تعلیمی معیار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انجمن اساتذہ پاکستان کے مرکزی نائب صدر (بلوچستان) اختیار احمد عباسی نے گورنمنٹ ہائی سکول میہو پور میں اساتذہ سے ملاقات میں کیا اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے تعلیمی نظام کو دھیرے دھیرے پرائیویٹائزیشن کی جانب دھکیلا جا رہا ہے اسکولوں میں سہولیات کا فقدان ہے، گورنمنٹ اساتذہ کو مسائل کا شکار کر دیا گیا ہے۔ ہمارے ارباب اختیار جب چاہیں اپنی تنخواہیں 900 فیصد تک بڑھا دیں کوئی پوچھنے والا نہیں جب کہ چھوٹے ملازم اور اساتذہ کی تنخواہوں میں دس فیصد بڑھانے کیلئے بھی ہزاروں حیلے بہانے بنائے جاتے ہیں

واپڈا اہلکار ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، ایکسین واپڈا سبی

سبی (اے این این) ایکسین واپڈا سبی میر ظفر علی جھلگری نے کہا ہے کہ واپڈا اہلکار ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں کام کے دوران حفاظتی اقدامات سے نہ صرف اپنی جان کو محفوظ بنا سکتے ہیں بلکہ اپنے گھرانے کو بھی دکھ اور تکلیف سے بچا سکتے ہیں کام کے دوران حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائیں واپڈا اہلکار اپنی ذمہ داریاں ایمانداری کے ساتھ سرانجام دے کر محکمہ کا نام روشن کریں

ڈی ای او زاہد حسین اے ڈی سی یاسین اختر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محکمہ پی ایچ ای کی ناقص کارکردگی ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے صاف پانی کو ترس گئے

ٹوٹے ہوئے پائپ لائنوں کی مرمت نہیں کی جاتی البتہ مرمت کے نام پر ماہانہ لاکھوں روپے کے بجٹ کو ٹھکانے لگایا جاتا ہے

پائپ لائنوں کی ٹوٹ پھوٹ سے سیوریج کا آلودہ پانی شامل ہونے سے لوگ دست الٹی سمیت دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) محکمہ پی ایچ ای نصیر آباد کی ناقص کارکردگی، شرقی ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے صاف پانی کے لیے ترس گئے۔ ٹوٹے ہوئے پائپ لائنوں کی مرمت نہیں کی جاتی البتہ مرمت کے نام پر ماہانہ لاکھوں روپے کے بجٹ کو ٹھکانے لگایا جاتا ہے۔ پائپ لائنوں کی ٹوٹ پھوٹ سے سیوریج کا آلودہ پانی شامل لوگ دست الٹی سمیت دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے۔ سب انجینئر سے لیکر ایکسین تک کوئی دفتر میں نہیں بیٹھتا۔ لوگ دفتر کا چکر لگا کر مایوس لوٹ جاتے ہیں۔ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے نوٹس لینے کی اپیل۔ ڈیرہ مراد جمالی میں پی ایچ ای کا محکمہ صرف شو پیس بن کر رہ گیا۔ خاص کر ڈیرہ مراد جمالی شرقی اور غربی دونوں اطراف میں صاف پانی عوام کے لیے ایک خواب بن کر رہ گیا۔ واٹر سپلائی کے پائپ لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں مگر ان کی مرمت کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھائی جاتی البتہ مرمت کے نام پر مہینہ ماہانہ لاکھوں روپے کے بجٹ کو ٹھکانہ لگایا جاتا ہے۔ عوام جب اپنے شکایات لیکر پی ایچ ای آفس پہنچتے ہیں تو وہاں ان کی داد رسی کے لیے وال مین سے لیکر ایکسین تک اپنے سیٹ پر موجود نہیں ہوتا اور لوگ مایوس ہو کر واپس آتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، میر بلال خان عمرانی، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے اپیل کی ہے کہ وہ شرقی سائیڈ اور غربی سائیڈ دونوں اطراف ڈیرہ مراد جمالی میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں جائیں اور ایکسین سمیت دیگر عملے کو پابند کریں کہ وہ عوامی خدمت کے لیے اپنے دفاتر میں موجود رہیں

مدرسہ فاروقیہ کلی عمران زئی میں دستار فضیلت کی پروقار تقریب

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں، جہاں علم و روحانیت کی روشنی پھیلتی ہے

فلسطینی عوام مظلوم ہیں، اسرائیل کے مظالم پر خاموشی ظلم کا ساتھ ہے، مولانا رحمن اللہ حقانی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) مدرسہ عربیہ فاروقیہ کلی عمران زئی میں ایک پروقار جلسہ دستار فضیلت کا انعقاد کیا گیا، جس میں دینی و ملی شخصیات نے شرکت کی۔ جلسے سے مجاہد ختم نبوت خیبر پختونخوا مولانا رحمن اللہ حقانی، جانشین علامہ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، حضرت مولانا حافظ محمد یوسف، مہتمم جامعہ مولانا محمد صدیق، جے یو آئی ضلع قلعہ عبداللہ کے امیر مولوی فتح محمد، مولانا نقیب اللہ، اور خلیفہ مجاز پیر حضرت مولانا کلیم اللہ نے خطاب فرمایا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں دینی مدارس کی اہمیت اور کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مدارس اسلام کے قلعے ہیں جہاں سے علم، تربیت، اخلاص اور روحانیت کی روشنی پھیلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس نے ہر دور میں دین اسلام کی حفاظت کی اور معاشرے کو صالح قیادت فراہم کی۔ حضرت مولانا رحمن اللہ حقانی نے ختم نبوت کے تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ عقیدہ اسلام کا بنیادی جز ہے، اور کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام امت مسلمہ کو اس عظیم فریضے کے لیے متحد ہونا چاہیے، جانشین علامہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نے اسرائیلی مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مظلوم فلسطینی عوام کی حمایت ہمارا دینی و انسانی فرض ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اسرائیلی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کریں اور جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام منعقدہ "اسرائیل مردہ باد ریلی" میں بھرپور شرکت کریں تاکہ دنیا کو بتایا جا سکے کہ پاکستانی عوام قبلہ اول کے تحفظ کے لیے متحد ہے۔ پیر حضرت مولانا کلیم اللہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج ہم امن کے لیے ترس رہے ہیں کیونکہ ہم نے اسلام اور علماء کا دامن چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اسلام ہی امن، محبت، اور خوشحالی کا ضامن ہے، اور جب تک ہم علماء کی رہنمائی اختیار نہیں کریں گے، ہماری مشکلات ختم نہیں ہوں گی۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔۔اور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

ضرورت فیمیل ریسپشنسٹ

سینا انسٹیٹیوٹ آف نرسنگ اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کیلئے فیمیل ریسپشنسٹ جنہیں بنیادی کمپیوٹر کا کام آتا ہو کے خواہشمند امیدوار رابطہ کیلئے اوقات کار صبح 9:00 سے شام 6:00 بجے تک 03177877573 ایڈریس جناح روڈ لنک شیر محمد روڈ کوئٹہ

R.No..........61230

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440052322979 بنام نثار احمد ولد رحمت اللہ سریاب روڈ پر کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03321202693 پر مطلع کریں۔

R.No..........61227

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیوٹیک مکران کا ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر تربت کا دورہ

تربت (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیوٹیک مکران شاکر علی بلوچ نے ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر تربت کا دورہ کیا، جہاں پرنسپل محمد یوسف بلوچ نے ان کو تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری کلاسز کا معائنہ کیا طلبا اور انسٹرکٹرز سے ملاقات کی اور تربیتی معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔

میزئی اڈہ، مدرسہ عربیہ فاروقیہ کلی عمران زئی میں جلسہ دستار فضیلت کانفرنس سے مولانا رحمن اللہ حقانی، مولانا حافظ محمد یوسف، جے یو آئی کے ضلعی امیر مولوی فتح محمد، مہتمم جامعہ مولانا محمد صدیق، خلیفہ مجاز پیر مولانا کلیم اللہ مولانا نقیب اللہ، و دیگر خطاب کر رہے ہیں

چمن کے شہریوں کیلئے شناختی کارڈز کا حصول وبال جان بن گیا

چمن (خ ن) چمن کے شہریوں کیلئے شناختی کارڈز کا حصول وبال جان بن گیا۔ شہری فجر کی نماز سے قبل ٹوکن کے لئے نادرا آفس پہنچ کر انتظار کرتے ہیں۔ نادرا حکام شہریوں کے آسانی کیلئے ایگزیکٹو نادرا کا قیام عمل لائے کریں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع چمن کی آبادی تقریباً چھ لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے۔ چمن شہر میں دو نادرا سینٹرز ہیں ایک میل اور ایک فیمل ہے جس میں سٹاف نہ ہونے کے برابر ہیں جسکی وجہ سے شہریوں کو شناختی کارڈز کے حصول کے لئے کئی دن شناختی کارڈ کے حصول کیلئے نادرا آفس کے چکر لگانا پڑتے ہیں شہری فجر کی نماز سے قبل ٹوکن کے لئے نادرا آفس پہنچ جاتے ہیں۔ شہریوں نے نادرا حکام سے مطالبہ کیا ہے چمن میں آبادی کے تناسب سے نادرا آفس قائم کیا جائے

میزئی اڈہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ملک عثمان خان اچکزئی اصغر باچا خان نواب خان کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ویکسین کے تمام کورسز کو مقررہ وقت پر مکمل کرائیں، حبیب بنگلزئی

محکمہ صحت کے تمام آفیسران ڈاکٹرز اور سٹاف اپنی حاضریوں کو یقینی بنائیں

چمن (خ ن) ضلع چمن ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی محکمہ صحت میں سہولیات اور بہترین خدمات کی انجام دہی کے حوالے سے محکمہ صحت کی آفیسران سرکاری ڈسٹرکٹ ہیلتھ سمیت شراکت دار تنظیموں کیساتھ اپنے آفس میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ٹاسک فورس، ڈی وی آئی، پی پی ایچ آئی پی ایم جی ایف، پی آر سی ایس اور محکمہ صحت کے دیگر افسران شریک تھے اجلاس میں ڈی سی چمن کو ضلع میں حفاظتی ٹیکوں کے توسیعی پروگرام اور محکمہ ہیلتھ میں سہولیات انتظامات اور ادویات کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی چمن نے کہا کہ ضلع میں موجود تمام بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کی توسیعی پروگرام میں شامل تمام ویکسینیشن ضرور مکمل کروائیں تاکہ ہمارے بچے موذی اور جان لیوا امراض سے محفوظ رہیں اور اس حوالے سے تمام ہیلتھ یونٹس ہسپتال ڈاکٹرز اور پوری ٹیم اپنی اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکوں کی توسیعی پروگرام شامل بیماریوں سے بچاؤ کیلئے گورنمنٹ اور شراکت دار تنظیمیں تمام تر سہولیات فراہم کر رہے ہیں لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری ہیلتھ یونٹس کے ڈاکٹرز اور سٹاف پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خدمات ایمانداری اور دیانتداری سے سرانجام دیں اور ویکسین کی تمام کورسز کو اپنی مقررہ وقت اور تاریخ پر مکمل کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کے تمام آفیسران ڈاکٹرز اور سٹاف اپنی حاضریوں کو یقینی بنائیں اور وقت کی پابندی کریں کیونکہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی غفلت لاپرواہی اور سستی سے مریضوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے

چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت سے اظہار تشکر

تربت (خ ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت شیخ شیر قاضی کی جانب سے گرمی کی شدت کے پیش نظر ہائی اسکول سری کہن کو سولر سسٹم اور پانی کا موثر فراہم کیا گیا، تاکہ طلبا کو بہتر اور آرام دہ تعلیمی ماحول میسر آسکے یہ سہولت کونسلر حاجی محمد اسلم نے اسکول کے ہیڈ ماسٹر جمیل احمد کے حوالے کی، جبکہ اس موقع پر نعیم عادل، کامریڈ مراد علی اور دیگر معززین بھی موجود تھے



ڈیرہ مراد جمالی، حاجی شیر علی بنگلزئی حاجی غلام علی بنگلزئی تبادلہ خیال کر رہے ہیں

بعدالت جناب سول جج III صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 02/2025 دعویٰ دیوانی آئندہ تاریخ پیشی 28/4/2025

بمقدمہ ثاقب احمد ولد محمد گل خان ساکن ملاخیل اسٹریٹ کوئٹہ بنام

آغا جی بلڈرز اینڈ ڈویلپمنٹ بذریعہ پروپرائیٹر سید ثاقب آغا فون نمبر 03133363639 ساکن آفس آغا جی ڈویلپرز ملحقہ پٹرول پمپ PSO ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ دعویٰ دیوانی مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت محررہ 28/4/2025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ دعویٰ دیوانی میں مدعا علیہ / آغا جی بلڈرز بذریعہ پروپرائٹر سید ثاقب آغا عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے گریزاں ہے کئی روپوش ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 25/3/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61232

بعدالت جناب سول جج III صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 04/2025 دعویٰ دیوانی آئندہ تاریخ پیشی 28/4/2025

بمقدمہ نسرین سلطانہ دختر سید اختر محمد ساکن ملاخیل اسٹریٹ کوئٹہ بنام

آغا جی بلڈرز اینڈ ڈویلپمنٹ بذریعہ پروپرائیٹر سید ثاقب آغا فون نمبر 03133363639 ساکن آفس آغا جی ڈویلپرز ملحقہ پٹرول پمپ PSO ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ دعویٰ دیوانی مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت محررہ 28/4/2025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ دعویٰ دیوانی میں مدعا علیہ / آغا جی بلڈرز بذریعہ پروپرائٹر سید ثاقب آغا عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے گریزاں ہے کئی روپوش ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 25/3/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61232

بعدالت جناب سول جج III صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 01/2025 دعویٰ دیوانی آئندہ تاریخ پیشی 28/4/2025

بمقدمہ جمعہ ولد محمد گل خان قوم کاکڑ ساکن بابا فرید ہاؤسنگ کوئٹہ بنام

آغا جی بلڈرز اینڈ ڈویلپمنٹ بذریعہ پروپرائیٹر سید ثاقب آغا فون نمبر 03133363639 ساکن آفس آغا جی ڈویلپرز ملحقہ پٹرول پمپ PSO ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ دعویٰ دیوانی مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت محررہ 28/4/2025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ دعویٰ دیوانی میں مدعا علیہ / آغا جی بلڈرز بذریعہ پروپرائٹر سید ثاقب آغا عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے گریزاں ہے کئی روپوش ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 25/3/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61232

بعدالت جناب سول جج III صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 03/2025 دعویٰ دیوانی آئندہ تاریخ پیشی 28/4/2025

بمقدمہ سید امین اختر ولد سید محمد اختر ساکن ملاخیل اسٹریٹ کوئٹہ بنام

آغا جی بلڈرز اینڈ ڈویلپمنٹ بذریعہ پروپرائیٹر سید ثاقب آغا فون نمبر 03133363639 ساکن آفس آغا جی ڈویلپرز ملحقہ پٹرول پمپ PSO ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ دعویٰ دیوانی مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت محررہ 28/4/2025 کے لئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ دعویٰ دیوانی میں مدعا علیہ / آغا جی بلڈرز بذریعہ پروپرائٹر سید ثاقب آغا عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے گریزاں ہے کئی روپوش ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 25/3/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61232

آسامیاں (عارضی) خالی ہیں

بلوچستان کے مختلف بوائز / گرلز کالجز میں آسامیوں کو پر کرنے کیلئے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ کوئٹہ ڈسٹرکٹ سے تعلق رکھنے والے امیدواران اپنے فارم نظامت تعلیمات کالجز شاہ کشار روڈ کوئٹہ اور دیگر اضلاع سے تعلق رکھنے والے امیدواران اپنے ضلعی ہیڈ کوارٹر کے بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل صاحبان کے دفتر میں 20 مئی 2025 تک منظور شدہ درخواست فارم وصول اور جمع کروا سکتے ہیں۔ ٹیسٹ اور انٹرویو کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔

نمبر شمار	نام اسامی بمعہ سکیل	تعلیمی قابلیت	ٹوٹل	کوئٹہ	قلات	لورالائی	ژوب	سبی	رخشان	نصیر آباد	مکران	مخصوص کوٹہ
1	انسٹرکٹر (B-14)	B.A/Diploma In Physical Eduaction	3	2	0	1	0	0	0	0	0	
2	ڈیمانسٹریٹر (B-14)	B.Sc 2nd Divison	2	1	0	0	0	1	0	0	0	
3	اسسٹنٹ لائبریرین (B-14)	B.Sc/ Diploma In Library Science	1	0	0	0	0	0	1	0	0	
4	پیش امام (B-14)	وفاق المدارس سے شہادت العالیہ HEC سے منظور شدہ عربی زبان پر عبور اور قرآن اور حدیث کا عالم اوسط سے زیادہ جانتا ہو۔ حافظ قرآن اور قاری کو ترجیح دی جائے گی۔	1	0	0	0	0	0	0	0	1	
5	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	متعلقہ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ بمعہ ایک سالہ کمپیوٹر سائنس ڈپلومہ یا ICS انگلش ٹائپنگ میں 30 الفاظ فی منٹ میں سپیڈ کی مہارت رکھتا ہو۔	22	2	5	1	0	3	3	2	6	
6	جونیئر کلرک (B-11)	F.A/F.sc/ICS بمعہ 30 الفاظ فی منٹ ٹائپنگ سپیڈ ہو۔	72	15	10	6	3	8	10	11	9	
7	کینٹینر (B-08)	میٹرک پاس مستند ادارہ سے	6	0	1	0	0	1	4	0	0	
8	کارپینٹر (B-08)	اپنے شعبے میں مہارت رکھتا ہو۔	1	0	0	0	0	0	1	0	0	
9	لائبریری اسسٹنٹ (B-08)	B.A سیکنڈ ڈویژن اسالہ ڈپلومہ متعلقہ شعبہ بمعہ 6 ماہ کمپیوٹر کورس مستند ادارے سے۔	3	0	3	0	0	0	0	0	0	
10	الیکٹریشن (B-08)	میٹرک بمعہ ڈپلومہ	13	1	3	0	0	1	2	0	6	
11	لیب اسسٹنٹ (B-07)	میٹرک بمعہ سائنس	57	7	10	4	1	3	8	12	12	
12	پمپ ڈرائیور (B-05)	میٹرک	2	0	0	0	0	1	1	0	0	
13	فوٹو مشین آپریٹر (B-05)	میٹرک	1	0	0	0	0	0	1	0	0	
14	ڈرائیور (B-04)	HTV/LTV لائسنس یافتہ بمعہ مڈل پاس سرٹیفکیٹ	41	12	3	2	5	3	4	5	7	
15	لیب اٹینڈنٹ (B-02)	مڈل پاس	30	4	8	0	3	2	2	1	10	
16	نائب قاصد (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	22	4	7	0	1	3	0	2	5	
17	کک (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	20	3	2	2	3	1	0	5	4	
18	مالی (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	14	0	4	1	1	0	2	2	4	
19	چوکیدار (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	26	4	7	2	2	1	0	3	7	
20	بس کلینر (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	3	0	0	0	1	0	2	0	0	
21	خاکروب (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	28	6	6	1	3	2	2	1	7	
22	سینیٹری ورکر (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	1	0	0	1	0	0	0	0	0	
23	گیٹ کیپر (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	2	0	0	0	0	0	2	0	0	
24	جلفر (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	1	0	0	0	0	0	0	1	0	
25	ہیلپر (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	5	0	0	0	2	0	0	2	1	
26	واچ مین (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	3	0	3	0	0	0	0	0	0	
27	اٹینڈنٹ (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	11	0	0	1	0	4	1	1	4	
28	کلاس فور (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	14	5	1	0	0	0	1	0	7	
29	گراؤنڈ مین (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	3	0	1	1	0	1	0	0	0	
			408	66	74	23	25	35	47	48	90	408

نوٹ:۔ (1) بھرتی حکومت بلوچستان کے مروجہ پالیسی کے تحت ہوگی (2) عمر کی حد 18 سے 28 سال ہونی چاہیے البتہ زیادہ سے زیادہ عمر کی حد سرکار کے مروجہ قوانین کے تحت رعایت کی گنجائش موجود ہے (3) پہلے سے سرکاری ملازمین اپنی درخواستیں محکمہ کے توسط سے بمعہ NOC جمع کروائیں (4) حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور امیدواران کیلئے 5% اور غیر مسلم امیدواروں کے لیے 5% کوٹہ مختص ہے (5) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی ہو سکتی ہے (6) نظامت تعلیمات کالجز کی خالی آسامیاں کمپیوٹر آپریٹر / جونیئر کلرک کے لیے صوبہ بھر سے درخواستیں جمع کرائی جا سکتی ہیں (7) درخواست فارم کے ساتھ دو عدد تازہ پاسپورٹ سائز تصاویر اور تعلیمی اسناد اور متعلقہ بورڈ / یونیورسٹی سے تصدیق شدہ اور لوکل / ڈومیسائل متعلقہ ضلع کے ڈپٹی کمشنر سے تصدیق شدہ ہوں (8) کوئی سفارش یا غیر قانونی حربہ کرنے پر درخواست گزار کو نااہل قرار دیا جائیگا (9) گرلز کالجز کے لیب اسسٹنٹ کیلئے صرف خواتین امیدواران درخواستیں جمع کروا سکتی ہیں (10) آسامیوں کی تفصیل متعلقہ کالجوں اور ضلعی ہیڈ کوارٹر کے بوائز کالج سے حاصل کی جا سکتی ہے (11) ہر آسامی کے لیے الگ الگ درخواستیں جمع کروانا لازمی ہے (12) نامکمل اور آخری تاریخ کے بعد کوئی بھی درخواست وصول نہیں کی جائے گی (13) امیدوار کا لوکل، شناختی کارڈ متعلقہ ضلع کا ہونا لازمی ہے (14) امیدواران کو ٹیسٹ / انٹرویو کے وقت اپنی اصل اسناد کے ساتھ پیش کرنا لازمی ہوگا (15) انٹرویو / ٹیسٹ کے لیے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا۔

(ناظم تعلیمات کالجز
بلوچستان کوئٹہ)

PRQ No 4125/24-04-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

انٹرویو شیڈول

بولان میڈیکل کالج کوئٹہ میں درج ذیل خالی آسامیوں پر تعیناتی کیلئے بحوالہ اشتہار نمبر PRQ NO 1394/ 08-10-2024 جو کہ مورخہ 09-10-2024 کو مقامی روزنامہ اخبارات میں مشتہر کیا گیا تھا۔ ان امیدواران کے انٹرویو درج ذیل شیڈول کے تحت ہوں گے۔ تمام امیدواران اپنے اصل دستاویزات اور اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ مزید معلومات کے لئے کالج انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

نمبر شمار	نام آسامی بمعہ اسکیل	تاریخ انٹرویو
1	خاکروب (BPS--01)	02 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 326 تک 03 مئی 2025 سیریل نمبر 327 سے سیریل نمبر 396 تک
2	مالی (BPS--01)	05 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 241
3	دھوبی (BPS--01)	05 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 16 تک
4	کک (BPS--01)	06 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 300 تک 07 مئی 2025 سیریل نمبر 301 سے سیریل نمبر 600 تک 08 مئی 2025 سیریل نمبر 601 سے سیریل نمبر 900 تک 09 مئی 2025 سیریل نمبر 901 سے سیریل نمبر 1200 تک 10 مئی 2025 سیریل نمبر 1201 سے سیریل نمبر 1500 تک 12 مئی 2025 سیریل نمبر 1501 سے سیریل نمبر 1625 تک
5	چوکیدار (BPS--01)	13 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 300 تک 14 مئی 2025 سیریل نمبر 301 سے سیریل نمبر 600 تک 15 مئی 2025 سیریل نمبر 601 سے سیریل نمبر 900 تک 16 مئی 2025 سیریل نمبر 901 سے سیریل نمبر 1200 تک 17 مئی 2025 سیریل نمبر 1201 سے سیریل نمبر 1500 تک 19 مئی 2025 سیریل نمبر 1501 سے سیریل نمبر 1800 تک 20 مئی 2025 سیریل نمبر 1801 سے سیریل نمبر 2100 تک 21 مئی 2025 سیریل نمبر 2101 سے سیریل نمبر 2400 تک 22 مئی 2025 سیریل نمبر 2401 سے سیریل نمبر 2614 تک
6	بیرہ (BPS--01)	23 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 300 تک 24 مئی 2025 سیریل نمبر 301 سے سیریل نمبر 600 تک 26 مئی 2025 سیریل نمبر 601 سے سیریل نمبر 739 تک
7	لیبارٹری اٹینڈنٹ (BPS-02)	27 مئی 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 300 تک 28 مئی 2025 سیریل نمبر 301 سے سیریل نمبر 600 تک 29 مئی 2025 سیریل نمبر 601 سے سیریل نمبر 900 تک 30 مئی 2025 سیریل نمبر 901 سے سیریل نمبر 1200 تک 31 مئی 2025 سیریل نمبر 1201 سے سیریل نمبر 1248 تک
8	پمپ ڈرائیور (BPS--04	02 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 193 تک 03 جون 2025 سیریل نمبر 194 سے سیریل نمبر 386 تک
9	کلینر (BPS--02)	04 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 300 تک 05 جون 2025 سیریل نمبر 301 سے سیریل نمبر 600 تک 11 جون 2025 سیریل نمبر 601 سے سیریل نمبر 900 تک 12 جون 2025 سیریل نمبر 901 سے سیریل نمبر 1206 تک
10	ایمبالمر (BPS--02)	13 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 11 تک
11	گارڈ (BPS--04	13 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 300 تک 14 جون 2025 سیریل نمبر 301 سے سیریل نمبر 600 تک 16 جون 2025 سیریل نمبر 601 سے سیریل نمبر 632 تک
12	ٹریکٹر ڈرائیور (BPS--04)	16 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 32 تک
13	ڈرائیور (BPS--04)	17 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 304 تک
14	لیبارٹری اسسٹنٹ (BPS-07)	18 جون 2025 سیریل نمبر 01 سے سیریل نمبر 237 تک

پرنسپل بولان میڈیکل
کالج کوئٹہ

PRQ No 4124/24-04-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق کوئٹہ — اسپورٹس

پاکستان کے عثمان وزیر نے بھارتی باکسر کو پہلے ہی راؤنڈ میں ڈھیر کردیا

بنکاک کے ورلڈ سائم اسٹیڈیم میں ہونے والی فائٹ میں 25 سالہ پروفیشنل باکسر عثمان وزیر نے بھارت کے ایسوارن ساحیا دورتھی کو ایک منٹ 25 سیکنڈ میں ہی ڈھیر کردیا

عثمان وزیر اب تک اپنے تمام 16 پروفیشنل مقابلے جیت کر ناقابل شکست ہیں۔ 11 فائٹس میں عثمان وزیر نے ناک آوٹ کی بنیاد پر کامیابیاں حاصل کیں

بنکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی یوتھ چیمپئن پاکستان کے عثمان وزیر نے اپنی 16 ویں پروفیشنل فائٹ میں بھارتی حریف کو پہلے راؤنڈ میں ناک آؤٹ کردیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق تھائی لینڈ کے شہر بنکاک کے ورلڈ سائم اسٹیڈیم میں ہونے والی فائٹ میں 25 سالہ پروفیشنل باکسر عثمان وزیر نے بھارت کے ایسوارن ساحیا دورتھی کو ایک منٹ 25 سیکنڈ میں ہی ڈھیر کردیا۔ عثمان وزیر اب تک اپنے تمام 16 پروفیشنل مقابلے جیت کر ناقابل شکست ہیں۔ 11 فائٹس میں عثمان وزیر نے ناک آوٹ کی بنیاد پر کامیابیاں حاصل کیں۔ گزشتہ ستمبر میں بنکاک ہی میں عثمان وزیر نے بھارتی باکسر کو پہلے ہی راؤنڈ میں 65 ویں سیکنڈ میں ناک آوٹ کرکے عالمی اعزاز اپنے نام کیا تھا۔ عثمان وزیر سندھ پولیس کی اسپیشل سیکیورٹی یونٹ (ایس ایس یو) کے خیر سگالی سفیر بھی ہیں۔

بنکاک، عالمی یوتھ چیمپئن پاکستان کے عثمان وزیر نے اپنی 16 ویں پروفیشنل فائٹ میں بھارتی حریف کو پہلے راؤنڈ میں ناک آؤٹ کرکے ریفری پاکستانی باکسر عثمان وزیر کو فاتح قرار دے رہے ہیں

سابق آسٹریلوی کرکٹر کیتھ اسٹیک پول دنیا سے رخصت ہوگئے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق کرکٹر کیتھ اسٹیک پول 84 سال کی عمر میں چل بسے۔ دائیں ہاتھ کے اوپنر کیتھ اسٹیک پول نے 1966ء سے 1974ء کے دوران 43 ٹیسٹ میچز میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی جس میں انہوں نے 37.42 کی اوسط سے 2807 رنز بنائے، جن میں 7 سنچریاں بھی شامل تھیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے 6 ون ڈے انٹرنیشنل میچز میں 224 رنز اسکور کیے تھے۔ کیتھ اسٹیک پول نے 1971ء میں میلبورن کرکٹ گراؤنڈ میں انگلینڈ کے خلاف کھیلے جانے والے تاریخ کے پہلے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں بھی حصہ لیا تھا۔ اس میچ میں انہوں نے لیگ اسپن بولنگ کے ذریعے 3 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لینے کے بعد اسٹیک پول نے ریڈیو اور ٹی وی کمنٹری بھی کی جسے بے حد پسند کیا گیا۔

زلمی کے علی رضا اور سلطان کے عبید شاہ میں سے کون بہتر بولر؟

میں نے عبید شاہ کو بھی دیکھا ہے مگر مجھے سب سے زیادہ متاثر کن علی رضا لگا، باسط علی

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ میں پشاور زلمی کے علی رضا اور ملتان سلطانز کے عبید شاہ میں سے کون بہتر بولر ہے کرکٹ ایکسپرٹس نے بتادیا۔ سابق پاکستانی کرکٹر اور موجودہ تجزیہ کار باسط علی کا ایک ٹی وی پروگرام میں کہنا تھا کہ مجھے علی رضا زیادہ بہتر لگا۔ باسط علی نے کہا کہ میں نے عبید شاہ کو بھی دیکھا ہے مگر مجھے سب سے زیادہ متاثر کن علی رضا لگا، ابھی میں عبید کو اپ لائن میں نہیں دیکھ رہا۔ سینئر اسپورٹس صحافی شاہد ہاشمی نے کہا کہ اس کی باڈی اچھی ہے اور پیس بھی زیادہ ہے، کل اس نے جارحانہ سلیبریشن کی مکہ ایسا گھمایا جو عثمان خان کو لگ گیا۔ تاہم باسط علی ان کی بات سے متفق نظر نہیں آئے اور شاہد ہاشمی سے اختلاف کرتے ہوئے کہا کہ علی رضا کی پیس زیادہ ہے۔

اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کی بھارت میں ہونیوالے مقابلے میں شرکت سے معذرت

مصروفیت کی وجہ سے انہوں نے بنگلورو کلاسک جیولن تھرو ایونٹ میں شرکت سے معذرت کی ہے، ارشد ندیم

لاہور (آئی این پی) پاکستان کے اولمپئن جیولن تھرور ارشد ندیم نے بھارت میں ہونے والے بنگلورو کلاسک جیولن تھرو مقابلے میں شرکت سے معذرت کرلی۔ بھارتی اولمپئن نیرج چوپڑا نے ارشد ندیم کو بھارت میں ہونے والے بنگلورو کلاسک جیولن تھرو ایونٹ میں شرکت کی دعوت دی تھی۔ اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ ان کا شیڈول پہلے سے طے ہے، مصروفیت کی وجہ سے انہوں نے بنگلورو کلاسک جیولن تھرو ایونٹ میں شرکت سے معذرت کی ہے۔ ارشد ندیم نے بھارتی اولمپئن نیرج چوپڑا کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ایونٹ میں شرکت کی دعوت دی۔ ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ ان کا شیڈول بہت سخت ہے اس لیے بھارت جانا ممکن نہیں ہے۔

لاہور، پی ایس ایل میں لاہور قلندر کو سپورٹ کرنے کیلئے بچوں کی بڑی تعداد شریک ہیں

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں کل مزید 5 میچ کھیلے جائیں گے

پہلا میچ چیلسی اور ایورٹن کی ٹیموں کے درمیان سٹامفورڈ برج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں کل 26 اپریل ہفتہ کو مزید 5 میچوں کا فیصلہ ہوگا۔ ای پی ایل میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ پہلا میچ چیلسی اور ایورٹن کی ٹیموں کے درمیان سٹامفورڈ برج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میچ برائٹن اینڈ ہوو البیون اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان امریکن ایکسپریس سٹیڈیم، فالمیر کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ اور ایپسوچ ٹاؤن کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ سینٹ جیمز پارک، نیوکیسل اپون ٹائن میں کھیلا جائے گا۔ چوتھا میچ فلہم اور ساؤتھمپٹن کی ٹیموں کے درمیان سینٹ میری سٹیڈیم، ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا جبکہ 26 اپریل بروز ہفتہ کا پانچواں اور آخری میچ وولور ہیمپٹن وانڈررز اور لیسٹر سٹی کی ٹیموں کے درمیان مولینکس سٹیڈیم، وولور ہیمپٹن کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ کے 33 ویں سیزن کا آغاز ہوچکا ہے جو مجموعی طور پر ٹاپ فلائٹ انگلش فٹ بال کا 126 واں ایڈیشن ہے۔ ای پی ایل میں شامل 20 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کررہی ہیں۔

کھیل میں سیاست، کرکٹ نہیں کھیلیں گے، بھارت کا اعلان

بھارتی بورڈ نے مستقبل میں آئی سی سی ایونٹس میں بھی پاکستان کیخلاف نہ کھیلنے کی دھمکی دیدی، سیکورٹی مسائل کی وجہ سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے

پہلگام واقعہ اور موجودہ سفارتی تعلقات کو دیکھتے ہوئے پاکستان کے ساتھ کسی بھی سطح پر کرکٹ میچز منعقد نہیں کیے جائیں گے، بھارتی کرکٹ بورڈ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے اپنی حکومتی ایما پر ایک مرتبہ پھر کھیل میں پھر سیاست لے آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز بھارت کے زیر قبضہ مقبوضہ وادی کشمیر کے علاقے پہلگام میں دہشتگرد حملے کے بعد بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے حکومتی دباؤ پر پاکستان سے کسی بھی قسم کی کرکٹ کھیلنے سے انکار کردیا ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ پہلگام واقعہ اور موجودہ سفارتی تعلقات کو دیکھتے ہوئے پاکستان کے ساتھ کسی بھی سطح پر کرکٹ میچز منعقد نہیں کیے جائیں گے۔ بورڈ ترجمان کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی مسائل کے سبب پاکستان کیساتھ کسی بھی قسم کی کرکٹ نہ کھیلنے کا فیصلہ کیا ہے، انہوں نے دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ آئی سی سی ایونٹس میں بھی پاک بھارت میچز پر نظرثانی کی جاسکتی ہے۔ گزشتہ روز بھارت کے زیر قبضہ مقبوضہ وادی کشمیر کے علاقے پہلگام میں دہشتگرد حملہ ہوا جس میں 26 سیاحوں کو ہلاک کردیا گیا تھا، واقعہ کی تحقیقات کے بغیر ہندوستان نے پاکستان کو ذمہ دار ٹھہرادیا اور بورڈ نے حکومتی ایما پر کرکٹ کھیلنے سے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا۔ دوسری جانب بھارتی بورڈ کے بیان کے بعد ایشیا کپ اور چیمپئنز ٹرافی جیسے ٹورنامنٹس پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔ ادھر بھارتی بورڈ کے یکطرفہ اقدامات پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی طرف سے کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان 2012 میں آخری بار ون ڈے سیریز کھیلی گئی تھی جس کے بعد سے دونوں ٹیمیں محض آئی سی سی ایونٹس میں ایک دوسرے کے مدمقابل آتی ہیں۔

کھیل کے دوران پاس رہ کر ان کی رہنمائی کرنا چاہتا ہوں، محمد رضوان

یہ سمجھنا چاہتا ہوں کہ ان کے ذہنوں میں کیا چل رہا ہے اور ان کی مدد بھی کرنا چاہتا ہوں، وضاحت کردی

ملتان (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے وکٹ کیپنگ نہ کرنے کی وجہ بیان کردی۔ ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے کہا کہ میں فیلڈرز کے قریب رہنا چاہتا ہوں، ان سے براہ راست گفتگو کرنے کی وجہ سے وکٹ کیپنگ نہیں کررہا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کے بولرز ایسے کھلاڑی ہیں جو پیشہ ورانہ کرکٹ میں نئے ہیں، عبید شاہ جیسے کھلاڑیوں نے ابھی تک وہ تجربہ حاصل نہیں کیا جو ہمارے زیادہ تجربہ کار بولرز کو حاصل ہوسکتا ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ میں کھیل کے دوران ان کی رہنمائی کرنا چاہتا ہوں، یہ سمجھنا چاہتا ہوں کہ ان کے ذہنوں میں کیا چل رہا ہے اور ان کی مدد بھی کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دستانے نہ پہن کر آزادانہ طور پر گھوم سکتے ہیں اور کھلاڑیوں سے گفتگو کرسکتے ہیں جو ٹیم کے حوصلے اور ہم آہنگی کے لیے بہت ضروری ہے۔

کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیمیں آج کو پنجہ آزمائی کریں

کوئٹہ کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل پر 5 ویں نمبر پر جبکہ کراچی کنگز دوسری پوزیشن پر براجمان ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سپر لیگ 10 میں آج (جمعہ کو) واحد میچ کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مابین کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام پی ایس ایل کے دسویں ایڈیشن کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے، جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ لیگ کے 15 ویں میچ میں جمعہ کو کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیمیں قذافی کرکٹ سٹیڈیم، لاہور میں مدمقابل ہوں گی۔ میچ رات 8 بجے شروع ہوگا اور فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا۔ کراچی کنگز کو مایہ ناز آسٹریلوی بلے باز ڈیوڈ وارنر لیڈ کررہے ہیں۔

لاہور، پی ایس ایل میں لاہور قلندر اور پشاور زلمی کے درمیان میچ میں لاہور قلندر کے بولر حارث رؤف وکٹ لینے کے بعد خوشی کا اظہار کررہا ہے

امریکا اور زمبابوے کی خواتین ٹیموں کے درمیان پہلا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ آج کھیلا جائے گا

ڈلاس (آن لائن) امریکا اور زمبابوے کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ (آج) جمعہ کو گرینڈ پریری سٹیڈیم، ڈلاس میں کھیلا جائے گا۔ زمبابوے کی خواتین کی قومی کرکٹ ٹیم ان دنوں امریکا کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان ویمنز ٹیم کے خلاف تین ٹی ٹوئنٹی اور دو ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ امریکا اور زمبابوے کی ویمنز ٹیموں کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچوں کی سیریز کا آغاز کل جمعہ کو پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ سے ہوگا یہ میچ گرینڈ پریری سٹیڈیم، ڈلاس میں کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ 27 اپریل کو کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ 29 اپریل کو کھیلا جائے گا۔

بنگلہ دیش اور زمبابوے کے درمیان دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 28 اپریل سے شروع ہوگا

چٹاگرام (آن لائن) بنگلہ دیش اور زمبابوے کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 28 اپریل سے ظہور احمد چودھری سٹیڈیم، چٹاگرام میں شروع ہوگا۔ زمبابوے کی ٹیم کو میزبان بنگلہ دیش کی ٹیم کے خلاف دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ زمبابوے کی ٹیم نے میزبان بنگلہ دیشی ٹیم کو 20 سے 24 اپریل تک سلہٹ انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم، سلہٹ میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں 3 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ زمبابوے کی مردوں کی ٹیم رواں ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کررہی ہے۔

کنگ وہی ہوتا ہے جو سب پر حکومت کرے، سر ویوین رچرڈز

مجھے یقین ہے پاکستان کی دوبارہ ایک اچھی ٹیم بنے گی، لیجنڈری

لاہور (آن لائن) سابق ویسٹ انڈین کپتان سر ویوین رچرڈز کا کہنا ہے کہ برا وقت سب پر آتا ہے، مجھے یقین ہے پاکستان کی دوبارہ ایک اچھی ٹیم بنے گی۔ کرکٹ پاکستان کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں لیجنڈری کرکٹر وسابق ویسٹ انڈین کپتان سر ویوین رچرڈز کا کہنا ہے کہ مجھے امید ہے کہ بابر اعظم جلدی اپنی فارم دوبارہ حاصل کریں گے، کنگ وہی ہوتا ہے جو سب پر حکومت کرے، کوہلی اور بابر جیسے کھلاڑی کرکٹ کے ساتھ انصاف کرتے نظر آتے ہیں۔ پاکستان ٹیم کی حالیہ ناقص کارکردگی کے سوال پر ویوین رچرڈز نے کہا کہ اس کا جواب کھلاڑیوں اور انتظامیہ کو تلاش کرنا ہوگا، پاکستان میں ہمیشہ سے ہی بہترین کرکٹرز رہے ہیں، جنھوں نے ٹیم کو متاثر کیا، میں سمجھتا ہوں کہ یہاں کے ٹیلنٹ کے ساتھ انصاف ہونا چاہیے۔ ویوین رچرڈز کا کہنا تھا کہ ہر ٹیم پر برا وقت آتا ہے، مجھے یقین ہے کہ پاکستان کی دوبارہ ایک اچھی ٹیم بنے گی۔ ماضی میں وسیم اکرم کی پٹائی کے ارادے سے پاکستانی ڈریسنگ روم جانے کے سوال پر ویوین رچرڈز نے کہا کہ ہم سب کبھی نہ کبھی غصہ کرتے ہیں، جیسے جیسے ہم بڑے ہوں اپنے رویے سے سبق سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

کولن منرو کی ملتان سلطانز کے افتخار احمد پر چیٹنگ ’کا الزام لگانے پر تلخ کلامی

افتخار احمد بھڑک گئے جس کے بعد گراؤنڈ میں ماحول کافی حد تک کشیدہ ہوگیا، امپائرز کو بھی شکایت کردی

ملتان (این این آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے کولن منرو کی جانب سے ملتان سلطانز کے بلے باز افتخار احمد پر چیٹنگ ’کا الزام لگانے پر دونوں کے درمیان تلخ کلامی ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ ٹین (پی ایس ایل) کے ایک سنسنی خیز مقابلے میں اُس وقت ڈرامائی صورتحال پیدا ہوگئی جب اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی اور نیوزی لینڈ کے تجربہ کار بیٹر کولن منرو نے ملتان سلطانز کے آف اسپنر افتخار احمد پر چیٹنگ یعنی غیر قانونی باؤلنگ ایکشن کا الزام لگا دیا۔ کولن منرو کی جانب سے افتخار احمد کو چیٹنگ کرنے کا طعنہ دینے پر دونوں کھلاڑیوں کے درمیان گرما گرمی دیکھنے میں آئی۔ ملتان سلطانز کے کھلاڑیوں نے بھی اپنے شدید ردعمل کا اظہار کیا۔ کولن منرو کے چیٹنگ کے الزام پر افتخار احمد بھڑک گئے جس کے بعد گراؤنڈ میں ماحول کافی حد تک کشیدہ ہوگیا، منرو کے اس رویے پر افتخار احمد خاصے برہم نظر آئے، وہ فوراً امپائرز کے پاس گئے اور شکایت درج کرائی۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ میچ ریفری علی نقوی کولن منرو کیخلاف تادیبی کارروائی کرسکتے ہیں۔ یہ واقعہ اسلام آباد یونائیٹڈ کی اننگز کے 10 ویں اوور میں پیش آیا، جب ٹیم 169 رنز کے ہدف کا تعاقب کررہی تھی۔ افتخار احمد نے منرو کو ایک تیز گیند کرنے کی کوشش کی جو ان کے پیروں کی جانب تھی۔

سپینش لالیگا میں بارسلونا نے میلورکا کو 0-1 گول سے ہرا دیا

بارسلونا کے ڈینی اولمو نے میچ میں واحد گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ بارسلونا کی لیگ میں 24 ویں فتح ہے

اس کامیابی کے بعد بارسلونا کی ٹیم کی ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے پوائنٹس ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی ہے، رپورٹ

میڈرڈ (این این آئی) بارسلونا نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے ایک میچ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میلورکا کی ٹیم کو 0-1 گول سے ہرا دیا۔ بارسلونا کے ڈینی اولمو نے میچ میں واحد گول کرکے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ بارسلونا کی لیگ میں 24 ویں فتح ہے۔ اس کامیابی کے بعد بارسلونا کی ٹیم کی ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا کے پوائنٹس ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی ہے۔ سپینش لیگ لالیگا کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ سپین میں جاری ہے، جس میں شائقین فٹ بال کو کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ سٹیڈیم اولمپک لوئس کمپنیز، بارسلونا، سپین میں کھیلے گئے میچ میں بارسلونا کی ٹیم نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے میلورکا کی ٹیم کو 0-1 گول سے ہرا دیا۔ بارسلونا کی جانب سے ڈینی اولمو نے میچ کا واحد گول کرکے اپنی ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ میچ میں میلورکا کی ٹیم کوئی گول سکور نہ کرسکی۔ بارسلونا کی لیگ میں یہ 24 ویں فتح ہے اور وہ لیگ میں 76 پوائنٹس کے بعد ٹیبل پر سرفہرست پوزیشن پر موجود ہے۔ ریال میڈرڈ ٹیم کے 69 پوائنٹس ہیں اور ٹیبل پر دوسرے جبکہ اٹلیٹیکو میڈرڈ کے 63 پوائنٹس ہیں اور وہ ٹیبل پر تیسرے نمبر پر موجود ہے۔

کھیل کے میدان آباد کریں، نوجوانوں کی زندگی بدلیں، ڈاکٹر بشیر احمد

کھیلوں کے میدانوں کی دستیابی نوجوانوں کیلئے ایک مثبت راستہ فراہم کرتی ہے، خطاب

کوئٹہ (پ ر) کھیلوں کے میدانوں کی آبادکاری نہ صرف جسمانی صحت کے لئے فائدہ مند ہے بلکہ جرائم میں کمی لانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ بات نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے ڈاکٹر بشیر احمد نے گزشتہ روز "نوجوان ہمارا سرمایہ" فٹبال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر بشیر احمد نے اپنی گفتگو میں کہا کہ آج کل کے نوجوان کھیلوں سے دور ہوکر منشیات کے استعمال کی جانب راغب ہو رہے ہیں، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ جرائم پیشہ افراد کے ہاتھوں کا کھلونا بن جاتے ہیں۔ کھیلوں کے میدانوں کی آبادکاری اور نوجوانوں کو کھیلوں میں مشغول کرنا نہ صرف ان کی جسمانی صحت کو بہتر بناتا ہے بلکہ ان کی ذہنی حالت بھی بہتر ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں میں اضافہ ہوتا ہے، جو کہ جرائم کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ جب نوجوان کھیلوں میں حصہ لیتے ہیں تو ان کے اندر ایک نئی توانائی پیدا ہوتی ہے، جو کہ نہ صرف ان کی جسمانی فٹنس کو بڑھاتی ہے بلکہ ان کے دماغی دباؤ کو بھی کم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں میں ٹیم ورک، محنت، لگن اور نظم و ضبط جیسے اہم عوامل کی تربیت ہوتی ہے، جو ان کی زندگی میں کامیابی کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر علاقہ معززین سے درخواست کی کہ وہ نوجوانوں کو کھیلوں میں مشغول رکھنے کے لئے میدانوں کو آباد کریں۔

سکولوں میں مقررہ ہدف سے زیادہ داخلے کرانا خوش آئند ہے

مجموعی طور پر اکیس ہزار پانچ سو بچوں کو سکولز میں داخل کروایا، زاہد حسین

پشین (نامہ نگار) پشین کی محکمہ تعلیم نے یونیسف اور انتظامیہ کی تعاون سے سکولوں میں مقررہ ہدف سے زیادہ داخلے کرائے ہیں جو کہ خوش آئند بات ہے، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن زاہد حسین نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) یاسین اختر اور یونیسف کے ڈسٹرکٹ منیجر اسماعیل جلالزئی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ رواں تعلیمی سال 2025ء کے دوران حکومت بلوچستان کی جانب سے ڈسٹرکٹ میں 15648 بچوں کو سکولز میں داخل کرانے کا ہدف دیا گیا تھا جس سے پشین کی تعلیمی آفیسر فیض اللہ کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر زاہد خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یاسین اختر اور یونیسف کی تعاون اور کوششوں سے مقررہ ہدف سے بڑھ کر مجموعی طور پر اکیس ہزار پانچ (21005) بچوں کو سکولز میں داخل کروایا۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ میں ٹوٹل 1,043 سکولز ہیں جو مکمل طور پر فعال ہیں، جن سکولوں میں صاف پانی، چار دیواری، تزئین و آرائش اور کمروں کی مرمت سمیت دیگر مسائل تھے

ڈسٹرکٹ بار نصیرآباد کا بیرلو بائی پاس کینالز دھرنے کی حمایت کا اعلان

نصیرآباد ریجن کی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سے احتجاجی تحریک کیلئے رابطہ کیا جائیگا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نصیرآباد نے بیرلو بائی پاس کینالز دھرنے کی حمایت کا اعلان کردیا نصیرآباد ریجن کی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سے احتجاجی تحریک کے لئے رابطہ کیا جائے گا دریائے سندھ سے کینالز کے خلاف احتجاجی شیڈول دے دیا گیا ہے وفاقی حکومت کینالز فیصلہ کو واپس لیکر جاری کام کو بند کروادے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نصیرآباد کے صدر ایڈووکیٹ نیاز احمد عمرانی اور چیئرمین شبیر احمد شیرازی کا نیوز کانفرنس میں وفاقی حکومت سے مطالبہ تفصیلات کے مطابق جمعرات کے روز شہید محترمہ بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیرآباد ڈیرہ مراد جمالی کیمپ آفس میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نصیرآباد کے صدر ایڈووکیٹ نیاز احمد عمرانی اور سینئر ایڈووکیٹ شبیر احمد شیرازی نے اپنے بار کے دیگر عہدیداران وممبران سینئر ایڈووکیٹ برکت علی خاکشنی، سینئر ایڈووکیٹ ممتاز علی ہنگورائی، ایڈووکیٹ جہانزیب قمرانی، ایڈووکیٹ مبارک علی سیال، ایڈووکیٹ نصیر اللہ رند، ایڈووکیٹ فراز احمد مینگل، ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ، ایڈووکیٹ غلام سرور لاشاری، ایڈووکیٹ مشعل عمرانی، ایڈووکیٹ غلام سرور بلوچ، ایڈووکیٹ طارق مشتاق، ایڈووکیٹ احسان علی مستوئی، ایڈووکیٹ سعید احمد پرکانی اور ایڈووکیٹ عبدالرشید ہنگورو کے ہمراہ نیوز کانفرنس سے خطاب کیا۔

ڈیرہ مراد جمالی، سمیع اللہ ہنگورائی وحید رزاق ہنگورائی محو گفتگو ہیں

کریم لونائی کی وفات سے علاقہ ہمدرد انسان سے محروم ہوگیا، اسرار زہری

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے قائد سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے اپنے جاری کردہ ایک تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ زہری کے معروف تاجر شخصیت حاجی محمد کریم لونائی کے وفات سے زہری علاقہ ایک ہمدرد خیرخواہ انسان سے محروم ہوگئے ہیں مرحوم کے وفات سے پیدا ہونے والے خلاء مدتوں تک پر نہیں ہونگے۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا محمد کریم لونائی علاقے میں ہمیشہ پرامن فضاء کو قائم رکھنے کے خواہاں تھے۔ مرحوم کے علاقائی سوچ فکر اور انسانیت کی خدمت انکی زندگی کا محور تھیں اسرار اللہ خان زہری نے کہا محمد کریم لونائی غریب عوام کی ایک توانا اور بلند آواز تھیں انکی پوری زندگی علاقہ کے عوام کی خدمت میں گزری ہے اور علاقے کی تاریخ میں انکی گران قدر خدمات سنہری حروف میں لکھی جائے گی۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے مزید کہا کہ حاجی محمد کریم لونائی کے انتقال سے زہری علاقہ کو ایک ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے مرحوم کی کمی مدتوں تک پر نہیں ہونگے وہ ہمیشہ علاقہ عوام کو امن اور بھائی چارے کا درس دیتے تھے انکی کاوشوں کو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی میر اسرار اللہ خان زہری نے آخر میں مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی ہے انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ امین

میزئی اڈہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ملک عثمان خان اچکزئی لیویز اہلکار عبدالرؤف کی وفات فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

زیتون کے تیل، آبپاشی نیوٹریشن پیسٹ اینڈ ڈیزیز مینجمنٹ پر سیمینار کا انعقاد

زیتون کا تیل کسانوں اور زمینداروں کیلئے ایک منافع بخش فصل ثابت ہوسکتا ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان ایگریکلچرل ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر اور ایچ آر آئی PARC کی جانب سے خضدار پریس کلب کے ہال میں زیتون olive کے باغات بشمول کٹائی آبپاشی نیوٹریشن پیسٹ اینڈ ڈیزیز مینجمنٹ پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ضلع خضدار کے مختلف علاقوں نال زہری کرخ وڈھ باغبانہ زیدی وغیرہ کے کسانوں اور زمینداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار میں زیتون olive کے درخت کے افادیت اور انکے پیداوار کٹائی آب پاشی نیوٹریشن کے متعلق بی اے آر ڈی سی کوئٹہ کے ڈائریکٹر سینئر سائنٹفک آفیسر عبداللہ بلوچ ایچ آر آئی خضدار کے سینئر سائنٹفک آفیسر عبدالقادر بلوچ، بی آے آر ڈی سی کوئٹہ کے سائنٹفک آفیسر جاوید احمد، زراعت مینجمنٹ خضدار کے ریسرچ آفیسر محمد خان زہری و دیگر کسانوں زمینداروں فارمرز کو ٹریننگ دیتے ہوئے کہا کہ زیتون کے درخت قدرت کا انمول تحفہ ہے زیتون کا شمار ان درختوں میں ہوتا ہے انکے تیل صحت بخش اور انسان کے کھانے کیلئے انتہائی مفید ہیں زیتون کے تیل کسانوں اور زمینداروں کیلئے ایک منافع بخش فصل ثابت ہوسکتے ہیں مقررین نے کہا زیتون کا درخت کئی نسلوں تک پیداوار دے سکتا ہے یہ ہزاروں سال بلکہ آئندہ کے کئی نسلوں کیلئے سرمایہ کاری اور کاروبار کا سبب بنتے ہیں۔ زیتون کے مصنوعات کی عالمی منڈی میں بہت زیادہ طلب ہے جس سے کسانوں اور زمینداروں کیلئے ایک مفید اور منافع بخش کاروبار کی شکل اختیار کرسکتے ہیں کسانوں زیتون کے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے میں دلچسپی لیکر محکمہ زراعت کے ماہرین سے رہنمائی حاصل کریں۔

ضلع بدر پولیس آفسروں نے بڑی قربانیاں دی ہیں، شبیر ہنگورئی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیرآباد کے نوجوان سیاسی وسماجی رہنما شبیر احمد ہنگورئی نے آئی جی پولیس بلوچستان کے آئے روز اپنے محکمے میں فیصلوں پر تعجب و حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قابل پولیس آفیسران کو ضلع بدر کرنے کی شدید الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ نصیرآباد سے جن پانچ پولیس آفیسران جن میں محمد اکبر لہڑی محمد انور ابڑو صوبدار سیال، ورمحمد گاجانی امیر جان بہرانی طارق مری اور محمد قاسم کھوسو کو ضلع بدر کرنے والے احکاروں کے آڈر کینسل کریں کیونکہ ان قابل اور لائق آفسران نے اپنے فرائض منصبی بہترین انداز میں ادا کیے ہیں

ریکوڈک مائننگ میں مقامی نوجوانوں کو نظرانداز، غم و غصے کی فضا قائم

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) ریکوڈک مائننگ منصوبے میں مقامی تعلیم یافتہ نوجوانوں کو مسلسل نظرانداز کیے جانے پر علاقے میں شدید تشویش اور غم و غصے کی فضا قائم ہے۔ مقامی نوجوانوں نے الزام عائد کیا ہے کہ کمپنی میں بھرتی کا عمل بااثر شخصیات کی سرپرستی میں چل رہا ہے، جہاں غیر مقامی امیدواروں کو ترجیحی بنیادوں پر ملازمتیں دی جا رہی ہیں، جبکہ مقامی نوجوانوں کی سی ویز کو نظرانداز کرکے مکمل طور پر خارج از امکان قرار دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک کمپنی کی جانب سے مقامی افراد کو روزگار دینے کے دعوے محض زبانی جمع خرچ ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مقامی امیدواروں کے لیے سخت تجرباتی شرائط، پیچیدہ میڈیکل مراحل اور دیگر رکاوٹیں پیدا کرکے ان کے لیے روزگار کا حصول تقریباً ناممکن بنا دیا گیا ہے۔

ڈاکٹر ثناء کاتوبہ کاکڑی میں مراکز صحت کا معائنہ، غیر حاضری کا نوٹس

لیڈی ہیلتھ وزیٹرز کی کارکردگی کو سراہا گیا، تعریفی اسناد دینے کا اعلان

پشین (پ ر) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی کا برشور توبہ کاکڑی کے مختلف بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا اور مراکز صحت میں عملے کی حاضری سمیت ادویات اور بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ثناء کاکڑ نے پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر عصمت ؟ ترین کے ہمراہ توبہ کاکڑی قلعہ حاجی خان میں قائم بنیادی مرکز صحت کا دورہ کیا، جہاں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران مرکز صحت میں خدمات سرانجام دینے والی لیڈی ہیلتھ وزیٹرز (LHV) کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا گیا۔ ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا گیا تاہم اس دوران بعض دیگر سٹاف ممبران کی غیر حاضری کا نوٹس لیا گیا، جس پر متعلقہ حکام کو رپورٹ ارسال کر دی گئی تاکہ آئندہ ایسے معاملات سے دوبارہ دہرایا نہ جاسکیں تاکہ عوام کو مستقل بنیادوں پر صحت کی سہولیات میسر رہیں۔

پشین، جمعیت کے سید قیام الدین آغا کو سید عزیز اللہ آغا شیلڈ دے رہے ہیں

اوستہ محمد، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر احسان گسی کو محمد اعظم ہار پہنا کر مبارکباد دے رہے ہیں

بعدالت جناب سینئر سول جج V کوئٹہ

دعویٰ دیوانی — آئندہ پیشی 06/05/2025

افتخار احمد وغیرہ بنام خلیل الرحمن وغیرہ

اشتہار بنام 1۔ عبدالحلیم اچکزئی ولد حاجی غلام نبی اچکزئی سکنہ کلی برات کوئٹہ 2۔ ملک نذیر احمد ولد ملک عبدالغفار سکنہ مکان نمبر 110-9/2616 کلی عالم خان کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 6/5/025 کے لئے مقرر ہوچکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی پر حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 17/4/25 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

R.No.......61229

بعدالت تحصیلدار رنا صاحب پشین

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ سائل کا اصل نام قومی شناختی کارڈ میں عبدالرازق درج ہے اور ریونیو ریکارڈز میں سہواً غلطی سے عبدالرزاق درج ہوا ہے اور اب سائل صحت نام انتقال کرانا چاہتا ہے اگر اس انتقال صحت نام پر کسی فرد یا ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو 7 سات یوم کے اندر زیر دستخطی کو پیش کریں اور مقررہ میعاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا کو 24/4/2025 میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ خانوزئی

بعدالت تحصیلدار بندوبست اسسٹنٹ / کلکٹر اول کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی عبداللہ ولد گل محمد قوم کاکڑ بازئی ساکن سرا غرگئی تحصیل و ضلع کوئٹہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا موضع سرا غرگئی محال و یالہ سرا غرگئی خشکابہ سرا غرگئی تکری سپورانی II تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی عبداللہ ولد گل محمد کے پسماندگان میں رحمت اللہ، دولت خان، شاہ اللہ، عطاء اللہ، عنایت اللہ پسران بی بی رشیدہ، بی بی لاجور، بی بی حاجرہ دختران عبداللہ شامل ہیں قوم کاکڑ بازئی ساکنان سرا غرگئی کوئٹہ لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارے کو کسی قسم عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از اں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا کو میرے دستخطی و مہر عدالت سے جاری ہوا

R.No.......61228

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بندوبست کوئٹہ موضع یارو پشین

نوٹس بنام عوام الناس زیر دفعہ 21 مالگذاری ایکٹ 1967

ہرگاہ کہ مالکان، کاشتکاران، حصہ داران و دیگر حقداران کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ہر واسطہ داران کو نوٹس تعمیل کروانا ناممکن ہے لہذا زیر دفعہ 26/118 لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 نوٹس جاری کیا جاتا ہے زیر جائیداد موضع سال 2025 تحصیل پشین موضع یارو کے آخری تصدیق مورخہ 2/5/2025 مندرجہ ذیل مقام پر ہوگی جملہ واسطہ داران اپنے اپنے ثبوت اثبات اصالتاً یا وکالتاً ازقسم شخصی و سندی ہمراہ لاکر تاریخ مقررہ پر حاضر آئیں بصورت دیگر فیصلہ عدم موجودگی میں ہوگا بعد میں کسی قسم کا عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج بمورخہ 24/4/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

61231

بعدالت جناب نائب تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد یوسف ولد بہار خان نے یک قطعہ درخواست گزاری ہے کہ اسکا والد مسمی بہار خان ولد صالح محمد لہڑی مورخہ 01/01/2009 کو وفات پاگیا ہے جسکی موضع بیدار اندرون تحصیل ڈیرہ مراد جمالی میں 08 ایکڑ اراضی درج ریکارڈ ہے جسکے جائز ورثاء 2 لڑکے محمد یوسف اور صالح محمد ظاہر کیئے ہیں دیگر کوئی جائز وارث ظاہر نہیں کیئے ہیں انتقال وراثت درج کرنا مطلوب ہے اس بابت اگر کسی شخص کو کوئی عذر اعتراض ہو تو وہ اندر 7 یوم دفتر ہذا رجوع کرے بصورت دیگر انتقال وراثت درج کیا جائیگا

نمائندہ DMJ

بعدالت میر زابر علی ڈوکی تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عامر خان ولد غوث بخش قوم مرغزانی نے اصالتاً حاضر عدالت آکر ایک قطعہ تحریری درخواست بمعہ ایف آر سی نادرا آفس سبی اور شرعی فتویٰ مجاریہ مفتی ریاض الدین مدرسہ دارالافتاء جامعہ قاسم العلوم ہاشمیہ صحبت سرائے روڈ سبی پیش کرکے استدعا کی کہ اس کا والد غوث بخش ولد فقیر میرو خان قوم مرغزانی بقضائے الٰہی فوت ہوچکا ہے جس کی آب وارانی موضع مرغزانی میں واقع ہے بمطابق پیش کردہ ایف آر سی، شرعی فتویٰ کے متوفی غوث بخش مذکور کے پسماندگان میں دو بیوہ (1) حور بی بی (2) شاہدہ بی بی چھ بیٹے (1) احسان علی (2) عامر خان (3) سجاد احمد (4) علی احمد (5) عبدالباسط (6) عبدالرزاق، اور دو بیٹیاں (1) سونیا (2) ثانیہ جائز وارث قرار پائے ہیں جن کے نام پر انتقال وراثت درج / منتقل کرنا مطلوب ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی متذکرہ بالا انتقال وراثت یا جائز ورثاء پر کسی پٹی دار، واسطہ دار یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام اپنا عذر و اعتراض زیر دستخطی کو پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز ورثاء درج ہوکر تصدیق و منظور کیا جائے گا بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج اشتہار ہذا مورخہ 23/4/025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

سلیم گنگلوری سبی

بعدالت سید محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اللہ ڈنہ ولد صاحب خان قوم سید کبیری ساکن نے ورثاء سرٹیفکیٹ یونین کونسل کوارہ 2 تحصیل چھتر ضلع نصیرآباد پیش کرکے حسب زبانی استدعا کی کہ میرا والد متوفی صاحب خان اور میرا چچا متوفی صوبدار شاہ پسران رسول بخش اور میرا چچازاد بھائی متوفی عالم شاہ ولد محمود شاہ قوم سید کبیری لاولد وفات پاچکا ہے جنہوں نے جائز ورثاء میں مسمیان اللہ ڈنہ رمضان شاہ و حسن بخش پسران میران صاحب خان رسول بخش شاہ ولد صوبدار شاہ قوم سید کبیری ہیں انہوں کے علاوہ دیگر کوئی جائز وارث حقدار نہیں ہے متوفیان مذکوران کی زرعی اراضی زیر کھاتہ 2/41 قطعات رقبہ تعدادی 15-236 زیر کھاتہ 2/42 قطعات رقبہ تعدادی 22-208 زیر کھاتہ 5/234 قطعات رقبہ تعدادی 9-33 حصہ وائز درج ریونیو ریکارڈ ہے متوفیان مذکوران کے مندرجہ بالا جائز ورثاء کے نام انتقال وراثت کرانی مطلوب ہے اگر کسی پٹی دار یا کسی ادارے کو کسی بھی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش ہو مقررہ مدت گزر جانے کے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج 23/4/2025 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ DMJ

بعدالت سید محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی بیزا خان ولد نوبت خان قوم دیرکھانی سکنہ کھیاؤ یونین کونسل فیلجی ضلع نصیرآباد عرصہ دراز سے بقضائے الٰہی سے فوت ہوچکا ہے جسکی جائیداد کے جائز و قانونی وارث درج ذیل ہیں 1 رسول بخش ولد بیزا 2 الٰہی بخش ولد بیزا اور مسمی الٰہی بخش ولد بیزا خان قوم دیرکھانی عرصہ دراز سے فوت ہوچکا ہے جس کی جائیداد کے جائز وارث 1 خدا بخش ولد الٰہی بخش 2 بیزا خان ولد الٰہی بخش اور کوئی جائز وارث نہیں ہے نیز مسمی رسول بخش ولد بیزا خان فوت ہوچکا ہے جسکے جائز وارثان 1 منیر لون ولد رسول بخش 2 حمید خان ولد رسول بخش 3 میر ولد رسول بخش لہذا ان درج بالا کے علاوہ ان کا کوئی جائز و قانونی وارث نہیں ہیں جسکی تصدیق کی جاتی ہے اگر کوئی پٹی دار واسطہ دار کسی ادارے کو کسی بھی قسم کا عذر اعتراض ہو تو سات یوم زیر دستخطی کو پیش ہو مقررہ مدت گزر جانے کے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج 23/4/2025 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ DMJ

بعدالت جناب سول جج III صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 05/2025 — دعویٰ دیوانی — آئندہ تاریخ پیشی 28/4/2025

بمقدمہ شاہ زیب اختر زوجہ محمد قاسم ساکن مانیل اسٹریٹ کوئٹہ بنام

آغاجی بلڈرز اینڈ ڈویلپمنٹ بذریعہ پروپرائٹر سید ثاقب آغا فون نمبر 03133363639 ساکن آفس آغاجی ڈویلپرز مقابل PSO پمپ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ دعویٰ دیوانی مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت مقررہ 28/4/2025 کے لئے مقرر ہوچکی ہے درج بالا مقدمہ دعویٰ دیوانی میں مدعا علیہ / آغاجی بلڈرز بذریعہ پروپرائٹر سید ثاقب آغا عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے گریزاں ہے کئی روپوش ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمے کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 25/3/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61232

بقیہ 1 پریس کانفرنس

صوبوں سے اتفاق کے بغیر کبھی منصوبے کو آگے نہیں بڑھایا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کالا باغ ڈیم معاشی طور پر پاکستان کے بہترین مفاد میں ہے مگر سندھ کے اعتراضات وفاق کیلئے زیادہ اہم ہیں، یہی پاکستان کا بہترین مفاد ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور سندھ کے عوام کے تحفظات سننے اور اقدامات کرنے پر وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے احتجاج کو کافی حد تک ایڈریس کیا ہے، مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس جب بلایا جائے گا تو فیصلوں کی توثیق کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ باہمی رضامندی کے بغیر کوئی نئی نہر نہیں بنے گی، ہم عوامی شکایات کو دور کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کالا باغ ڈیم پر تین صوبوں نے اعتراضات اٹھائے، اس پر بھی متفقہ فیصلہ لیا گیا، آج ہم صرف اتنا طے کر رہے ہیں کہ نئی نہریں نہیں بن رہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے بھی اہم پہلو حالیہ دنوں میں بھارتی اعلانات کا ہے۔

بقیہ 2 پہلگام واقعے

بند، پانی روکا تو اسے جنگی اقدام سمجھا جائیگا، بھارتی شہریوں کو دیے گئے سارک ویزا استثنیٰ اسکیم کے ویزے معطل اور منسوخ کیے جارہے ہیں، اس اسکیم کے تحت پاکستان میں موجود سکھ مذہبی یاتریوں کو استثنیٰ حاصل ہوگا، اگر پاکستانی ملکیت کے پانی کا بہاؤ روکا گیا تو اسے جنگی اقدام سمجھا جائے گا، 24 کروڑ پاکستانیوں کی لائف لائن ہے، پاکستان اپنی لائف لائن کا ہر قیمت پر تحفظ کریگا، بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد کے سفارتی عملے کی تعداد 30 تک محدود کردی گئی ہے جس کا اطلاق 30 اپریل سے ہوگا، پاکستانی قوم امن کی خواہاں ہے، پاکستانی قوم اپنی خودمختاری، سلامتی، عزت اور ناقابل تنسیخ حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کرے گی جبکہ وفاقی وزراء نے واضح کیا ہے کہ کسی نے ایڈونچر کی کوشش کی تو اس کا ماضی سے زیادہ برا حشر ہوگا، اگر ہمارے شہریوں پر حملہ ہوا تو بھارتی شہری بھی محفوظ نہیں رہیں گے نئی دہلی میں پاکستانی ناظم الامور کو جو ڈی مارش دیا گیا اس میں بھارتی حکومت کے تمام فیصلے لکھے گئے ہیں، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا کوئی ذکر نہیں۔ جمعرات کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اہم اجلاس جمعرات کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ شرکاء نے قومی سلامتی کے منظر نامے، علاقائی صورتحال بالخصوص غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں 22 اپریل 2025 کو ہونے والے پہلگام حملے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق سیاحوں کی جانوں کے ضیاع پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے، کمیٹی نے 23 اپریل 2025 کو اعلان کردہ بھارتی اقدامات کا جائزہ لیا اور انہیں یکطرفہ، غیر منصفانہ، سیاسی محرکات پر مبنی، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور غیر قانونی قرار دیا۔ قومی سلامتی کمیٹی نے کہا کہ کشمیر پاکستان اور بھارت کے مابین ایک غیر حل شدہ تنازعہ ہے جسے اقوام متحدہ کی متعدد قراردادوں کے ذریعے تسلیم کیا گیا ہے، پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ اعلامیہ کے مطابق مسلسل ہندوستانی ریاستی جبر، ریاستی حیثیت کی منسوخی، سیاسی اور آبادیاتی ہیر پھیر، مسلسل غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے لوگوں کی طرف سے ایک فطری ردعمل کا باعث بنی ہے، جو تشدد کی فضا کا باعث بنا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کے خلاف بھارت کا منظم ظلم وستم مزید بڑھ گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ وقف بل کی زبردستی منظوری کی کوششیں ہندوستان بھر میں مسلمانوں کو دیوار سے لگانے کی تازہ ترین کوشش ہے، بھارت کو ایسے المناک واقعات سے فائدہ اٹھانے کی بجائے لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی کی پوری ذمہ داری قبول کرنی چاہیے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان ہرقسم کی دہشت گردی کی بلا امتیاز مذمت کرتا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق دہشت گردی کے خلاف دنیا کی صف اول کی ریاست ہونے کے ناطے پاکستان کو بے پناہ انسانی اور معاشی نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان کی مشرقی سرحدوں پر کشیدگی کی بھارتی کوششوں کا مقصد پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں سے توجہ ہٹانا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق بھارت کے جارحانہ اقدامات نے دوقومی نظریہ کے ساتھ ساتھ قائداعظم محمد علی جناح کے خدشات کی بھی توثیق کی ہے۔ 1940 کی قرارداد جو کہ پوری پاکستانی قوم کے جذبات کی ترجمان ہے، کی بنیاد بھی دوقومی نظریہ ہی تھا۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستانی قوم امن کے لیے پرعزم ہے لیکن کسی کو بھی اپنی خودمختاری، سلامتی، وقار اور ناقابل تنسیخ حقوق سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے بعد وزیرخارجہ اسحٰق ڈار نے وفاقی وزرا کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں سیاسی وعسکری قیادت نے شرکت کی، قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے ہیں، بھارتی الزامات اور فیصلے غیر ذمہ دارانہ ہیں، دفتر خارجہ نے گزشتہ روز ہی، بھارت سے بھی پہلے پہلگام واقعے کی مذمت کا اعلامیہ جاری کردیا تھا۔ وزیرخارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل اراکین کی جانب سے پاکستان کے اس اعلامیہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے مثبت قدم قرار دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا یکطرفہ اقدام کسی بھی طور قبول نہیں، بھارت ایسا کر بھی نہیں سکتا کیونکہ عالمی بینک اس معاہدے میں ثالث تھا اور معاہدے میں یکطرفہ طور پر معطل کیے جانے کی کوئی شق شامل نہیں ہے۔ وزیرخارجہ نے کہا کہ 24 کروڑوں لوگوں کا یہ ملک ایسا کوئی بھی یکطرفہ اقدام قبول نہیں کرے گا، اور اگر معاہدے میں کوئی رکاوٹ آتی ہے تو پھر پاکستان کو دوحق حاصل ہیں ایک تو یہ کہ اس کے نتیجے میں وہ جو قدم اٹھانا چاہے وہ اٹھائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرا یہ کہ لیڈرشپ نے بڑا واضح فیصلہ کیا ہے کہ بھارت کے اقدام کے جواب میں شملہ معاہدے سمیت دیگر دوطرفہ معاہدوں پر نظرثانی کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی اجلاس میں بھارت کے اٹاری بارڈر کو بند کرنے کے جواب میں ہم بھی واہگہ بارڈر بند کررہے ہیں اور بھارت کے ساتھ ہرقسم کی تجارت بندکی جارہی ہے، بھارت سے براہ راست تجارت کے ساتھ ساتھ کسی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت بھی معطل کی جارہی ہے۔ وزیرخارجہ نے کہا کہ اس کے علاوہ سارک ویزا ایگزمشن اسکیم کے تحت جن بھارتیوں کو ویزے جاری ہوچکے ہیں انہیں منسوخ کیا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ سکھوں کے سوا بھارتی شہریوں کو 48 گھنٹے کے اندر واپس جانے کا کہا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ بھارت نے چونکہ ڈیفنس نیول اور ایئر ایڈوائزرز اور ان کے عملے کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دیا ہے، جس پر قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں لیڈرشپ نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم نے بھی بھارتی بحریہ اور فضائیہ کے ایڈوائزرز کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے دیا ہے اور ان کو بھی 30 اپریل تک پاکستان چھوڑ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن کے عملے کی تعداد 55 سے کم کرکے 30 کردی ہے، تو اس کے جواب میں ہم نے بھی اسلام آباد میں بھارتی سفارتی عملے کی تعداد کم کرکے 30 کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں بھارت کے لیے پاکستانی فضائی حدود بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، کسی بھی بھارتی ایئرلائن کے طیاروں کو پاکستانی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ وزیرخارجہ نے کہا کہ دفتر خارجہ بھارتی ہائی کمیشن کے اہلکاروں کو طلب کرے گا اور جو فیصلے ہوئے ہیں، ان سے آج ہی ڈیمارش کے ذریعے انہیں آگاہ کردیا جائے گا۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ موجودہ صورتحال کی وجہ سے میں اپنا بنگلہ دیش کا دو روزہ سرکاری دورہ ملتوی کررہا ہوں، تاکہ کسی بھی حالات میں ہم جواب دینے کے لیے تیار ہوں۔ وزیردفاع خواجہ آصف نے پریس کانفرنس میں کہا کہ بھارت سمیت جہاں بھی دہشتگردی ہو اس کی مذمت کرتے ہیں، مگر ہم اپنے دفاع کا پورا حق رکھتے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی اقدامات گیدڑ بھبکیاں ہیں، ہم نے بھارتی اقدامات کا دوگنا بڑھ کر جواب دیا، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا کوئی قانونی جواز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے پاس صرف اونچی آواز اور گیدڑ بھبکیاں ہیں، ہم نے سود سمیت حساب برابر کردیا ہے اور بیانیے کی جنگ میں بھی بھارت پر سبقت حاصل کی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستانی فضائی حدود بند کرنے سے بھارتی ایئرلائنز کو کروڑوں کا نقصان ہوگا جس کا اثر بھارتی معیشت پر پڑے گا۔

بقیہ 3 فلیگ آپریشن

جعلی ان کاؤنٹر میں دہشتگرد ظاہر کرکے شہید بھی کرسکتا ہے، بھارت بالاکوٹ طرز پر نام نہاد دہشتگرد کیمپوں کا بہانہ بناکر حملہ کرسکتا ہے، دریں اثنا دفاعی ماہرین کے مطابق پاکستان کے اندر کسی قسم کا دہشت گرد کیمپ موجود نہیں اگر بھارت جھوٹے بیانیے کی بنیاد پر پاکستان میں کسی فرضی کیمپ کو نشانہ بنانے کی کوشش کرے گا تو پاکستان بھرپور جواب دے گا، پہلگام کا جعلی ڈرامہ بے نقاب ہو چکا، پاکستان کسی بھی بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ 4 رینجرز

پیش آیا، پاکستانی حکام نے بھارت کو مطلع کردیا، بی ایس ایف اہلکار کی واپسی کیلئے دونوں ممالک کی سرحدی فورسز کے درمیان رابطے جاری ہیں۔

بقیہ 5 وزیراعلیٰ

میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور مؤثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکوٰۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو مؤثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکوٰۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہوکر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہوجائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیراعلیٰ نے زکوٰۃ کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکوٰۃ سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویشناک امر ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر جامع سفارشات مرتب کرکے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی

بقیہ 6 پانی روک لیا

چناب میں گزشتہ روز پانی کا بہاؤ 29 ہزار کیوسک تھا، اب پانی کا بہاؤ 22 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا، بھارت نے دریائے چناب پر بگلیہار ون اور ٹو پر دو پن بجلی منصوبے تعمیر کر رکھے ہیں، دریائے جہلم پر غیر قانونی کشن گنگا اور وولر بیراج بنا رکھے ہیں۔

بقیہ 7 بلاک کردیا

ہندو انتہا پسند مودی حکومت نے بھارت میں گورنمنٹ آف پاکستان کے ایکس ہینڈل کو بند کیا۔

بقیہ 8 بھارتی میڈیا

پر ہلاک افراد کیساتھ منسوب کی گئیں، ویڈیو میں نظر آنے والی لڑکی نے سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو میں کہا زندہ ہیں، معلوم نہیں تصاویر کو بھارتی میڈیا پر کیوں چلایا جارہا ہے، جوڑے نے اپنے بیان میں کہا تصاویر کو نیول افسر و دیگر کے طور پر دکھانا سمجھ سے بالاتر ہے۔

بقیہ 9 واپسی شروع

یکم مئی تک بھارت چھوڑنے کی مہلت دی گئی، تازہ صورت حال کے پیش نظر واہگہ بارڈر پر امیگریشن اور سکیورٹی حکام متحرک ہیں دوسری جانب پاکستان میں موجود بھارتی شہریوں کی واپسی کا بھی امکان ہے، برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق بھارت سے ویزا منسوخ کیے جانے کے بعد وہاں موجود پاکستانی شہریوں کی وطن واپسی کا عمل جاری ہے، بھارت میں موجود پاکستانیوں نے اٹاری واہگہ سرحد پر پہنچنا شروع کردیا۔

بقیہ 10 شجاعت

صورتحال کی مضبوطی کیلئے حکومت تمام جماعتوں کو اعتماد لے اور رابطوں کو وسیع کرے، چودھری شجاعت نے کہا بھارت کا سندھ طاس معاہدہ معطل کرنا آبی جنگ کے مترادف ہے، عالمی قوتیں نوٹس لیں، بھارت اپنی نیت اچھی کرے

بقیہ 11 سکھ رہنما

کشمیر کی تحریک آزادی کو بدنام کرنے اور خوف پیدا کرنے کیلئے کیا گیا۔

بقیہ 12 علی امین گنڈاپور

ہوئے کہا اگر بھارت نے واقعہ کی آڑ میں جارحیت کی کوشش کی تو بھارتی قیمت چکانی پڑے گی، ملکی سالمیت کیلئے سب متحد، ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں، بھارتی حکومت کا جارحانہ رویہ ہمیشہ سے خطے کے امن کیلئے خطرہ رہا ہے، واقعہ کے تناظر میں بھارتی حکومت کا جارحانہ رویہ افسوسناک ہے

بقیہ 13 بھارتی پروازوں

فضائی حدود ایک ماہ کیلئے بند کیں، پاکستانی فضائی حدود کی بندش کا نوٹم 23 مئی رات 12 بجے تک مؤثر ہوگا، نوٹم کے مطابق پاکستانی فضائی حدود بھارتی رجسٹرڈ سول اور ملٹری طیاروں کیلئے دستیاب نہیں، بھارتی ایئرلائنز و آپریٹرز کی ملکیت طیارے پاکستانی فضائی حدود استعمال نہیں کرسکتے، ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کے یومیہ اخراجات میں لاکھوں ڈالر اضافہ ہوگا، 100 سے زائد بھارتی پروازیں روزانہ پاکستانی فضائی حدود استعمال کرتی ہیں، ممبئی، احمد آباد، لکھنؤ، دہلی، امرتسر، گوا، جے پور، چندی گڑھ و دیگر شہروں سے آپریٹ پروازیں پاکستان سے گزرتی ہیں، ایئر انڈیا، اسپائس جیٹ، انڈیگو، ایئر انڈیا ایکسپریس اور آکاسا ایئر پاکستانی فضا استعمال کرتی ہیں، پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کو 2 گھنٹوں کا اضافی وقت درکار ہوگا، بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش سے پاکستان کو بھی لاکھوں ڈالر یومیہ کا نقصان ہوگا۔

بقیہ 14 الرٹ جاری

موجود امریکی شہریوں سے کہا گیا ہے وہ مقبوضہ جموں کشمیر کا سفر نہ کریں، جموں و کشمیر میں دہشت گرد حملوں، پرتشدد واقعات اور بدامنی کا خطرہ موجود ہے۔

بقیہ 15 پیر پگاڑا

کے تحفظ اور دفاع کا سوچنے کا ہے، مادر وطن کا دفاع ہر چیز پر مقدم ہے۔

بقیہ 16 پی ٹی آئی

وزیراعظم اور میرے والد وزیرخارجہ تھے، بھارت کا 25Mig اسلام آباد کے اوپر اڑا اور 2 دھماکے کیے، علیمہ خان نے کہا ہمیشہ بتایا گیا ہندوستان سے اپنی حفاظت کرنی ہے، وزیراعظم اگر سنجیدہ ہیں تو اپوزیشن لیڈرز کو فون کرکے اپیل کریں آپ اڈیالہ جیل جائیں اور عمران خان سے فوری ملاقات کریں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرا کر ایک Consensus بنایا جائے، بابر اعوان نے کہا کہ مقدمات کے آزادانہ ٹرائل کیے جائیں، تمام سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کو ختم، میڈیا کو آزاد کیا جائے، پاکستان میں فوری طور پر نئے شفاف انتخابات کرائے جائیں، قوم میں 75 سے 80 فیصد عوام بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں، حکومت انہیں کھولیں فاشزم کو ختم کرے، ترجیحی بنیادوں پر پرانے مقدمات کو ختم کیا جائے، ماڈل ٹاؤن دن اور نو کا مقدمہ ابھی تک زیر التوا ہیں، منتخب عدالتوں سے منتخب مقدمات پر فیصلے کرائے جارہے ہیں، جلد فراہمی انصاف میں انصاف ختم ہوتا ہے

بقیہ 17 وزیراعلیٰ

کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلان جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا

بقیہ 18 صوبائی وزراء

کا جواب دینے کے لئے بروقت فیصلے کئے ہیں، وہ پوری قوم کے جذبات کی عکاسی کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا بھارتی اعلان نہ صرف عالمی قوانین کی خلاف ورزی بلکہ خطے کے امن کو خطرے میں ڈالنے کی دانستہ کوشش ہے، جسے پاکستان نے دانشمندی سے مسترد کرکے ایک اصولی اور ذمہ دار ریاست ہونے کا ثبوت دیا ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بھارتی پروازوں کیلئے فضائی حدود کی بندش، واہگہ بارڈر کی فوری بندش، اور بھارت کے ساتھ تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی ہرقسم کی تجارت کا خاتمہ، ایسے فیصلے ہیں جو قومی مفاد میں ناگزیر ہو چکے تھے انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں اور ان فیصلوں سے یہ پیغام گیا ہے کہ پاکستان اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر حد تک جانے کیلئے پرعزم ہے دریں اثناء پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیرخوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلوں پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیرخوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقدہ قومی سلامتی کمیٹی کے اہم اجلاس کے فیصلوں کو قومی وقار، سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کی جانب درست اور بروقت قدم قرار دیا ہے صوبائی وزیرخوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بھارتی اقدامات کا اصل مقصد نہ صرف خطے میں اشتعال انگیزی کو فروغ دینا بلکہ پاکستان کی دہشتگردی کے خلاف جاری سنجیدہ کوششوں کو سبوتاژ کرنا بھی ہے مگر پاکستان نے بردباری، حکمت اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے واضح پیغام دیا ہے کہ ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ انڈس واٹر ٹریٹی جیسے بین الاقوامی معاہدوں کو معطل کرنا صرف بھارت کی انتہاپسندانہ سوچ کو عیاں کرتا ہے، جس کا مقصد خطے میں امن و استحکام کو متاثر کرنا ہے "پاکستان نے جس دھیمے لیکن واضح لہجے میں بھارت کو متنبہ کیا ہے، وہ قومی وقار کی ترجمانی کرتا ہے اور پوری قوم اس موقف کی حمایت کرتی ہے۔"

بقیہ 19 عبدالرحمن کھیتران

ایسے فیصلے نہ صرف قومی مفادات کی بھرپور ترجمانی کرتے ہیں بلکہ یہ ملک دشمن عناصر کو بھی واضح پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان کی سرزمین کی حرمت اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ موجودہ علاقائی اور عالمی حالات کے تناظر میں قومی سلامتی کمیٹی کا موقف قومی امنگوں کا عکاس ہے، جو ثابت کرتا ہے کہ پاکستان کی قیادت اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور ملکی سلامتی پر کسی قسم کی مصلحت یا دباؤ کو قبول نہیں کرے گی۔

بقیہ 20 بھارتی ناظم الامور

کی جانب سے بھارتی ناظم الامور کو ایک نوٹ وربیل بھی دیا گیا جس میں پاکستان کے جوابی اقدامات کی تفصیلات درج ہیں۔ سفارتی ذرائع نے کہا کہ دفتر خارجہ نے بھارتی ناظم الامور کو باضابطہ تحریری طور پر پاکستان کے فیصلوں سے آگاہ کردیا۔ بھارتی ہائی کمیشن کے ڈیفنس، ایئر اور نیول اتاشی کو ناپسندیدہ قرار دینے کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق بھارتی ڈیفنس، نیول اور ایئر اتاشی و سپورٹنگ اسٹاف کو پاکستان چھوڑنے کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 21 مقدمات درج

انویسٹی گیشن کے مطابق ملک دشمن عناصر کا مقصد معاشرے میں انتشار اور اداروں کے خلاف منافرت پھیلانا ہے، پولیس کے مطابق اہم سیاسی و سرکاری شخصیات پر نازیبا ویڈیوز بنانے یا اپلوڈ کرنے کے معاملے میں ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سیدہ شہلا رضا کی ہدایت پر سوشل میڈیا پر جعلی ویڈیوز اپلوڈ کرنے والوں کیخلاف پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے،

بقیہ 22 پراپرٹی

کے مطابق فائلرز پر 3، لیٹ فائلرز پر 5، نان فائلرز پر 7 فیصد ایف ای ڈی عائد کی گئی تھی، ایف ای ڈی سے رئیل اسٹیٹ لین دین میں نمایاں کمی آئی۔

بقیہ 23 صدر آزاد کشمیر

فالس فلیگ آپریشن کا ڈرامہ رچایا، بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے پہلگام واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا بھارت پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگا کر اپنے جرائم کو چھپانا چاہتا ہے، بھارت نے کینیڈا، امریکہ دیگر ممالک میں دہشتگردی کی کارروائیاں کیں، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر خان نے کہا مقبوضہ کشمیر میں ہونیوالے واقعہ میں بھارتی ہاتھ ملوث ہے، آزاد کشمیر کسی بھی مہم جوئی کا خمیازہ بھارت بھگتے گا۔

بقیہ 24 سپریم کورٹ بار

ملک چھوڑنے کا حکم دیا جائے، میاں رؤف نے کہا پہلگام واقعہ کے باعث بھارت سفارتی کشیدگی سے آگاہ ہیں، قومی وقار کے تحفظ کیلئے سخت اور مؤثر جواب ناگزیر ہے، پاکستان پر بھارتی الزامات مضحکہ خیز جھوٹ کا پلندہ، بے بنیاد ہیں، پہلگام واقعہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی بربریت چھپانے کی ناکام کوشش ہے، بھارتی فوج کی سرپرستی میں مقبوضہ کشمیر میں بنیادی حقوق پامال کیے جارہے ہیں اور بھارت مقبوضہ کشمیر میں جنگی جرائم سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔

بقیہ 25 ہرادیا

انگ ان کے علاوہ شاہین آفریدی نے 16، ارشاد حسین نے 13، فخر زمان اور حارث رؤف نے 10،10 رنز پشاور زلمی کی جانب سے الزاری جوزف نے تین، حسین طلعت اور لیوک ووڈ نے دو دو وکٹیں حاصل پشاور زلمی نے 130 رنز کا ہدف 17 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔

بقیہ 26 کانگریس رہنما

کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا جب نفرت آمیز نظریات کا پرچار کیا جائے گا تو ردعمل بھی سخت آتا ہے، بھارت میں مسلمانوں اور مسیحیوں سمیت مختلف اقلیتوں کو مذہبی آزادی حاصل نہیں

بقیہ 27 قلات

قلات لیویز کے مطابق قلات سے امیری جاتے ہوئے پک اپ گاڑی پر کوتو کے قریب روڈ کنارے دھماکے کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق اور پانچ زخمی ہوگئے ہیں جاں بحق اور زخمی افراد کو لیویز فورس کے ایس ایچ او اور دیگر اہلکاروں نے ٹیچنگ ہسپتال قلات منتقل کردیا جاں بحق افراد میں جمعیت علماء اسلام کے مقامی کونسلر عبداللہ ولد عبدالحمید قوم نیچاری سکنہ امیری قلات۔ بی بی حسینہ بنت علی محمد قوم نیچاری سکنہ امیری قلات گل بانو بنت خیر محمد قوم نیچاری سکنہ امیری قلات شامل ہیں جبکہ زخمیوں میں علی جان ولد امیر علی قوم بنگلزئی سکنہ دشت کلاں قلات محمد حیات ولد علی محمد قوم نیچاری سکنہ امیری قلات میر گل ولد محمد گل قوم نیچاری سکنہ امیری قلات عزت خان ولد عظیم خان قوم بنگلزئی سکنہ ناصرآباد گرانی قلات محمد اسلم ولد غوث بخش قوم بنگلزئی سکنہ گرانی قلات شامل ہیں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کردیا گیا ہے

بقیہ 28 شیخ رشید

سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے پیغام میں شیخ رشید نے کہا پہلگام واقعہ کا پاکستان پر بے بنیاد الزام ہے، پانی روکنا جنگ کے مترادف ہے

بقیہ 29 خودکش جیکٹس

سکیورٹی فورسز ہائی الرٹ، جمالدینی روڈ اور بائی پاس روڈ کو بند کردی گئی

بقیہ 30 بجلی

کے بعد فیصلہ جاری کرے گی، رپورٹ کے مطابق نیپرا کی منظوری کی صورت میں بجلی ایک روپے 9 پیسے سستی ہوگی، درخواست حویلی بہادر شاہ، بلوکی، نندی پور اور گدو کے 747 پاور پلانٹ نے دی تھی۔

بقیہ 31 مہنگی روٹی

معائنہ کیا گیا، جس کے دوران سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والے نانبائیوں کے خلاف سخت ایکشن لیا گیا۔ کارروائی کے دوران 107 تندور سیل کیے گئے۔ 168 نانبائیوں کو گرفتار کرکے 92 نانبائیوں کو جیل منتقل کردیا گیا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ عوام کو سرکاری نرخوں پر روٹی کی فراہمی ہرصورت یقینی بنائی جائے گی، اور کسی قسم کی بلیک میلنگ یا منافع خوری برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور اسپیشل مجسٹریٹس کو روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ اور کارروائی کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن عبداللہ بن عارف اور مجسٹریٹ احسام الدین نے کارروائیاں کرتے ہوئے 57 تندور سیل کیے، جبکہ 51 نانبائیوں کو گرفتار کرکے جیل بھجوادیا گیا۔

بقیہ 32 محمود خان اچکزئی

پی ٹی آئی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ، سابق اسپیکر اسد قیصر، سابق گورنر لطیف کھوسہ، سنی اتحاد کونسل کے سربراہ صاحبزادہ حامد رضا، سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے سربراہ سید زین شاہ، مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ علامہ راجہ ناصر عباس اور جمعیت علمائے اسلام (شیرانی) کے مرکزی رہنما مولانا کاکل نصیب خان اور مولانا شجاع الملک نے اس میں شرکت کی۔ اجلاس میں 6 نکاتی ایجنڈا ترتیب دیا گیا۔ منرلز اینڈ مائنز چاہے بلوچستان کے ہو یا خیبر پختونخوا کے ان پر اختیار وہاں بسنے والے عوام کا ہے۔ دریائے سندھ پر نئے کینالز کی تعمیر اور کارپوریٹ فارمنگ کے قابل قبول نہیں۔ غزہ کے بےگناہ مارے جانے والوں پر امت مسلمہ اور انسانیت کی بے حسی پر گہرے دکھ اور غصہ کا اظہار۔ اس کے علاوہ تحریک کی قیادت نے اتحادیوں کے آئندہ سرگرمیوں پر اور ملک کے مجموعی سیاسی صورتحال پر سیر حاصل بحث کی اور متفقہ طور پر تفصیلی ایجنڈے کی منظوری بھی دی۔ اس ایجنڈے میں ملک کے موجودہ سیاسی، معاشی اور سماجی حالات کا تفصیلی غور وخوض کیا گیا ہے اور چند تجاویز پیش کئے گئے ہیں۔ جس کا ایجنڈا میڈیا کو پیش کردیا گیا ہے۔ عمران خان کی بہنوں کو بھائی تک رسائی دی جانے کا مطالبہ بھی رکھا گیا ہے۔ غیر اعلانیہ مارشل لاء کا خاتمہ تحریک منزل کا مقصود ہے۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان اب ملک کے کونے کونے تک اپنا پیغام لے کر جائیں گی اور آئین وقانون کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور جمہور کی حکمرانی کا مقدمہ عوام تک پہنچائیں گی۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور تحریک تحفظ آئین کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں قرآن کی آیت کا ترجمہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ "دین میں کسی کے ساتھ زور نہیں کیا جاسکتا" اس طرح سیاسی فیصلے میں بھی ہرکوئی آزاد ہے۔ جو آدمی پاکستان کو بچانا چاہتا ہے اور پاکستان کو اس صدی کا ایشین ٹائیگر بنانا چاہتا ہے اس نے ہمارے ساتھ اس نکتے پر متفق ہونا ہوگا کہ آئین بالادست ہوگا، پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہوں گی، تمام پالیسیاں پارلیمنٹ سے تشکیل پائیں گی جس دن فضل الرحمٰن صاحب نے ہماری یہ بات مان لی وہ یہاں ہمارے ساتھ بیٹھے ہوں گے اور ہم سب ایک آزاد جمہوری پاکستان کے لیے کوشش کرینگے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ گزشتہ دنوں آرمی چیف صاحب نے کہا تھا کہ پاکستان زندہ وآباد ہمیشہ کے لیے۔

بقیہ 33 طاس معاہدہ

سکتا، پاکستان کا پانی روکنے کیلئے بھارت کو بڑے ڈیم بنانا ہوں گے، پانی روکنے میں بھارت کو کئی سال درکار ہوں گے، پانی فوری روکنے کا تاثر درست نہیں، پاکستان بھارت کی طرف سے معاہدے کی معطلی کیخلاف ورلڈ بینک جاسکتا ہے، ورلڈ بینک سے پاکستان کو ریلیف مل جائے گا۔

بقیہ 34 بیرسٹر گوہر

نے بیرسٹر گوہر سے رہائش گاہ پر ملاقات کی، ملاقات میں جنید بال اور رؤف حسن بھی شریک تھے، ملاقات کے دوران ملکی سیاسی، سکیورٹی اور معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال، دونوں جانب سے باہمی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 35 پولیو مہم

جائے گی، انسداد پولیو مہم میں گیارہ ہزار میڈیکل ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی۔

بقیہ 36 مشعال ملک

ملک نے کہا پہلگام واقعہ بھارتی ایجنسی "را" نے کرایا، اس سے قبل پٹھان کوٹ و دیگر واقعات بھی انڈین ایجنسیز نے کرائے، جعفر ایکسپریس ہو یا گجرات کے واقعات ہوں سب میں بھارت ملوث رہا ہے، کشمیری عوام کے پاس صرف ٹورازم کا شعبہ رہ گیا تھا وہ بھی چھین لیا گیا، کشمیریوں کی روایت ہے انہوں نے ہمیشہ اپنے مہمانوں، سیاحوں کو نقصان نہیں پہنچایا، کشمیریوں نے کرفیو کے دوران سیاحوں کو اپنے گھروں میں رکھا، خود کشمیری بھوکے رہے، سیاحوں کو کھانا کھلایا، مودی حکومت بہانہ بنا کر جنگ چھیڑنا چاہتی ہے، بغیر ثبوت بھارت نے پاکستان پر الزام عائد کیا، بھارت نے سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ توڑا، سندھ طاس معاہدہ معطل کرنا قابل مذمت ہے، بھارتی اقدام سے خطے کے امن کو خطرہ ہے۔

بقیہ 37 مشال یوسفزئی

کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کا زیراعتراض حکم قانون کی نظر میں برقرار نہیں رہ سکتا، ہائیکورٹ کا زیراعتراض حکم قانون اور ریکارڈ پر موجود حقائق کے منافی ہے، ہائیکورٹ کا فیصلہ ریکارڈ کے حقائق کے غلط و عدم مطالعے پر مبنی ہے، درخواست کے مطابق جیل حکام درخواست گزار کو مسلسل ہراساں کرنے کیساتھ بنیادی، قانونی و آئینی حقوق سلب کر رہے ہیں، ہائی کورٹ کا زیراعتراض حکم کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ 38 اسرائیل

کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ نے 15 مئی کو کوئٹہ کی سرزمین پر ہونے والے تاریخ ساز فقید المثال اسرائیل مردہ باد ملین مارچ کی تیاریوں کے سلسلے میں تحصیلوں اور یونٹوں کے دورے کا آغاز کردیا ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جمعیت علما اسلام کا ناقابل تسخیر قلعہ تھا اور رہے گا انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے فلسطین کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا اپنا ناپاک منصوبہ کو حتمی شکل دینے پر تلا ہوا ہے لیکن افسوسناک امر یہ کہ فلسطینی مسلمانوں کے قتل عام پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی وقت کا بدترین اور ناقابل معافی جرم اور ذلت آمیز شکست ہے انہوں نے کہا کہ 15 مئی کو اہل کوئٹہ اپنے فلسطینی بھائیوں کو توانا آواز بننے کے لیے امڈتے ہوئے سیلاب کی طرح ملین مارچ میں شرکت کریں گے 15 مئی کو 9 صوبائی حلقوں سے تاریخی جلوس کی صورت میں جمعیت کے ورکرز اور عوام الناس بھرپور شرکت کریں گے

بقیہ 39 مظاہر

الزامات لگانا تشویشناک ہے یکطرفہ سندھ طاس معاہدہ معطل کرنا جارحیت ہے کشیدگی کسی بھی صورت دونوں ممالک کے مفاد میں نہیں۔ بھارت کو تحمل اور دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کشیدگی سے گریز کرنا چاہیے پاکستان کی ایک کروڑ اقلیتی برادری پاکستان کی حفاظت وسلامتی کیلئے اپنی پاک افواج کے ساتھ ہیں۔

بقیہ 40 کسی صورت

حال کو بہتر بناتے ہوئے ملک کی ترقی عوام کی خوشحالی کے لئے اول دستے کا رول پلے کرتے ہوئے بلوچستان کی ترقی خوشحالی میں مثبت کردار ادا کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بی پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ میاں محمد یوسف، رجنبل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی صوبائی سینئر نائب صدر میر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے صوبائی وزیر ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ انٹی نارکوٹکس بلوچستان میر محمد خان لہڑی کا کہنا تھا کہ صوبے بھر میں منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام کے ساتھ ساتھ منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں منشیات نوجوانوں کو دیمک کی طرح چاٹ کران کی صلاحیتوں کو تباہ و برباد کررہی ہے

بقیہ 41 سلامتی

ہے، جسے بھارت کی جانب سے معطل کرنے کا اعلان نہ صرف قانونی طور پر ناقابل قبول ہے بلکہ اس سے بھارت کے جارحانہ عزائم بھی آشکار ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسے غیر ذمہ دارانہ اقدامات کے مقابلے میں پوری حکمت اور قانونی بنیادوں پر بین الاقوامی فورمز پر آواز بلند کرنی چاہئے سابق وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود، زمینی بارڈرز اور تجارتی پالیسی سے متعلق قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے داخلی خودمختاری کے تحفظ کی علامت ہیں

بقیہ 42 سلیم دھرپالی

گرفتاری اور رقم کی برآمدگی کے حوالے سے اقدامات اٹھائے، علامہ عبدالحکیم انقلابی، تفصیلات کے مطابق نصیر آباد میں ایک ہی روز دو ڈکیتی کی وارداتیں پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کی حدود میں ڈاکوؤں نے سلیم دھرپالی سے 15 لاکھ نقد جبکہ دوسری واردات میں نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ منگولی کی حدود میں نامعلوم ڈاکوؤں نے سبزی فروش بشیر احمد جو کرشہ کرآرہا تھا سے چالیس ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے دریں اثناء جمعیت علماء پاکستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری علامہ عبدالحکیم انقلابی نے دونوں وارداتوں کی مذمت کی ہے۔

بقیہ 43 مقدمہ درج

زمان چندرانی کی سربراہی میں ایس ایچ او صدر تھانہ غلام مصطفیٰ رند اور محمد صالح رند کی پولیس ٹیم نے ایک اور کامیاب کارروائی کرکے ملزم امان اللہ کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کے قبضے سے ایک عدد پسٹل برآمد اسلحہ آرڈیننس کے تحت مقدمہ درج کرکے حوالات میں بند کردیا گیا علاوہ ازیں ایک اور کارروائی میں مفرور ملزم امان اللہ کو گرفتار کرلیا گیا۔

بقیہ 44 جماعت اسلامی

کا بائیکاٹ بھی کریں گے۔ یہ ہڑتال بھرپور کامیاب پرامن اور تاریخی ہوگا۔ یہ فیصلہ 26 اپریل ہڑتال کے حوالے سے جماعت اسلامی کے امرائے اضلاع آن لائن اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں صوبہ بھر سے امرائے اضلاع شریک تھے امرائے اضلاع نے ہڑتال کی تیاریوں تاجروں دکانداروں سے ملاقاتوں تشہیر کے حوالے سے رپورٹ پیش کی امراء اضلاع نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان بھر میں جماعت اسلامی کے ہرسطح کے ذمہ داران ارکان وکارکنان مکمل نظم وضبط اور پرامن طریقے سے اس احتجاج میں شریک ہوں گے۔

بقیہ 45 بلوچستان

ہوگی تاجر برادری سے اپیل ہے کہ فلسطینی بھائیوں کے قتل عام کے مدنظر رکھتے ہوئے کاروبار بند کرکے اپنا اسلامی فریضہ ادا کریں یہ بات انہوں نے کوئٹہ شہر کے مختلف یونٹوں کے صدور اور جنرل سیکرٹریز سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ولی افغان سینئر نائب صدر حاجی نصرالدین کاکڑ چیئرمین حاجی فاروق شاہوانی نائب صدر میر محمد رحیم بنگلزئی حاجی یعقوب شاہ کاکڑ حاجی ظہور کاکڑ امرالدین آغا خان کاکڑ حاجی داؤد غلزئی ولی محمد ترین اقبال کاکڑ عبدالرحیم اچکزئی فرحان خان اور دیگر بھی موجود تھے اس سے قبل 26 اپریل کی شٹرڈاؤن ہڑتال سے متعلق کوئٹہ شہر کے شہریوں اور دکانداروں میں پمفلٹ بھی تقسیم کئے گئے اور کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع اور یونٹس کے صدور اور جنرل سیکرٹریز کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ 26 اپریل کی ہڑتال کو کامیاب بنانے میں کردار ادا کریں اور فلسطینیوں بھائیوں سے اظہار یکجہتی کا ثبوت دیں مسئلہ فلسطین پر اسلامی ممالک کی نمائندہ تنظیم او آئی سی کی خاموشی بھی مایوس کن اور شرمناک ہے او آئی سی اور اسلامی ممالک کو چاہئے تھا کہ وہ فلسطینیوں کی حمایت میں کھل کر آتے اور اسرائیل کو منہ توڑ جواب دیتے لیکن اسلامی ممالک اور او آئی سی کی خاموشی قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی تاجر برادری فلسطینیوں بھائیوں کے غم اور دکھ درد میں برابر کی شریک اور 26 اپریل بروز ہفتہ کو کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں شٹرڈاؤن ہڑتال ہوگی۔

بقیہ 46 بلوچستان

کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کم وسائل کے باوجود صوبے میں امن و امان کی بہتری اور جرائم پیشہ عناصر سمیت دہشتگردی کا قلع قمع کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کررہی ہے۔ امن وامان کے قیام کو مزید بہتر بنانے اور چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بلوچستان پولیس کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔

بقیہ 47 بھارت

جیسے اقدامات غیر ذمہ دارانہ ہیں، اگر ہندوستان فوجی زون میں اپنے لوگوں کو تحفظ نہیں دے سکتا تو باہر کی طرف انگلی اٹھانے کی بجائے اسے اندر کی طرف دیکھنا چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے جاری کردہ پیغام میں کیا نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ بھارت کا ایک اور فالز فلیگ آپریشن اس بات کی عکاسی کہ بھارت اشتعال انگیزی کے موڈ میں ہے ہندوستان کے پاس فالز فلیگ آپریشن سے متعلق کوئی ثبوت نہیں تھا یہ حربہ نئے نہیں ہے دنیا نے بار بار دیکھی ہے

بقیہ 48 چوری

اے ایس آئی سجاد بھی موجود تھے ایس پی سید عبدالصبور نے کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف سخت اقدامات کررہے ہیں پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کردیا انہوں نے کہا کہ پولیس نے ژوب سے گاڑیاں چوری کرنے میں ملوث گینگ جبکہ چوری کی وارداتوں میں ملوث 18 ملزمان کو گرفتار کرلیا

بقیہ 49 حکومت

اعلیٰ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو صوبے بالخصوص کوئٹہ شہر کے تمام روڈز اور پلوں کی موجودہ حالت کے بارے میں مکمل اور تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ کس طرح روڈز کی تعمیر اور لیپنگ سے بچایا جاسکتا ہے اور اسکے علاوہ روڈز کی لائنز کو دیر تک محفوظ رکھنے کیلئے سیوریج سسٹم میں بہتری لانے اور مین ہولز کی مرمت اور دیکھ بھال کرنے سے ہی روڈز ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہ سکتے ہیں علاوہ ازیں کوئٹہ شہر کے تمام پلوں کی مرمت اور دیکھ بھال کے حوالے سے بھی تجاویز پیش کی گئیں

بقیہ 50 بلوچستان

اور اداروں کی آمرانہ پالیسیوں کو عوام نے مسترد کرتے ہیں 26 اپریل کو غزہ کے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف ملک گیر سطح پر ہڑتال کی کال دی ہے بلوچستان کی تاجر تنظیموں نے حمایت کردی ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، مولانا عبدالحق ہاشمی، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، مطیع اللہ اخوندزادہ، زاہد اختر بلوچ، مرتضیٰ سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔

بقیہ 51 یونیورسٹی

او آئی سی کے مختلف رکن ممالک جیسے ترکیہ، سعودی عرب، بنگلہ دیش، قازقستان اور یوگنڈا کے نمائندوں نے کامسیٹس یونیورسٹی (سی یو آئی) کے اسلام آباد کیمپس کا دورہ کیا، جو کامسٹیک سیکرٹریٹ اسلام آباد کی معاونت سے ممکن ہوا سی یو آئی کامسٹیک کنسورشیم سینٹرز آف ایکسیلنس کا رکن ہے۔ کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ساجد قمر اور دیگر سینئر حکام نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ کیمپس کے دورے کے دوران وفد نے طلباء کے لئے دستیاب مختلف سہولتوں کا جائزہ لیا، جن میں جنید زیدی سنٹرل لائبریری بھی شامل تھی۔ مزید برآں، لائبریری کے اندر واقع خدوخال آرٹ گیلری میں اسلامی خطاطی کی ایک دلکش نمائش بھی پیش کی گئی اس کے علاوہ، وفد کو کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کی تعلیمی اور تحقیقی صلاحیتوں پر ایک تفصیلی بریفنگ دی گئی

بقیہ 52 طلبہ

مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی دورے کے دوران رکن صوبائی اسمبلی نے تدریسی عمل کا جائزہ لیا اور اساتذہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی انہوں نے طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایت بھی دی انہوں نے کہا کہ کوالٹی ایجوکیشن کی فراہمی اور کالج مسائل اور مشکلات کے حل سے متعلق ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 53 علی حسن زہری

حب میر علی حسن زہری کی بلوچستان میں زرعی شعبے کی ترقی کیلئے کوششوں اور ضلع حب میں ترقیاتی کاموں سے متعلق وژن کو سراہا جام کمال خان عالیانی نے صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کو یقین دہانی کرائی کہ علاقائی ترقی کیلئے مل کر کام کریں گے صوبائی وزیر میر علی حسن زہری نے ضلع حب اور بلوچستان کی ترقی کیلئے جام کمال کے تعاون اور وژن کو دوررس نتائج کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ جام کمال ہمارے بڑے ہیں انکی کمیٹڈ لائن پرضلع حب اور بلوچستان کی ترقی کیلئے کام کریں گے جام کمال کے وزارت اعلیٰ کے دور میں شروع ترقیاتی منصوبوں کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے اس موقع پر ڈپٹی میئر میونسپل کارپوریشن حب حاجی محمد عظیم سنیاں تصور اقبال جام گروپ کے کونسلر سیف اللہ شیخ ودیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 54 پاکستان

کے تحت 8 لاکھ 57 ہزار 157 افراد کو اپنے ملکوں میں واپس بھیجا گیا، غیر ملکیوں میں بڑی تعداد افغان باشندوں کی تھی، نہایت احترام کے ساتھ افغان باشندوں کو گھر چھوڑ کر آرہے ہیں، پاکستان نے افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو 31 مارچ تک رضاکارانہ واپس جانے کی ہدایت دی، یکم اپریل سے ڈیڈلائن ختم ہونے کے بعد بے دخلی کا سلسلہ شروع ہوا

بقیہ 55 ایجنسیوں

امین کا تعلیمی وپیشہ وارانہ تجربہ دیگر امیدواروں سے بہتر ہیں، سلمان امین چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں، وزارت خزانہ میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔

بقیہ 56 معصوم

کا معمہ حل کردیا، خضدار سٹی پولیس کی فوری کارروائی نے عوام کے اعتماد کو بحال کردیا ہے۔

بقیہ 57 عالمی تجارت

سے ملاقات میں اقتصادی ترقی کے سفر میں سعودی عرب کی طویل مدتی حمایت، بالخصوص آئی ایم ایف پروگرام میں معاونت پر اظہار تشکر کیا، اورنگزیب کی اماراتی وزیر مملکت مالی امور محمد بن ہادی الحسینی سے بھی ملاقات ہوئی، مفاہمتی یادداشتوں کو عملی معاہدوں میں بدلنے کی ضرورت پر زور دیا گیا، سینیٹر اورنگزیب نے سینٹر فار گلوبل ڈویلپمنٹ کے تحت مذاکرے سے خطاب میں کہا عالمی تجارت میں تناؤ کے باعث علاقائی تجارت اور مختلف ممالک میں دو طرفہ تجارت کی اہمیت بڑھے گی

بقیہ 58 محکمہ خزانہ

کو محکمہ خزانہ سے واپس سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (S&GAD) بھیج دیا گیا ہے، ان ملازمین کی موجودگی محکمے کی کارکردگی پر منفی اثر ڈال رہے تھے محکمہ خزانہ کے مطابق یہ فیصلے میرٹ، شفافیت اور پیشہ ورانہ معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے اٹھائے گئے ہیں ان اقدامات کا مقصد محکمانہ نظم و ضبط کو بہتر بنانا اور بجٹ سازی جیسے اہم قومی عمل کو زیادہ موثر اور شفاف بنانا ہے

بقیہ 59 پانی

میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ زراعت اور معدنیات کی محاصل کو ہمارے صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور صوبے کی کثیر تعداد میں عوام کا ذریعہ معاش اس سے وابستہ ہیں دونوں شعبوں کی بہتری کیلئے کوشاں رہیں گے زرعی شعبے میں پانی کی قلت دور کرنے کیلئے ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کیلئے ہماری حکومت نے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں جو زیادہ بنجر زمین کو زیرکاشت لانے میں معاون ثابت ہونگے نئے آنے والے بجٹ 2025-26، میں زراعت اور مائننگ کی فروغ ہماری ترجیحات میں شامل ہے اس کے علاوہ صوبے کے تمام اضلاع کی بنیادی ضروریات کیلئے آنے والے بجٹ میں فنڈز رکھے جائیں گے۔

بقیہ 60 پاکستان

اور نظام جب تک آئین کے تحت نہیں چلے گا بہتری نہیں آئے گی، حکومت اگر کینال بنانا چاہتی ہے تو مسئلے کو سینٹ، قومی اسمبلی میں اٹھانا چاہیے تھا، بلوچستان کا نوجوان کیوں ہتھیار اٹھاتا ہے، قانون کی بالادستی کے ذریعے پریشانیوں کو ختم کرسکتے

بقیہ 61 پاکستان

ختم کرکے پاکستان پر براہ راست حملہ کیا ہے۔ بھارت پانی بند کرکے پاکستان کو بنجر بنانا چاہ رہا ہے پانی بند کرنا بھارت کی کھلی دہشت گردی ہے پاکستان مرکزی مسلم لیگ بھارتی دہشت گردی کا منہ توڑ جواب دیتی ہے: پاکستان کی حکومت اور پاک افواج کی مکمل حمایت کرتے ہیں پاکستان مرکزی مسلم لیگ اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ ایک دہشت گرد ریاست جس کا نام بھارت ہے اس کے خلاف کارروائی کرے یو این پاکستان کا ساتھ دے ورنہ پاکستان کا بچہ بچہ احتجاج میں شامل ہو کر بھارت کی سازش کو بے نقاب کریں گے بھارت مکار دشمن ہے مسلمانوں پر ہندوستان کی سرزمین تنگ کی جارہی ہے

بقیہ 62 ہفتہ

کا بحران شدت اختیار کرگیا، سرکاری محکموں میں آفیسران 11 بجے سے 12 بجے کے دوران بیٹھتے ہیں تو دوسری جانب ہفتہ اور اتوار چھٹی کی بھی انہیں مہلت دی گئی ہے، اس طرح سول سیکرٹریٹ میں وزراء اور بیوروکریسی خود وقت کے پابند تو کجا ہفتوں بھر اپنے سیٹوں پر بھی موجود نہیں رہتے جس کی وجہ سے درجنوں سائلین کے مسائل میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے بتایا ہے کہ صبح 9 بجے تمام سرکاری افسران اور اسٹاف کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 63 ایشیائی ترقیاتی بینک

پروگرام کے ذریعے بہتر غذائیت تک رسائی میں اضافہ کیا جائے گا، وسطی مغربی ایشیا کو اب بھی ترقیاتی تفریق اور سماجی بہبود کے چیلنجز کا سامنا ہے، افغانستان، کرغزستان اور پاکستان کو بلند غربت اور خدمات تک محدود رسائی جیسے مسائل درپیش ہیں، رپورٹ کے مطابق اے ڈی بی نے 2024 میں رکن ممالک کو 40 ارب ڈالر کے قرضے دیے، پاکستان کو 2 ارب 99 کروڑ ڈالر سے زائد کی فنانسنگ کی گئی، موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے 50 کروڑ ڈالر فراہم کیے گئے۔

بقیہ 64 اراکین کا متفقہ

سے آگاہ کریں گی جو بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو وطن میں سرمایہ کاری اور مختلف ممالک میں پاکستانی محنت کشوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے کے سلسلے میں اٹھائے جارہے ہیں کمیٹی اجلاس میں وزارت سمندر پار پاکستانی کی مختلف تجاویز زیرغور آئیں، جن میں خیبر پختونخوا حکومت کی طرز پر بیرون ملک مقیم پاکستانی محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ کو صحت کارڈ کی سہولت فراہم کرنے کی تجویز اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (OPF) کی جانب سے حالیہ کامیاب کنونشن کے انعقاد، کارکردگی، اور ای او بی آئی سے متعلق مقدمات کی زیر التوا صورتحال شامل تھیں۔

بقیہ 65 میر سرفراز بگٹی

یاد دلاتا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کا حل ہمارے اختیار میں ہے اس عالمی مسئلے کا حل صرف اجتماعی کوششوں سے ممکن ہے ہمیں آلودہ ایندھن کے استعمال کو ختم کرکے شمسی توانائی، ہوا، اور پن بجلی جیسے صاف اور قابل تجدید توانائی ذرائع کو اپنانا ہوگا۔ نسیم الرحمٰن ملاخیل نے کہا کہ پاکستان، خاص طور پر بلوچستان، موسمیاتی تبدیلی کے محاذ پر کھڑا ہے اور اس کے خطرناک اثرات جیسے شدید سیلاب، طویل خشک سالی، شدید گرمی کی لہریں اور گلیشیئرز کے پگھلاؤ جیسے مسائل کا سامنا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارتھ ڈے ایک موقع ہے کہ ہم ان بڑھتے ہوئے خطرات پر سنجیدگی سے غور کریں اور تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول حکومت، سول سوسائٹی، نوجوان، اور نجی شعبے کو ساتھ ملاکر ماحول دوست اقدامات کو تیز کریں۔

بقیہ 66 سعودی عرب

کیے گئے، فیک پاسپورٹ والوں کو سعودی عرب نے افغانستان ڈی پورٹ کیا، گجرات، گوجرانوالہ اور خیبر پختونخوا سے بڑی تعداد میں فیک پاسپورٹ جاری کیے گئے، ممبر لیگل نادرا نے کہا 2023 کے سسٹم میں بڑی مداخلت ہوئی، جے آئی ٹی بنی اور پھر سسٹم سکیورٹی بہتر ہوئی، حکام نے کہا پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کے 35 افسر فیک پاسپورٹ کے اجراء پر فارغ ہوئے

بقیہ 67 کاروبار

عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، روشان، عنایت درانی سید شاہ رضا، حسن آغا، محمد یار غلزئی علی احمد قریش، وہاں علی کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے جماعت اسلامی کی جانب سے غزہ کے مسلمانوں کے حق میں ملک گیر سطح پر شٹر ڈاؤن ہڑتال کرنے کے حوالے سے بلوچستان میں ہڑتال کی درخواست کی جس پر انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ اور دیگر نے ان کی کال کی حمایت کرتے ہوئے 26 اپریل کو بلوچستان بھر میں ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ 26 اپریل کو اپنا کاروبار اور دکانیں بند رکھ کر فلسطینیوں سے یکجہتی کا ثبوت دیں تاکہ ہڑتال کو کامیاب بنایا جاسکے اور غزہ مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیا جائے

بقیہ 68 محکمے

ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد نے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے جاری کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک قومی مسئلہ ہے اور اس موذی مرض سے اپنے بچوں کو محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں اور اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کریں اور ویکسینیشن مہم کو موثر بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں

بقیہ 69 امریکہ

پرامن اور مساوی بات چیت کے ذریعے اختلافات کو حل کرنے کا راستہ تلاش کرنا چاہیے، یکطرفہ ٹیرف میں اضافہ امریکہ نے شروع کیا اگر وہ واقعی مسئلہ حل کرنا چاہتا ہے تو بین الاقوامی برادری اور ملکی سٹیک ہولڈرز کی بات پر دھیان دے۔

بقیہ 70 کشمیر

ہوئی تھیں یہ وہ اسلحہ ہے جو امریکی فوج افغانستان میں چھوڑ کر گئی تھی جن لوگوں کو پہلگام میں ٹارگٹ کیا گیا ہے ان میں سے بیشتر بھارتی سکیورٹی ایجنسی سے منسلک تھے غیر معروف عسکریت پسند گروپ کشمیر ریزسٹنس نے ایک سوشل میڈیا پیغام میں کشمیر میں اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے اور اس بات پر اعتراض اٹھایا ہے کہ پچاسی ہزار سے زائد آؤٹ سائیڈرز کو کشمیر میں لاکر آباد کیا گیا ہے تاکہ کشمیر کی آبادی کے تناسب میں تبدیلی لائی جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار محمد عبدالقادر نے کہا کہ حملہ آوروں کے گروپ نے اپنے بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ جن لوگوں کو پہلگام میں ٹارگٹ کیا گیا وہ بھارتی سکیورٹی ایجنسی سے منسلک تھے اور انڈر کور ایجنٹ کا گروپ تھا جو وہاں ریسرچ کرنے آیا تھا

بقیہ 71 شٹرڈاؤن

سید عبدالقیوم آغا، آل بلوچستان پراپرٹی اینڈ بلڈرز ایسوسی ایشن کے صدر امیر حمزہ غلزئی، قلعہ سیف اللہ کے صدر مولوی شمس الدین جوگیزئی، انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمیداللہ محمد زئی، سبی کے صدر طارق حمید بلوچ، نوشکی کے صدر وحید جان بلوچ، ڈسٹرکٹ خاران کے صدر منیر بلوچ، خانوزئی کے صدر اخوانزادہ مصلح الدین کاکڑ، چیئرمین دوست محمد، سرپرست ڈاکٹر زین العابدین، جنرل سیکرٹری جمشید کاکڑ، وکی کے صدر شاہ محمد ناصر، زیارت کے صدر حاجی عبدالمنان کاکڑ، سنجاوی کے چیئرمین جمعہ خان دمڑ، لورالائی کے صدر ملک اختر گل، صوبائی ترجمان کاشف حیدری، سیکرٹری اطلاعات سیف الدین نثار، ملک خان ولی ناصر، سید کمال آغا، ثنا آغا، حاجی موسیٰ جان غلزئی، حاجی محمد زاہد عبدالمنان ترین، احسان اللہ غلزئی، الیاس علی، جان محمد ہزارہ، سلیمان علی و دیگر گزشتہ روز آن لائن اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

بقیہ 72 غیر قانونی

قانونی طریقہ کار مکمل کرکے تمام افراد کو افغانستان بھیج دیا جائے گا۔

بقیہ 73 تعلیم

لیکن کسی کی شنوائی نہیں ہوئی ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ معاہدے کے تحت محکمہ تعلیم کی جانب سے ان کے گھر کے ایک فرد کو ملازمت دینے کی یقین دہانی کرائی گئی تھی مگر وہ وعدہ بھی وفا نہ ہوسکا واقعہ کے بعد صوبائی وزیرصحت بخت محمد کاکڑ نے فوری طور پر عمارت کے مالک سے رابطہ کیا اور اسکول کا کرایہ اپنی ذاتی جیب سے ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی وزیرصحت کا کہنا تھا کہ تعلیم اور صحت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

بقیہ 74 نالیوں

مرکزی کمیٹی کے رکن عبدالعلی اچکزئی، ضلعی معاون سیکرٹری امین اللہ صاحب، اور یونٹ سیکرٹری حاجی عبدالرازق نے بھی خطاب کیا تقریب کا آغاز دونوں ترقیاتی اسکیمات کے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح سے ہوا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ہمیشہ اپنے عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دی ہے، اور سماجی بہبود کے ہر شعبے میں بڑھ چڑھ کر کردار ادا کیا ہے۔ آج ان دونوں عوامی منصوبوں کا افتتاح اس بات کا ثبوت ہے کہ اس حلقے میں ماضی میں بھی تعلیم، صحت، آب نوشی، سڑکوں اور نالیوں کی تعمیر جیسے اہم شعبوں میں بے مثال ترقیاتی کام ہوئے ہیں

بقیہ 75 بھارت

نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے فیصلے پاکستان کے مضبوط عزم اور بھارت کے ہرقسم کی جارحیت کا جواب دینے کی صلاحیت رکھنے کی عکاسی کرتے ہیں پوری قوم ان فیصلوں کے ساتھ ہے اور اپنی حکومت و افواج کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جعفر ایکسپریس کے واقعے سے متعلق حقائق اقوام متحدہ میں پیش کیے، بھارت ہمیشہ صرف بلیم گیم کھیلتا ہے، ہماری بہادر مسلح افواج ہر قسم کے چیلنج کے لئے تیار ہیں

بقیہ 76 ملت

اور جمہوری اقدار کی علمبردار رہی ہے۔ ہمارے بزرگوں نے آزادی کے بعد سے لے کر آج تک جتنے بھی سیاسی نشیب و فراز دیکھے، ان میں جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اصولوں کو ترجیح دی، اقتدار کی ہوس سے خود کو بچایا، اور قوم کے نظریاتی و فکری مفادات کا سودا نہیں کیا۔ ہم نے سیاست کو محض ایک ظاہری عمل نہیں، بلکہ عبادت سمجھ کر اپنایا اور آمریت ہو یا سامراجیت، ہر فتنہ پر للکار کر کہا کہ ہم حق کے ساتھ ہیں انہوں نے مزید کہا کہ آج جب پاکستان کو ایک بار پھر سیاسی انارکی، معاشی بدحالی اور نظریاتی ابہام کا سامنا ہے، تو جمعیت علماء اسلام ایک بار پھر میدان عمل میں ہے سینہ سپر، یکسو، اور عزم صمیم کے ساتھ۔ ہم وہ کارواں ہیں جو کسی کے اشارے پر نہیں، نہ کسی کے دباؤ میں جھکتے ہیں ہماری قیادت نظریاتی ہے، ہمارا سفر مقصدی ہے، اور ہماری تحریک ایمانی جذبے سے لبریز ہے

بقیہ 77 خزانہ

سرپلس رہا جبکہ براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا، اسٹیٹ بینک ذخائر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جولائی تا مارچ ترسیلات زر 33.2 فیصد اضافے سے 28 ارب ڈالرز سے زائد رہیں

بقیہ 78 اسرائیل

تقریب منعقد ہوگی جس میں تمام مسلمانوں سے شرکت کی اپیل ہے انہوں نے کہا کہ صیہونی ریاست نے فلسطین میں دہشتگردی اور وحشت سے انسانیت کی تمام حدیں پار کردی ہیں اب تک فلسطینیوں کی خون سے ان کی پیاس نہیں بجھی۔ مسلسل بچوں اور عورتوں پر بمباری کرکے وحشت کی انتہا کردی ہے اقوام متحدہ، انسانی حقوق کی عالمی ادارے اور بین الاقوامی برادری اسرائیلی مظالم پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے ہیں فلسطین میں اب تک وہی لاشیں پڑی ہوئی ہیں کہ اسرائیل نے پھر معاہدہ توڑ کر غزہ پر بمباریوں سے وحشت کی انتہا کردی انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی بے دریغ بمباریوں اور مظالم نے عالم اسلام کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے

سندھ طاس معاہدہ انٹرنیشنل، بھارت کی جانب سے معطلی قبول نہیں، علی مردان ڈومکی

معاملے پر پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے جو جرات مندانہ اقدامات اٹھائے وہ قومی مفاد و علاقائی امن کیلئے انتہائی ناگزیر تھے، سابق وزیراعلیٰ

بھارت کے جارحانہ عزائم آشکار، ایسے فیصلوں میں پارلیمنٹ صوبوں اور قومی قیادت کو ساتھ لے کر چلنا بہتر حکمرانی کا مظہر ہوگا

بلوچستان کی سرزمین حب الوطنی کی علامت عوام ہر اس اقدام کے ساتھ ہیں جو ملکی بقا، سالمیت اور استحکام کیلئے اٹھایا جائے، بھارتی اعلان پر ردعمل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے جو ٹھوس اور جرات مندانہ اقدامات اٹھائے ہیں وہ قومی مفاد اور علاقائی امن کیلئے انتہائی ناگزیر تھے اپنے ایک بیان میں میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ ایک بین الاقوامی .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر علی حسن زہری بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبے کے شہری علاقوں میں روڈز مکمل ہونے کے بعد میٹروپولیٹن کے حوالے کیے جائیں، سلیم کھوسہ

روڈز کی کوالٹی و لائف محفوظ رکھنے کیلئے سیوریج سسٹم میں بہتری لانے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

اوورلیپنگ گڈ گورننس میں بڑی رکاوٹ اگر محکمے اپنے دائرے میں رہ کر کام کریں تو مسائل حل ہو سکتے ہیں، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت صوبے کے روڈز اور پلوں کی دیکھ بھال اور مرمت کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر سیکرٹری خزانہ عمران زرکون ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ سعد بن اسد ڈویلپمنٹ آفیسر کوئٹہ ظہور احمد کے علاوہ سپرنٹنڈنٹ انجینئرز اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دیگر.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، گاڑیاں چوری کرنے والے گینگ سمیت 18 لٹیروں کو گرفتار کر لیا، ایس پی

ژوب (آن لائن) ایس پی سید عبدالصبور نے کہا ہے کہ گاڑیاں چوری کرنے میں ملوث گینگ سمیت 18 لٹیروں کو گرفتار کر لیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان پولیس کمپیوٹرائزیشن کے جدید دور میں داخل ہو چکی ہے، معظم جاہ انصاری

کم وسائل کے باوجود دہشتگردی ختم کر کے امن کی بحالی کیلئے متحرک کردار ادا کر رہے ہیں، آئی جی

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات دینے کیلئے بلوچستان پولیس کا ریکارڈ جدید ٹیکنالوجی سے منسلک کیا جا چکا ہے جو کہ محکمے کی کارکردگی میں معاون اور مددگار ثابت ہوگا اور اس سے جرائم کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد محمد ادریس خان سے سینٹرل پولیس آفس میں ملاقات کرتے ہوئے.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد امن وامان کی صورتحال ابتر، ایک ہی روز میں ڈکیتی کی دو بڑی وارداتیں

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں امن وامان کی صورتحال خراب ہوتے ایک ہی روز میں ڈکیتی کی دو بڑی وارداتیں ڈاکو لاکھوں روپے نقدی اور موبائل فون ... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار فیصل جمالی سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

سائرن ٹریفک حادثہ میں 1 شخص جاں بحق، 3 زخمی

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج تربت کا دورہ

رکن اسمبلی کا تدریسی عمل کا جائزہ، اساتذہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کی ہدایت

بھارتی الزامات اپنی ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کے علاوہ کچھ نہیں، جمال رئیسانی

کسی بھی مہم جوئی، جارحیت یا خلاف ورزی پر سخت جواب دیا جائے گا، رکن اسمبلی

... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار پولیس کی کارروائیاں میں 2 ملزمان گرفتار، منشیات برآمد

... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کا بحرانوں سے دوچار ہونا ملک کیلئے باعث تشویش ہے، لیاقت بلوچ

بلوچستان میں لوگ اپنے پیاروں کیلئے سراپا احتجاج لیکن کوئی سننے والا نہیں ہے، مرکزی نائب امیر

مقبوضہ کشمیر پہلگام میں بے گناہ انسانوں کا قتل قابل مذمت، وادی میں 8 لاکھ قابض فوج موجود ہے

... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کل ملک گیر شٹر ڈاؤن کا مقصد اہل غزہ سے یکجہتی کا اظہار کرنا ہے، جماعت اسلامی

... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

او آئی سی کو اسرائیلی جارحیت و مظالم پر خاموشی سمجھ بالاتر ہے، رحیم آغا

تاجر برادری کل اپنا کاروبار مکمل بند رکھ کر فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کا ثبوت دے، انجمن تاجران

... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

علی حسن زہری کی اسلام آباد میں جام کمال خان سے ملاقات

وفاقی وزیر کی صوبائی وزیر کو بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے مل کر کام کرنے کی یقین دہانی

... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی تجارت میں نئے خطرات، تجارت کی اہمیت بڑھ گئی ہے، سینیٹر اورنگزیب

چینی وزیر خزانہ لان فوان سے ملاقات، پانڈا بانڈ کے اجراء کے آگے بڑھانے کیلئے پیپلز بینک آف چائنا سے تعاون کی درخواست کردی

سعودی عرب کے منصب العالی سے ملاقات میں اقتصادی ترقی کے سفر میں طویل مدتی حمایت، بالخصوص آئی ایم ایف پروگرام میں معاونت پر اظہار تشکر

... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ایگزیکٹو کونسل کے صدر میر شکرکے ساتھ مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کی گروپ فوٹو

پاکستان آنے کیلئے جو اصول دنیا کیلئے ہیں، افغان شہریوں کیلئے بھی وہی ہیں، طلال چوہدری

ون ڈاکومنٹ پالیسی کے تحت 8 لاکھ 57 ہزار 157 افراد کو اپنے ملکوں میں واپس بھیجا گیا، بڑی تعداد افغان باشندوں کی تھی

نہایت احترام کے ساتھ افغان باشندوں کو گھر چھوڑ کر آرہے ہیں، دوبارہ پاکستان آنا چاہیں تو ویزا لیکر آ سکتے ہیں، وزیر مملکت

... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچے عتیق الرحمٰن کے قتل کا معمہ حل، مرکزی ملزم گرفتار

گرفتار ملزم نے تفتیش کے دوران اعتراف جرم کر لیا، ایس ایچ او سٹی

... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج کے دورے کے موقع پر کالج کے پرنسپل اور اساتذہ سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی وزراء اور افسران کی عدم دلچسپی، سیکرٹریٹ کے ملازمین پریشان

... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل فلسطینیوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے پر تلا ہوا ہے، حافظ حسین احمد شرودی

فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی اور انسانیت کا قتل عام پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی بدترین اور ناقابل معافی جرم ہے

... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کوئٹہ کا بھارتی آبی جارحیت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

بھارت نے سندھ طاس معاہدہ ختم کر کے پاکستان پر براہ راست حملہ کیا ہے، مقررین

... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محکمہ خزانہ نے جامع و انقلابی اصلاحاتی اقدامات کا آغاز کر دیا

... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں نوجوانوں کی صلاحیت کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے، ... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

منشیات فروشوں کی سرکوبی کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، محمد خان لہڑی

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں منشیات کا خاتمہ بنیادی حیثیت رکھتا ہے، صوبائی وزیر ایکسائز

... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کا ذریعہ معاش معدنیات و زراعت سے وابستہ ہے، صوبائی وزیر خزانہ

بجٹ 26-2025 میں زراعت، مائننگ کے شعبوں کی بہتری اولین ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی

... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

مشال یوسفزئی نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا

... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کے 51 سے 100 فیصد شیئرز فروخت کرنے کا فیصلہ

بھارت کی جانب سے بغیر ثبوت الزامات تشویشناک ہیں، ڈپٹی اسپیکر

... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سول سروس اکیڈمی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

12 ہزار افغان باشندوں کا پاکستانی دستاویزات استعمال کر کے سعودی عرب جانے کا انکشاف

سعودی عرب نے افغانستان ڈی پورٹ کیا، گجرات، گوجرانوالہ اور خیبرپختونخوا سے بڑی تعداد میں فیک پاسپورٹ جاری کیے گئے

2023 کے سسٹم میں بڑی مداخلت ہوئی، ڈی جی پاسپورٹ

... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی کا اجلاس

... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

موسمیاتی تبدیلی کا حل ہمارے اختیار میں ہے، صوبائی مشیر کلائمیٹ چینج و ماحولیات

... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے 33 کروڑ ڈالر اضافی امداد کا اعلان کر دیا

اضافی امداد کے ذریعے بچوں، نوجوانوں کی تعلیم کیلئے مشروط نقد منتقلی فراہم، بہتر غذائیت تک رسائی میں اضافہ کیا جائے گا

پاکستان کو 2 ارب 99 کروڑ ڈالر سے زائد کی فنانسنگ، موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے 50 کروڑ ڈالر فراہم کیے گئے

... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈویژنل سیکرٹری اور دیگر تقریب میں شریک ہیں

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی بجٹ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پہلگام واقعہ بھارت کی انٹیلی جنس کی ناکامی ہے، محمد عبدالقادر

بھارت ساؤتھ ایشیا میں جو کردار ادا کر رہا ہے اس کو پوری دنیا جانتی ہے، سینیٹر

... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کا تمام ممالک پر ٹیرف ختم کرنے کا امکان

... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم ایوننگ ریویو اجلاس

پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کرم میں فریقین کے تمام بنکر گرا دیئے گئے، ڈی جی پی

... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کی جماعت اسلامی کی کال پر کل شٹر ڈاؤن کی حمایت

... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدے کی معطلی قابل مذمت فعل ہے، علی مدد جتک

... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ تعلیم کی بے حسی، کرایہ ادا نہ کرنے پر مالک نے سیٹلائٹ ٹاؤن ماڈل اسکول ابراہیم زئی کو تالا لگا دیا

... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی رہائش پذیر افغان شہریوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز

... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

کل گوادر سے آزاد کشمیر تک ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، مرکزی تنظیم تاجران

... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، محکمہ ثقافت کے زیر اہتمام تقریب میں شرکاء کا گروپ فوٹو

عوامی خدمت کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا، پشتونخوا نیپ

پارٹی نے ہمیشہ اپنے عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دی ہے، نصراللہ زیرے

... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل نے فلسطین میں زندگی کی تمام حدیں پار کر دیں، مولانا قادر لونی

قوام متحدہ، انسانی حقوق کی تنظیمیں عالمی ادارے اور اسرائیلی مظالم پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں

... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ سے قبل ملک میں مہنگائی میں اضافے کا خدشہ

مئی میں مہنگائی کی شرح 3 سے 4 فیصد کے درمیان رہنے کی توقع

... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری قیادت نظریاتی اور تحریک ایمانی جذبے سے سرشار ہے، مولانا عبدالواسع

... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر